کمالاتِ سلیمانی

بفضلِ یزدانی و عنایاتِ سُبحانی۔ تعویذات لاثانی و عملیات
رُوحانی و طب جسمانی و طب خلوت اور جادو ٹونے کا توڑ
پر مکمّل کتاب علیٰحدہ علیٰحدہ چھ حصّوں میں مکمّل سیٹ

مرتّبہ

ابوالحامد سیّد ظہُور احمد شاہ جہانپوری

پبلشرز

مُشتاق بُک کارنر — الکریم مارکیٹ — اُردو بازار — لاہور

جملہ حقوق بحق پبلشرز محفوظ ہیں

نام کتاب ـــــ کمالاتِ سلیمانی
مرتب ـــــ سیّد ظہور احمد جہانپوری
زیر اہتمام ـــــ سلمان منیر
ناشر ـــــ مشتاق بک کارنر لاہور
پرنٹرز ـــــ اسلم عصمت لاہور
قیمت 160 روپے

کمالاتِ سلیمانی

کامل

ستاروں اور برجوں کی تاثیرات ۔ ساعت سعد و نحس ۔ سنکرانت معلوم کرنے کا قاعدہ ۔ لگن دریافت کرنے کا قاعدہ ۔ بروج کے منسوب جاننے کا قاعدہ ۔ جدول منسوبات سیارگان ۔ سبع سیاروں کی گردش سے ساعت نیک و بد معلوم کرنے کا قاعدہ ۔ بروج کی خاصتیں جاننے کا قاعدہ ۔ دائرہ تاریخہائے سعد و نحس ۔ فتوح تسخیر امراد سلاطین کے عملیات کی شرحیں ۔

مترجم

ابو الحامد سیّد ظہور احمد شاہ جہانپوری

مشتاق بک کارنر ۔ الفضل مارکیٹ اردو بازار لاہور

پہلا باب

آپ کو معلوم ہونا چاہیئے۔ کہ باری تعالےٰ عزاسمہ کے ننانوے نام ہیں جن کو اللہ تعالےٰ نے اپنے کلام پاک میں واللہ الاسماء الحسنیٰ کے الفاظ سے بیان فرمایا ہے۔ یہ اسماء تین قسم کے ہیں۔

۱- جمالی ۲- جلالی ۳- مشترک

پس ضروری ہے کہ ہر کام کے آغاز کے وقت اسمائے مبارکہ پر غور کرے اور دیکھے کہ کون سا اسم کس کام سے تعلق رکھتا ہے۔ پھر اپنے نام کے موافق کوئی نام ان اسماء میں سے لے کر مجموعہ کے اعداد کے مطابق طالب اللہ تعالےٰ کے نام کا ورد کرے تاکہ مقصد حاصل ہو۔

مگر پیشتر ازیں حروف تہجی کے اعداد کا قاعدہ بیان کرتا ہوں تاکہ طالب تمام قواعد پر قادر ہو اور علاوہ ازیں خدا کے اسمائے مبارکہ کے مؤکلات کی تشریح بھی کرتا ہوں کہ کوئی مشکل پیش نہ آئے۔ تاکہ اعداد نکالنے میں آسانی ہو۔

حروف اور ان کے موکلوں کو سمجھ لینے کے بعد اب حروف کی طبائع اور ان کی سمتوں کا جان لینا ضروری ہے چنانچہ وہ یہ ہے۔

سب آتش حروف:-

ل - ھ - ط - م - ت - ض - ذ مشرقی ہیں یعنی ان کی سمت مشرق ہے۔

سب خاکی حروف:-

ب - د - ی - ن - ص - ت - ض جنوبی ہیں۔

سب بادی حروف:-

ج - ز - ک - س - ق - ث - ظ مغربی ہیں۔

سب آبی حروف:-

ح - ل - ع - ر - خ - غ شمالی ہیں۔

حروف تہجی کا قاعدہ شرع و بسط کے ساتھ دریافت کر لینے اور ان کے موکلوں کے نام سمجھ لینے کے بعد اب اللہ تعالےٰ کے اسمائے مبارکہ کی طرف آیئے۔ جو قرآن مجید میں جگہ بجگہ آئے ہیں۔ اور ان کی تعداد ننانوے (۹۹) ہے۔ جو کہ بھلائی اور خیر سے معمور ہیں۔ جن نام سے چاہیں

اللہ تعالیٰ کو پکاریں۔ سب مرادیں بر لائے گا۔ اگر کوئی شخص ان اسمائے مبارکہ میں سے کسی ایک ہی اسم کا عامل ہو جائے۔ تو وہ دین و دنیا کے تمام حکام پر حاکم ہو جائے اور وہ کسی طرح بھی محتاج اور لاچار نہ رہے گا۔

خدا کے اسماء کے اسناد بیان کرنے کی کسی کو تاب و طاقت نہیں۔ ملائکہ مقربین بھی عاجز ہیں۔ پھر میری کیا مجال کہ کچھ بیان کر سکوں۔ صرف دل کی تسلی اور دنیاوی مطالب کے متعلق جس قدر بھی ان کے اسناد کمترین تک پہنچے ہیں تحریر کرتا ہوں۔ اب ان کی تشریح بیان کی جاتی ہے۔

اسماء حسنیٰ	معنی	اعداد	جلالی جمالی مشترک	مواکیل	عناصر
الملک	بادشاہ مطلق	۹۰	مشترک	یاخورائیل اہرائیل	خاکی
القدوس	بادشاہ پاک	۱۷۰	جمالی	یاہمرائیل عطرائیل	خاکی
السلام	ہمیشہ قائم بے عیب	۱۳۱	ایضاً	یاردہائیل ہمرائیل	آتشی
المؤمن	بے خوف کرنیوالا	۱۳۶	جمالی	یاردہائیل خورائیل	خاکی
المھیمن	سچا گواہ	۱۴۵	جمالی	یاکلکائیل سرکیطائیل	آتشی
العزیز	غالب	۹۴	جمالی	یالوہائیل عزائیل	آتشی
الجبار	زور کرنیوالا	۲۰۶	جلالی	یاکلکائیل عطرائیل	آتشی
المتکبّر	صاحب غرور	۶۶۲	جلالی	یاردہائیل اہرائیل	خاکی
الخالق	پیدا کرنیوالا	۷۳۱	جلالی	یامیکائیل خورائیل	خاکی
البادئ	پیدا کرنیوالا	۲۱۳	مشترک	یاجبرائیل اہرطائیل	آتشی

اسماء حسنیٰ	معنی	اعداد	جلالی جمالی مشترک	مواکیل	عناصر
المصور	صورت کو نقش کرنے والا	۳۳۶	جمالی	یا اجمالی سرحماکیل	آتشی
الغفار	بخشنے والا	۱۲۸۱	جمالی	یالوخائیل رحمائیل	آتشی
القهّار	غضب کرنیوالا	۳۰۶	جلالی	یادردائیل عطرائیل	خاکی
الوهّاب	بخشنے والا	۱۴	جمالی	یارفتمائیل جبرئیل	خاکی
الرّزّاق	روزی دینے والا	۳۰۸	جمالی	یااسرافیل حرقائیل	آتشی
الفتّاح	کھولنے والا	۴۸۹	جمالی	یاسرخائیل تنکفیل	آتشی
العلیم	جاننے والا	۱۵۰	جمالی	یالومائیل ردمائیل	خاکی
القابض	تنگ کرنیوالا	۹۰۳	جلالی	یاعطرائیل عطرکائیل	بادی
الباسط	کھولنے والا	۷۲	جمالی	یاجبرائیل اسمائیل	بادی
الرافع	بلند کرنیوالا	۳۴۸	جمالی	یاسرحمائیل لومائیل	بادی

اسماء حسنیٰ	معنی اسماء	اعداد	جلالی جمالی مشترک	مواکیل	عناصر
الخافض	پست کرنیوالا	۱۴۸۱	جلالی	یامیکائیل عطکائیل	آتشی
المعز	عزت دینے والا	۱۱۷	جمالی	یاردمائیل لومائیل	خاکی
السّمیع	سُننے والا	۱۸۰	جمالی	یاہرائیل سرکیطائیل	آتشی
البصیر	دیکھنے والا	۳۰۲	جمالی	یاہرائیل سرحمائیل	خاکی
الحکیم	صاحب حکمت	۷۸	جلالی	یاتنکفیل یاردمائیل	خاکی
العدل	انصاف کرنیوالا	۱۰۴	مشترک	یاطاطائیل لومائیل	آتشی
اللطیف	پاکیزہ اور مہربان	۱۲۹	جمالی	یااسماعیل ردمائیل	آتشی
اَلْخبیر	ظاہر و باطن سے خبردار	۸۱۲	جمالی	یامیکائیل دردمائیل	آتشی
الرقیب	نگہبان	۳۱۲	جمالی	یاعطرائیل سرکیطائیل	آتشی
المجیب	قبول کرنیوالا	۵۵	جمالی	یاکلکائیل جبرئیل	بادی

اسماء حسنیٰ	معنی اسماء	اعداد	جلالی جمالی مشترک	مواکیل	عناصر
الواسع	بہت عطا کرنیوالا	۱۳۷	جمالی	یارحمائیل لوائیل	آتشی
الحلیم	مضبوط درست گھنگر والا	۸۸	جمالی	یاتکفیل خردائیل	خاکی
الودود	نیکوں کا دوست	۲۰	جمالی	یارحمائیل دردائیل	آتشی
المعظم	خداوند بزرگ	۱۰۵۰	جمالی	یالومائیل اسمائیل	آتشی
الغفور	بخشنے والا	۱۲۸۶	جمالی	یالومائیل رحمائیل	خاکی
الشکور	شکر قبول کرنیوالا	۵۲۶	جمالی	یالومائیل سروائیل	خاکی
العلی	سب سے برتر	۱۱۰	جمالی	یالومائیل سرکیطائیل	خاکی
الکبیر	سب سے زیادہ بزرگ	۲۳۲	جمالی	یاسرحماکیل اذرائیل	آتشی
الحفیظ	نگہبان	۹۹۸	جمالی	یاسرحمائیل اذرائیل	خاکی
المقیت	قوت دینے والا	۵۵۰	جمالی	یارومائیل عطرائیل	آتشی

اسماء حسنیٰ	معنی اسماء	اعداد	جلالی جمالی مشترک	مواکیل	عناصر
الحسیب	حساب کرنیوالا	۸۰	مشترک	یاحمرائیل سرکیطائیل	آتشی
الجلیل	بہت بزرگ	۷۳	جلالی	یاکلکائیل جبرئیل	آتشی
الکریم	بزرگ کرنیوالا	۲۷۰	جمالی	یاخورائیل اہراطیل	خاکی
المجید	سب سے بزرگ	۵۷	جمالی	یاروائیل کلکائیل	آتشی
الباعث	رسولوں کا بھیجنے والا	۵۷۳	مشترک	یاجبرائیل میکائیل	آتشی
الشہید	مردوں کا زندہ کرنیوالا	۳۱۹	مشترک	یاعطرائیل تنکفیل	بادی
الحق	سچا گواہ	۱۰۸	مشترک	یاعطرائیل تنکفیل	آتشی
القوی	خدائی اور بادشاہی کا درست	۱۱۶	جلالی	یاعطرائیل تنکفیل	آتشی
الوکیل	نگہبان کارداں	۶۶	جمالی	یاخوردرائیل طاطائیل	خاکی
المتین	توانا	۵۰۰	جلالی	یاعزرائیل حولائیل	آتشی

اسمار حسنیٰ	معنی اسماء	اعداد	جلالی جمالی مشترک	مواکیل	عناصر
الولی	نیکوں کا دوست	۴۶	جمالی	یارقمائیل سرکیطائیل	خاکی
الحمید	پاک صفتوں والا	۶۲	جمالی	یاتنکفیل میکائیل	خاکی
المحصی	شمار کرنیوالا	۱۴۸	جمالی	یااحمائیل کیطائیل	آتشی
المبدی	دوبارہ پیدا کرنیوالا	۵۶	جلالی	یاجرائیل دردائیل	آتشی
المعید	وعدہ کرنیوالا	۱۲۴	جلالی	یاردمائیل سرکیطائیل	آتشی
المحیی	زندہ کرنیوالا	۶۸	جمالی	یاصمرائیل تنکفیل	آتشی
المیت	مردہ کرنیوالا	۴۹۰	جلالی	یاردمائیل عزرائیل	آتشی
الحی	ہمیشہ زندہ رہنے والا	۱۸	جلالی	یاعطرائیل رقمائیل	آتشی
القیوم	ہمیشہ ٹھہرنیوالا	۱۵۶	جلالی	یاعطرائیل رقمائیل	آتشی
الواحد	کارساز یکتا	۱۴	جمالی	یاکاکائیل دردائیل	خاکی

اسمار حسنیٰ	معنی اسماء	اعداد	جلالی جمالی مشترک	مواکیل	عناصر
الماجد	تنہا دیکتا	۱۹	مشترک	یارقمائیل دردائیل	بادی
الاحد	اکیلا	۱۳	جمالی	یاتنکفیل دردائیل	آتشی
الصمد	پاک بے نیاز	۱۳۴	جمالی	یارحمائیل دردائیل	خاکی
القادر	توانا مقدور والا	۳۰۵	جلالی	یاعطرائیل اسرطیل	آتشی
المقتدر	قوی تقدیر کرنیوالا	۷۴۴	جلالی	یاردمائیل عطرائیل	آتشی
المقدم	ہمیشہ سے ہے	۱۸۴	مشترک	یاعزرائیل دردائیل	آتشی
المؤخر	ہمیشہ رہے گا	۸۴۶	مشترک	یارقمائیل میکائیل	خاکی
الاوّل	جو کہ ہمیشہ ہے	۳۷	مشترک	یاطاطائیل رقمائیل	آتشی
الاخر	جو ہمیشہ رہے	۸۰۱	مشترک	یامکائیل اسرطیل	آتشی
الباطن	چھپا ہوا	۶۲	مشترک	یاردمائیل ادرائیل	خاکی

اسماء حسنیٰ	معنیٰ اسماء	اعداد	جلالی جمالی مشترک	مواکیل	عناصر
الظاھر	ظاہر	۱۱۰۶	مشترک	یاجبرئیل اسمائیل	خاکی
الوالی	قدرت میں برتر	۴۷	مشترک	یارقمائیل سرکطائیل	بادی
اکبر	نیک کار مطلق	۲۰۲	جمالی	یاجبرئیل ہمرائیل	خاکی
التواب	توبہ قبول کرنیوالا	۴۰۹	جمالی	یاعزرائیل جبرائیل	آتشی
المغنی	بے نیاز کرنیوالا	۱۰۰۶۰	مشترک	یاردحائیل حولائیل	آتشی
المنعم	نعمت دینے والا	۲۰۰	مشترک	یااسمائیل روحائیل	خاکی
النعیم	نعمت دینے والا	۱۷۰	جمالی	یاحولائیل رقائیل	خاکی
العفو	گناہ معاف کرنیوالا	۱۵۶	جمالی	یالویائیل سرحاکیل	آتشی
الرؤف	درگزر کرنیوالا	۲۸۰	جمالی	یااہرائیل سرحکیل	خاکی
مالک الملک	سب کا مالک	۲۱۲	جلالی	یاردائیل خرورئیل	آتشی

اسماء حسنیٰ	معنی اسماء	اعداد	جلالی جمالی مشترک	مواکیل	عناصر
ذوالجلال	عظمت و بزرگی	۸۰۱	جلالی	یاخرورائیل طاطائیل	آتشی
والاکرام	عظمت و بزرگی	۲۹۹/۱۰۱۰	جلالی	یاخرورائیل طاطائیل	آتشی
الرّب	پروردگار	۲۰۲	جمالی	یااہرطیل جبرئیل	خاکی
المقسط	انصاف کرنیوالا	۲۰۹	جلالی	یاعطرائیل اسمائیل	آتشی
الجامع	جمع کرنیوالا	۱۱۴	مشترک	یاکلہائیل لویائیل	خاکی
المغنی	بے نیاز	۱۱۰۰	جمالی	یاردرائیل یالخائیل	آتشی
المعطی	عطا کرنیوالا	۱۲۹	جمالی	یالویائیل اسمٰعیل	آبی
المانع	باز رکھنے والا	۱۶۱	جلالی	یاردائیل لویائیل	آبی
الضار	زیان کرنیوالا	۱۰۰۱	جمالی	اجمائیل اسرئیل	آبی
النافع	سود کرنیوالا	۲۰۱	جمالی	یاحولائیل سرحوئیل	آبی

اسماء حسنیٰ	معنی اسماء	اعداد	جلالی و جمالی مشترک	مواکیل	عناصر
النور	روشن کرنیوالا	۲۵۶	مشترک	رفتمائیل اسرافیل	آبی
الھادی	راہ دکھانے والا	۲۰	جمالی	یادورائیل سرکیٹائیل	آبی
البدیع	نادر پیدا کرنیوالا	۸۶	مشترک	یاجبرئیل لومائیل	خاکی
الباقی	باقی رہنے والا	۱۱۳	جمالی	یاعطرائیل لومائیل	آبی
الوارث	میراث لینے والا	۷۰۷	جلالی	یارفتمائیل میکائیل	آبی
الرشید	ہدایت کرنیوالا	۵۱۴	مشترک	یاہمرائیل دردائیل	خاکی
الصبور	عذاب میں جلدی نہ کرنے والا	۲۹۶	جمالی	یاہمجائیل اسرافیل	بادی

اسماء حسنیٰ کی شرح تمام کی گئی لیکن طالب کو جمالی جلالی اور مشترک کے امتیاز کرنے میں مشکل پیش آئے گی اس لیے اسماء مذکورہ کی ایک ایک جگہ مع اسناد کے تشریح کی جاتی ہے تاکہ ہر ایک کو آسانی ہو۔ اوّل اسماء جمالی جن کو اسماء رحمت بھی کہتے ہیں۔

بلندی مراتب کشادگی رزق۔ محبت مندی جنگ اور امراء وزراء سلاطین کے روبرو سرخروئی حاصل کرنے اور محبت اور دوستی پیدا کرنے کے لیے ان پر عمل کریں۔ انشاء اللہ مراد کو پہونچیں گی۔ کل اسماء جمالی پینتالیس ۴۵ ہیں اور وہ مع اعداد کے یہاں لکھے جاتے ہیں۔

یارحمن ۲۹۹	یارحیم ۲۵۸	یاسلام ۱۳۱	یامومن ۱۳۶	یامہیمن ۱۴۵	یاوہاب ۱۴
یارزاق ۳۰۸	یافتاح ۴۸۹	یاباری ۲۱۳	یاغفار ۱۲۸	یاباسط ۷۲	یامعز ۱۱۷
یالطیف ۱۲۹	یاغفور ۱۲۸۱	یاشکور ۵۲۶	یاحفیظ ۹۹۸	یاکریم ۲۷۰	یاواسع ۱۳۷
یاحکیم ۷۸	یاحلیم ۸۸	یاودود ۲۰	یاکفیل ۱۸۰	یاولی ۴۶	یامغنی ۱۱۰۰
یامعطی ۱۲۹	یانافع ۲۰۱	یارشید ۵۱۴	یامحی ۵۸	یاحی ۱۸	یاقیوم ۱۵۶
یاماجد ۴۸	یاصمد ۱۳۴	یابر ۲۰۲	یاتواب ۴۰۹	یاعفو ۱۵۶	یارؤف ۲۸۶
یانور ۲۵۶	یاہادی ۲۰	یاباقی ۱۱۳	یاصبور ۲۹۸	یاواجد ۱۴	یاوکیل ۶۶
	یااحد ۱۳	یانعیم ۱۷۰	یاضار ۱۰۰۱		

پس جب بلندی مراتب اور کشائش رزق کے لیے عمل کرنا منظور ہو تو اس عمل کے لیے سات اسم ہیں۔ ان سات اسموں میں سے ایک اسم اختیار کرے، اور وہ سات اسم یہ ہیں۔

یا باسط	یا سلام	یا فتاح	یا معز	یا لطیف	یا کریم	یا واسع

ان اسماء کے اعداد جواد پر مذکور ہو چکے ہیں لے لو اور ان کے موکلوں کے عدد بھی لے لو۔ اور صاحب طلب کے نام کے عدد بھی شامل کر کے کل کو جمع کرو۔ اور نقش مربع کو تیسرے خانے سے پُر کرو۔ اور مشتری کی ساعت میں نقش لکھو۔

مربع و مثلث وغیرہ نقوش کی پُر کرنے کی ترکیب اور سیاروں کی ساعت دریافت کرنے کا قاعدہ ہم آئندہ لکھیں گے۔ انشاء اللہ پس تمام اعداد کو روزمرہ پڑھنے کے لیے تقسیم کر لیں اور نام کے عدد نکال کر اس کی تعداد کے مطابق ہر روز پڑھا کریں۔ نقش لکھ کر گولی بنا لیں۔ اور گیہوں کے آٹے میں لپیٹ کر دریا میں ڈالیں اسی طرح ایک چلّہ تک کریں۔ انشاء اللہ رزق میں بہت کشائش ہو گی۔ اور مرتبہ بلند حاصل ہو گا۔

بادشاہوں اور امیروں کے سامنے سرخروئی حاصل کرنے کے لیے ان نو اسموں میں سے ایک کو اختیار کر لینا چاہیئے۔

یا رحمٰن	یا رحیم	یا علیم	یا حفیظ	یا حی	یا قیوم	یا فتاح	یا رافع	یا ہادی

ان ناموں کے اعداد جمالی اسمار کے مجموعہ میں لکھے ہیں ان ناموں میں سے ایک نام لے کر صاحب مطلب کے نام اور مؤکل کے عدد جمع کریں اور ساعت شمس میں گیارہویں خانے سے نقش مربع کو پُر کریں اور اس نقش کو سیدھی ہاتھ میں باندھیں یا سر پر رکھیں انشاء اللہ بادشاہ اور حاکم کے آگے سرخروئی حاصل ہو گی اور حاکم مہربان ہو جائے گا

محبت اور دوستی کے لیے

اگر عمل کریں تو ان تین ناموں سے ایک اختیار کریں۔

یا وَدُود	یا بدوح	یا لطیف

ان اسماء سے ایک اسم کے عدد لے کر طالب کی نام اور اس کی ماں کے نام کے عدد اور مطلوب کے نام اور مطلوب کی ماں کے نام کے عدد لے کر سب دن کو ایک جگہ جمع کریں اور ساعت مشتری عین مربع کا نقش دوسرے خانے سے پر کریں اور ظلیہ بنا کر مٹی کے کورے چراغ میں اوّل طرف سہی جس میں سیاہی کا نشان کر دیا ہو روشن کریں اور چراغ کا منہ خانہ مطلوب کی طرف کریں اور آپ خود چراغ کے سامنے بیٹھ کر اسمار الٰہی کے عدد کے موافق ترتیب ذیل کی مطابق وظیفہ پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ مقصد میں کامیابی ہو گی

وظیفہ کا نمونہ یہ ہے۔

اللھم سخر قلب فلاں بنت فلاں علی حب فلاں بن فلاں

بحق یا بدوح اجب یا حبریئل یا دردائیل یا رفتمائیل
یا تنکفیل سامعا مطیعا بحق یا بدوح العجل العجل

اور اگر صحت بیماری کے لیے عمل کریں تو خدا کے ان سات ناموں سے ایک کو اختیار کر لیں۔

یا حفیظ	یا سلام	یا نافع	یا باقی	یا کریم	یا غفور	یا ہادی

ان اسموں کے عدد پہلے مذکور ہوئے ہیں پس جس اسم کو کہ اختیار کریں اُس کے عدد نکالیں اور مربع کے نقش کو پہلے خانے سے پر کریں اور مریض کو دھو کر پلائیں انشاء اللہ چند ہی دنوں میں صحت ہو جائے گی

اسماء جلالی کی شرح جو کہ اسماء ہیبت ہیں

یہ اسماء بغض و عداوت اور دو شخصوں کے درمیان جدائی ڈالنے کے لیے اور دشمنوں کو تہ و بالا اور خانہ خراب کرنے کے لیے ہیں۔ اگر ان پر عمل کریں تو ٹھیک اور صحیح ثابت ہوں گے ان مبارک اسماء کا مجموعہ یہ ہے۔

نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں

یا عزیز ۹۴	یا جبار	یا متکبر ۶۶۲	یا قہار ۳۰۶	یا قابض ۹۰۳	یا مذل ۷۷۰	یا علی ۱۱۰
یا جلیل ۷۳	یا قوی ۱۱۶	یا متین ۵۰۰	یا مبدئ ۵۶	یا معید ۱۲۴	یا ممیت ۴۶۰	یا واجد ۳۰۵
یا مقتدر ۷۴۴	یا منتقم ۶۳۰	یا ذوالجلال ۸۰۱	یا مقسط ۲۰۹	یا مانع ۱۶۱	یا وارث ۷۰۶	یا مالک الملک ۲۱۲

یہ بائیس اسم ہیں اور اُن کی ترتیب یہ ہے کہ اگر بغض و عداوت کے لیے عمل کریں تو اسماء الٰہی سے ایک اسم اختیار کر لیں۔

یا قہار	یا مذل	یا جبار

چنانچہ ان میں سے ایک نام کے عدد اور دشمن کے نام کے عدد مع مرکبوں کے لے کر نقش مربع کو زحل یا مریخ کی ساعت میں نویں خانے سے پُر کریں اور اس تدبیر پر عمل کریں کہ سات جگہ سے خاک لائیں ایک چوراہہ کی خاک دوسرے مسجد کی خاک تیسرے پرانی قبر کی خاک چوتھے ویران گھر کی خاک پانچویں ڈیرہ کی خاک چھٹے اس جگہ کی خاک جہاں گدھا لوٹتا۔ ساتویں اس جگہ کی خاک جہاں ہیجل بیٹھتی ہو سب خاکوں کو ملا کر مٹی کے برتن میں رکھیں اور پُر کیا ہوا نقش ان خاکوں میں رکھیں اور اُس برتن پر اللہ کا نام مع مرکبوں لکھ دو

کی تعداد کے موافق پڑھیں اور دم کریں اور دل میں دشمن کے برباد ہونے کا تصور کرتے ہوئے پڑھیں پھر اس برتن کو کسی ویرانے میں دفن کر دیں انشاء اللہ دشمن ذلیل و خوار اور برباد ہو جائے گا۔

اُن اسماء کا بیان جو کہ جمالی بھی ہیں اور جلالی بھی ہیں:-

اور ہر قسم کے نیک و بد کے لیے کام آتے ہیں پہلے چاہیئے کہ ان اسماء کے پڑھنے کی ترکیب یاد کریں اور وہ یہ ہے کہ دعوت اور زکات دینے کے لیے ان اسماء کو پڑھیں تو تسبیح کے دانوں کو اپنی جانب پھیریں اور دشمن اور اس کے گھر کو برباد کرنے کے لیے تسبیح کو بائیں طرف پھیریں اور بلندی مراتب کے لیے پڑھنے کے وقت تسبیح کو داہنی طرف پھیریں اور صحت بیمار کے لیے تسبیح کو کہ اُس پر ہر روز اسم بطور وظیفہ کے پڑھا جا چکا ہے اُس تسبیح کو سات بار پاکیزہ پانی میں دھو کر مریض کو پلائیں پس اُس کو جو آسیب گزند ہو گا وہ دُور ہو جائے گا اور پوری صحت خدائے شافی کے حکم سے حاصل ہو گی اور مشترک اسماء یعنی جو جمالی اور جلالی دونوں ہیں اُن کا مجموعہ یہ ہے۔

یا مالک ۹۰	یا واحد ۱۹	یا خالق ۷۳۱	یا قدوس ۱۷۰	یا مصور ۳۳۶	یا علیم ۱۹۰
یا سمیع ۱۸۰	یا بصیر ۳۰۲	یا حلیم ۸۸	یا عدل ۱۰۴	یا خبیر ۸۱۲	یا عظیم ۱۰۴۰
یا مقیت	یا حسیب ۸۰	یا منعم ۲۰۰	یا مجیب	باعث ۵۷۳	یا شہید ۳۱۹
یا حق ۱۰۸	یا مقدم ۱۸۴	یا موخر ۸۴۶	یا اوّل ۳۷	یا آخر ۸۰۱	یا ظاہر ۱۱۰۶
یا باطن ۶۲	یا متعال ۵۵۱	یا اکرام ۲۶۲	یا جامع ۱۱۴	یا غنی ۱۰۰۶۰	یا بدیع ۸۶

یہ کل اسماء چونتیس ۳۴ ہیں پس ہر ایک کام کے لیے جس کی تشریح کی جاتی ہے عمل کریں اور ہر ایک کام کی ساعت دریافت کر کے عمل شروع کریں اور ہم رات دن کی ساعتوں کا حال پانچویں حصے میں لکھیں گے اس جگہ مبتدی کو صرف اسی قدر خیال رکھنا چاہیئے کہ سنیچر کے روز پہلی ساعت نحس اکبر ہے اور یہ دشمن کی جدائی اور دو شخصوں کے درمیان جدائی ڈالنے کے لیے ہے۔ دوسری ساعت مشتری کی سعد اکبر ہے۔ اور یہ بلندی مراتب اور بادشاہوں کے سامنے جانے اور محبت کے لیے ہے تیسری ساعت مریخ نحس اصغر ہے اور دشمنوں کو قہر زدہ کرنے کے لیے ہے۔ چوتھی ساعت شمس سعد اکبر ہے اور یہ محبت اور بلندی مراتب کے لیے ہے پانچویں ساعت عطارد نحس ذو جسدین ہے اور یہ زبان بندی۔ دیو بندی

اور جلد بازوں کے لیے ہے

چھٹی ساعت قمر سعد ذوجسدین ہے اور یہ کشائش رزق فتوح اور سرخروئی کے لیے ہے۔

یہ ایک دن کی ساعتیں ہم نے مثال کے طور پر لکھدی ہیں اور روزانہ ساعتیں پانچویں باب میں بیان کی جائیں گی۔ چنانچہ ساعت دیکھ کر اس نام کو جسے مربع میں کسی کام یا کسی مقصد کے لیے جیسے محبت۔ عداوت۔ فتح یابی یا سرخروئی کے لیے پُر کریں تو پہلے نام کو دیکھیں کہ اسمیں کتنے حرف ہیں۔ پس ہر حرف کا مؤکل دریافت کریں مثلاً اسم بدوح کہ اس کے حرف یہ ہیں (ب و و ح) حرف (ب) کا مؤکل جبرئیل ہے۔ (د) کا موکل دردائیل ہے (و) کا مؤکل رفتمائیل ہے۔ (ح) کا مؤکل تنکفیل ہے جس طرح کہ اس مثال میں حروف کے مؤکل بتائے گئے ہیں اسی طرح ہر حرف کے مؤکل دریافت کریں۔

ترتیب مذکور کے مطابق پڑھنا شروع کریں تو اس وقت رجال الغیب کو پس پشت کرے اور رجال الغیب کی دعا پڑھیں اور تھوڑی سی شیرینی منہ میں رکھ لیں اگر محبت کے لیے عمل ہو اور اگر عداوت کے لیے عمل ہو تو کوئی تلخ اور تیز چیز منہ میں رکھ لیں اور ہم سیاروں کے بخورات اور غذاؤں اور

رجال الغیب کے معلوم کرنے کا حال پانچویں حصے میں لکھیں گے۔ دعائے رجال الغیب یہ ہے۔

السلام علیک یا رجال الغیب السلام علیک یا ارواح المقدس اغیثونی بعوثه وانظرونی بنظره ویا رقبا ویا نجبا دیا ابدال یا اوتاد یا غوث یا قطب بحرمة النبی صلواة الله علیهم والسلام۔

پس اے طالب تینوں قسم کے اسمار الٰہی یعنے جمالی اور مشترک کے پڑھنے میں یہ تمام طریقے بجالانا چاہیئے تاکہ عمل صحیح اور درست ہو۔

کشائشِ رزق کے لیے

بزرگان دین سے مروی ہے کہ ان تین اسموں سے جو کہ تمام کلام اللہ کو گھیرے ہوئے ہیں اور بسم اللہ میں آئے ہیں ایک اسم ذات ہے۔ دوسرا اسم عادل ہے۔ تیسرا اسم رحمت ہے اور ان اسمار کی صفت میں تمام قرآن شریف ہے۔ ان تین اسمار کی اسناد بیان کرنے سے زبان قاصر ہے۔ ان اسمار کو تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ عصر و مغرب کے درمیان ہر روز بلا ناغہ آسمان کے سایہ میں

سر برہنہ ہو کر ہمیشہ پڑھیں۔ اگر خدا چاہے تو امیر کبیر ہو جائیں گے۔ اور جس مطلب کے لیے پڑھیں۔ چالیس ۴۰ روز میں وہ مقصد خدا کی مدد سے پورا ہو جائے گا۔ وہ بزرگ اور محرم اسمار یہ ہیں۔

یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ

دوسرا عمل جو ایک زاہد سے پہونچا ہے۔ کہ ان دونوں اسمار۔ یا عزیز یا لطیف کو جن میں ہر ایک صفت رکھتا ہے۔ اور ایک اسم جلالی اور دوسرا جمالی ہے۔ بارہ ہزار مرتبہ نماز فجر یا نماز مغرب کے بعد ہر روز سر برہنہ چادر گردن میں ڈال کر دو زانو کے ساتھ تنہا مقام میں آسمان کے نیچے بیٹھ کر پڑھیں۔ بیشک بارہ دن کے عرصہ میں دین و دنیا کا مطلب حاصل ہو جائے گا۔ اور اگر ایک بیٹھک میں ان دونوں اسموں میں سے ایک کو شام سے صبح تک یا دوسری شام تک سر برہنہ تنہا مقام میں آسمان کے نیچے بیٹھ کر پڑھیں۔ بیشک اسی دن مطلب بر آئے۔ مگر ایک بیٹھک میں سوا لاکھ مرتبہ پڑھیں۔ تاکہ مقصود حاصل ہو۔

قاعدہ عجیب و غریب از حافظ اصغر علی صاحب۔ چاہے کہ اسم یا مستطیع کو اوّل آخر تین تین بار درود شریف پڑھ کر تیرہ سو مرتبہ نماز صبح کے وقت ہمیشہ پڑھیں۔ بیشک عامل کے سامنے خلائق کا مجمع ہو جائے گا۔

دیگر

زاہدوں کے لیے جو شخص چاہیے۔ کہ خدا تعالیٰ اس کے چھوٹے بڑے گناہوں سے درگذر کرے۔ اور اپنی رحمت سے معاف کر دے۔ تو اس اسم کو درود شریف کے ساتھ بعد نماز جمعہ سو بار پڑھے۔ اس اسم کی برکت سے تھوڑی مدت میں

اللہ تعالیٰ اس کے گناہ بخش دے گا۔ اسم یہ ہے۔ یَا غَفَّارُ اغْفِرْ ذُنُوْبِیْ یَا قَهَّارُ جو شخص اس اسم کو ہمیشہ پڑھا کرے۔ دنیا کی محبت اس کے دل سے نکل جائے۔

دیگر

جو شخص کہ نماز چاشت کے بعد سر بسجدہ ہو کر اس اسم کو سات بار پڑھے۔ وہ بفضل خدا بے پرواہ ہو جائے۔ اسم یہ ہے۔ یَا وَهَّابُ۔

دشمن کی ہلاکت کے لیے

دشمن کی ہلاکی اور تباہی کے واسطے۔ یہ اسم قاہرہ جس شخص کے لیے سوا لاکھ مرتبہ ایک ہفتہ میں آسمان کی طرف منہ کر کے پڑھیں۔ اور اس شخص کی طرف پھونکیں۔ یقین ہے۔ کہ ایک ہفتہ میں دشمن تباہ ہو جائے۔ اور اگر تباہ نہ ہو تو دوسرے ہفتہ میں بھی ایسا کریں۔ خدا کے حکم سے دشمن برباد ہو جائے گا۔ اسم یہ ہے۔ اَلْمُذِلُّ

برائے حُب

اگر کوئی شخص کسی پر عاشق ہو۔ اور ملاقات میسر نہ ہو چاہیئے۔ کہ اس اسم اعظم کو وقت صبح اور وقت شام پنجشنبہ کے روز بعد نماز ایک سو ایک مرتبہ اوّل اور آخر درود شریف پڑھے اور مطلوب کو دل میں ایسا تصور کرے کہ گویا روبرو کھڑا ہے اور اپنی آنکھوں کو بند رکھے جب درود ختم ہو تو خیال میں مطلوب کی طرف دم کرے ایک ہفتہ کے عرصہ میں معشوق اسکی طرف رجوع

کرے گا۔ مناسب یہ ہے کہ حرام نہ کرے اور اگر سوا لاکھ مرتبہ پڑھ کر زکوٰۃ دے دے تو اسم کا عامل ہو جائے مجرب ہے۔ اسم مبارک یہ ہے (الحلیم)

برائے میاں بیوی حُبّ کیلئے

یہ عمل اسم باری تعالیٰ انسان آشنا عورت و مرد کی تسخیر کے لیے ہے جو کہ آزردہ خاطر ہو اور رجوع نہ کرتا ہو چاہیئے کہ پوری پاکیزگی کے ساتھ ایک پیالہ شربت کا تیار کریں اور اس میں گلاب اور کیوڑا ڈالیں اور لازم ہے کہ پنجشنبہ کا دن ہو پس عصر کے وقت کعبہ رو بیٹھ کر اور آنکھیں بند کر مطلوب کا تصوّر کریں اور ایک ہزار چار سو مرتبہ اسم معظم یَا وَدُوْدُ کو پڑھیں اور جب درود ختم ہو تو شربت کے پیالے پر جو تیار کیا ہوا پاس موجود ہے۔ اسم موصوف کے موکلوں کی نیاز کر کے دم کریں اور خود پی لیں انشاء اللہ پڑھنے کے عرصہ میں اسی دن مطلوب حاضر ہوگا اگر مطلوب حاضر ہو تو اُس سے مخاطب نہ ہوں اور کلام نہ کریں جب تک عمل ختم نہ کر لیں اسی طرح تین دن یا سات دن تک کریں تاکہ مطلوب مسخر و مطیع ہو جائے مجرب ہے۔

برائے ہر مشکل حل

یہ عمل مجرب ہے کئی مرتبہ کا آزمایا ہوا ہے چاہیئے کہ چڑھتے مہینے میں پنجشنبہ کے دن کاغذ کے پرزہ پر پہلے بسم اللہ کے عدد لکھیں بعدہٗ

طالب و مطلوب اور ان کی ماؤں کے نام کے عدد اور اسم یا ودود کے عدد لکھیں اور اس طرح لکھیں کہ پہلے لکڑی کی تختی یا کاغذ پر طالب کا نام لکھیں بعدہ اسم وَدُوْدُ اور اس کے بعد اسم مطلوب لکھیں ہم مثال لکھے دیتے ہیں تاکہ آسانی سے سمجھ میں آجائے۔

میر احمد علی	وَدُوْد	فاطمہ خانم
۴۰۱۰۴۰۰۲۱۸۰۴۰۷۰۳۰+	۴۶۴۶	۴۰۵۰۱۶۰۰۵۴۰۹۱۸۰

لکھنے کے بعد ان عددوں کو ملائیں یعنی ایک عدد اوّل سے لیں اور ایک عدد مطلوب کے نام کے آخر سے لیں تاکہ باہم تمام اعداد چسپاں ہو جائیں اور مثال یہ ہے۔

۴۰۱۰۴۰۵۱۰۰۱۱۲۰۰۵۸۶۰۴۰۴۰۹۴۰۷۱۰۳۰۸۰۱۰۴۶۶۴

ان اعداد کا فلیتہ بنائیں اور ایک طرف سیاہی لگا دیں پھر ایک مٹی کے چراغ میں جس میں پانی نہ پہونچا ہو روغن خوشبودار ڈالیں اور فلیتہ پر عطر ملیں اور نیز شہد خالص ملا کر پاک روئے پیٹیں اور چراغ میں رکھیں چراغ کا مُنہ مطلوب کے گھر کی طرف رکھیں اور چراغ کو پاک تنکے سے روشن کریں اور آپ خود پاک کپڑے پہن کر چراغ کے روبرو کھڑے ہوں اور ایک سو ایک بار درود شریف اوّل و آخر شریک کر کے اسم یا وَدُوْد کو

کو پڑھیں جب ختم ہو جائے تو اگر مطلوب کی محبت مقصود ہو تو عرض کریں اگر کسی کو قید سے رہائی دینا منظور ہو پس اول قیدی کا نام لکھیں اور بیچ میں اسم ودود اور آخر میں بجائے مطلوب کے اسم حاکم اور بقاعدہ مذکورہ اعداد کو ملا کر خلیتہ روشن کریں اور اسم پڑھنے کے بعد قیدی کی رہائی کے لیے عرض کریں انشاء اللہ جو رات کہ مدنظر ہوگی وہ سات دن یا چودہ دن سے اکیس دن تک ضرور پوری ہوگی۔ لیکن لازم ہے اس عمل کے لیے چلہ اختیار کریں کبھی خلا نہ ہوگی اور بیشک حکم خدا سے مطلوب حاصل ہوگا قیدی رہائی پائے گا لازم ہے کہ چلہ تک مچھلی اور گائے کے گوشت سے پرہیز کریں اور چلہ کے درمیان میں حرام نہ کریں جھوٹ نہ بولیں۔ مجرب ہے۔

عمل اسم باری تعالیٰ۔ حب کے لیے مجرب ہے اگر چاہیں کہ کسی کو دوست اور مسخر بنائیں یا کسی امیر سے نفع حاصل کرنا ہو تو چاہیے کہ پڑھتے مہینے چنشنبہ یا جمعہ کے دن اس عمل کو شروع کریں۔ اس ترتیب سے کہ رات کے وقت دو زانو و رو بقبلہ ہو کر بیٹھیں، اور اپنی آنکھیں بند کر لیں، پہلے گیارہ بار آیت الکرسی آیت علی العظیم تک پڑھیں بعدہٗ کا ایک ہزار دس مرتبہ یہ اسم معظم مع عبارت کے پڑھیں۔ اور اپنے مطلوب کو سامنے دست بستہ کھڑا ہوا تصور کریں۔ جب اسم تمام ہو جائے اس کے پسینے پر دم کریں، اور اپنے دل میں اشارہ کریں۔ کہ میرا مطیع ہو جا۔ اسی طرح پندرہ روز تک بدستور سابق پڑھیں۔ اگر ممکن ہو تو کسی چیز پر دم کر کے مطلوب تک پہنچ جائیں۔ کہ وہ کھائے۔

انشاء اللہ مطیع اور فرمانبردار ہو جائے گا۔ اگر اس اسم کی رکعات چالیس روز تک ہزار ہزار بار ہر روز پڑھ کر دیں تو اس مبارک اسم کی حامل ہو جائیں۔ پس حب و تسخیر میں خواہ اپنے لیے ہو خواہ غیر کے لیے ہو عمل مذکور کام آئے یعنی جس چیز پر دم کر کے کھلائیں۔ یا پلائیں بڑا اثر پیدا ہو۔ رکعات میں آیت الکرسی بدستور مذکور ہر روز پڑھنی چاہیے۔ اور جب چلہ تمام ہو تو شربت پر دم کر کے پیغمبر کی روح مبارک پر فاتحہ دیں اور ہمیشہ تھوڑا تھوڑا وظیفہ جاری رکھیں تاکہ ہمیشہ اختیار میں رہے۔ یا مقلب القلوب قلبی علی طاعتک اور عورت کے لیے ہو تو کیس قلبھا الخ۔

برائے تپ نجار کیلئے

عمل اسماء الٰہی تپ و لرزہ کے بارے میں جس کسی کو تپ و لرزہ آتا ہو پس اس سے آٹھ عدد ٹھیکریاں منگوائیں اور ایک ٹھیکری پر یا محیط لکھ کر اس کے بازو پر باندھیں اور ایک پر یہی اسم لکھ کر دیں مریض پاک پانی میں دھو کر پیئے۔ دوسرے دن وہ ٹھیکری جس پر اسم لکھا ہوا ہے اور مریض کے بازو میں بندھی ہوئی ہے نکال کر کنوئیں میں ڈال دیں اور دوسری دو ٹھیکریاں لیکر لکھیں یا محیط ایک کو بازو پر باندھیں اور ایک کو دھو کر پیئیں۔ تیسرے روز وہ ٹھیکری کنوئیں میں ڈال دیں اور دو نئی ٹھیکریاں لے کر یہ اسم لکھیں (یا محیط) ایک کو بازو پر باندھیں دوسری کو دھو

کر پئیں چوتھے روز وہ ٹھیکری کنوئیں میں ڈال دیں اور نئی دو ٹھیکریاں لے کر یہا محیطات لکھیں ایک کو بازو پہ باندھیں اور دوسری کو پئیں۔ چار دن کے عرصہ میں انشاء اللہ تپ و لرزہ جاتا رہے گا۔ مجرب ہے۔

برائے تنگی رزق کے لیے

عمل اسم باری تعالیٰ کہ فی الحقیقت اسم اعظم یہی ہے اور اللہ تعالیٰ نے کلام مجید میں اکثر اسی اسم کو یاد فرمایا ہے اور اس کی بہت عظمت کی ہے اور بسم اللہ میں پہلے یہی اسم آیا ہے۔ بسم اللہ سے کلام اللہ کی ابتدا ہوتی ہے اسم مبارک یہ ہے الرَّحْمٰنُ۔ پس جو شخص کہ ایک سو پانچ مرتبہ صبح اور ایک سو ایک مرتبہ شام ہمیشہ اپنا ورد رکھے بخداحب و تسخیر وغیرہ جس بارے میں کسی شے پر دم کرے پورا پورا اثر ہو اور ہمیشہ وہ شخص مالدار رہے محتاج نہ ہو۔ نہایت مجرب ہے اور کامل فقیروں سے پہونچا ہے اسے عزیز رکھنا چاہیئے اور اگر سوا لاکھ بار پڑھ کر زکوٰۃ ادا کریں تو عامل کامل ہو جائیں اس اسم کی صفت لکھنا ممکن نہیں۔

دیگر

اگر منظور ہو کہ خلق اللہ کو تسخیر کریں تو پہلے اس اسم کی زکوٰۃ دیں یعنی سوا لاکھ بار ایک چلہ میں ترک حیوانات اور جلالی جمالی کا پرہیز کر کے پڑھیں۔

اور پرہیزوں کی تشریح ہم آئندہ بیان کریں گے۔ چلہ کے بعد عامل ہو جائیں گے۔ پھر ہر روز صبح و شام ایک ایک مرتبہ پڑھا کریں۔ تاکہ خلائق کی تسخیر حاصل ہو اسم مبارک یہ ہے۔ یا موخر اس کی ترکیب مجرب ہے۔

برائے آسانی پیدائش

عمل اسم باری تعالیٰ اَلْاَمَانُ پس ترک حیوانات اور پرہیز مذکور کے ساتھ سوا لاکھ پڑھ کر اس کی زکوٰۃ ادا کریں اور اپنے عمل میں لائیں پھر ہر روز ایک سو ایک مرتبہ صبح و شام ورد کیا کریں اگر کسی شخص کے شکم میں بارہ برس سے درد ہو یا جسم کے کسی حصے میں درد ہو اور اس اسم کا عامل دم کرے تو درد موقوف ہو جائے گا اگر حاملہ کے درد ہو اس کے پیٹ پر پھونک دے جاتا رہے گا اور بچہ صحیح و سلامت پیدا ہوگا اگر خود مریض کے سامنے نہ جا سکے تو فرشتہ کے ہاتھ پر دم کرے تاکہ وہ مریض کے جسم پر ہاتھ ملے فوراً درد دفع ہو جائے گا عامل کو چاہیئے کہ دم کرنے پر موقوف نہ رکھے بلکہ اپنے ہاتھ پر دم کر کے درد کی جگہ ہاتھ سے ملے مجرب ہے

برائے ساقط حمل

جس عورت کا حمل ہمیشہ ساقط ہو جاتا ہو پس چاہیئے کہ اسم موصوف

اُس عورت کے شوہر کو سکھا دیں تاکہ شوہر عورت کو زمین پر لٹا کر اپنی اُنگلی سے گیارہ مرتبہ یہ اسم پڑھ کر سینے سے موئے سیاہ تک حصار کر دے لیکن جب مہینے دو مہینے کا حمل ہو تب عمل کرنا چاہیئے انشاء اللہ تعالےٰ ہرگز ہرگز عمل پھر ساقط نہ ہوگا اسم مذکور یہ ہے یَا مُبتداء

برائے مشکل آسانی کیلئے

اگر کسی امیر یا بادشاہ نے کسی کو شہر کو بدر کر دیا ہو یا امیر اُس کی جانب رغبت نہ رکھتا ہو یا جو مطلب انسان دنیا میں رکھتا ہو بیشک حاصل ہوگا چاہیئے کہ پنجشنبہ کے دن روزہ رکھے اور غسل کرکے پاک اور سفید کپڑے پہنے اور عطر مل کر روزہ افطار کرے پھر تنہا جگہ بیٹھ کر بخور روشن کرے اور تھوڑی سی کھیر پہلے سے تین رکابیوں میں نکال کر اپنے سامنے رکھے پہلی رکابی پر موکل کی جس کا نام زادم نور ہے نیاز کرے دوسری رکابی پر جناب پیغمبرؐ کی نیاز کرے تیسری رکابی پر جناب فاطمہؓ کی نیاز کرے اور بارہ سو مرتبہ ان اسماء کو ایک بیٹھک میں پڑھے اور کوئی چیز غیر حیوانی کھا کر سو رہے اور کھیر کو مسجد میں بھیج دے اور جناب فاطمہؓ کی نیاز لڑکیوں کو کھلا دے

اسماء مبارک اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں۔

یَا حَیُّ	یَا قَیُّوْمُ	یَا عَلِیُّ	یَا وَلِیُّ	یَا وَفِیُّ	یَا غَنِیُّ

پس صبح کو وہ مطلب پورا ہوگا یعنی بادشاہ اُس کو طلب کرے گا اور اگر ایک دن میں مقصد پورا ہوگا۔

اگر کسی کو نوکری سے نکال دیا ہو

جو شخص کہ بے روزی اور بے نوکری ہو یا کسی نے اُسے برطرف کر دیا ہو پہلے ان تینوں اسموں کی زکوٰۃ ترک جوانات کرکے ایک چلہ تک چھ سو اٹھاون مرتبہ موافق اعداد حروف تہجی ہر اسم کے استادوں نے مقرر کیا ہے پڑھے یعنی اول کو ایک سو اکاون مرتبہ دوسرے کو ایک سو اڑتالیس مرتبہ تیسرے کو تین سو انیس مرتبہ جُدا جُدا ایک وقت ہر روز ایک جلسہ میں پوری طہارت کے ساتھ پڑھا کرے جب چالیس دن تمام ہو جائیں موکلوں کی تھوڑی سی نیاز دے کر لڑکوں کو تقسیم کر دے عامل ہو جانے کے بعد جب کبھی اپنے یا کسی دوسرے کے مطلب یا رفع مصیبت کے لیے تین دن یا سات دن حسب دستور پڑھے بے شک مطلب پورا ہو روزگار مل جائے گا۔ تینوں اسماء مقسم یہ ہیں۔

یَا سَمِیْعُ	یَا وَاسِعُ	یَا رَزَّاقُ

اسم وَھّابُ کا عمل

جس کا تمام جہان اقرار کرتا ہے لیکن جس ترکیب سے یہ عمل ہم کو پہونچا ہے۔ شاید ہی کسی صاحب کو پہونچا ہو کہ کوئی ان اسرار سے واقف نہ ہوگا۔

اوّل مرتبہ یہ اسم سلطنت ہے۔ دوسری مرتبہ وزارت تیسری مرتبہ امارت چوتھی مرتبہ تسخیر خلائق جملہ عالم پانچویں مرتبہ دست غیب۔ اگر پہلی ترکیب سے زکوٰۃ ادا کرے بادشاہ ہوجائے اگر دوسری ترکیب سے زکوٰۃ دے تو وزیر ہو تیسری ترکیب سے زکوۃ دے تو امیر ہو چوتھی ترکیب سے زکوٰۃ ادا کرے تو تسخیر خلائق حاصل ہو۔ پانچویں ترکیب زکوٰۃ دے تو دست غیب ہر روز کا میسّر ہو۔ پہلی ترکیب جو بادشاہت کے متعلق ہے یہ ہے کہ لذات وحیوانات کا ترک کرے اور جمالی وجلالی پرہیز اختیار کرے ہر وقت باوضو رہے ہر روز غسل کرا وے نمازی کپڑے رکھے۔ عورت کے قریب نہ جائے۔ چودہ کرور ایک چلہ میں اسم موصوف کو پڑھے ہر روز چودہ نقش لکھ کر آٹے میں گولی بنا کر دریا میں بہادے چلہ تمام ہوگا تو بیشک بادشاہ ہوجائے گا۔ اگر اتنا بار نہ اٹھ سکے تو چاہیئے کہ پرہیز میں کمی کرے صرف جماع نہ کرے اور مچھلی کا گوشت نہ کھائے حلال سے رغبت کرے اور حرام سے اجتناب کرے۔ پڑھنے کے وقت صرف وضو کرے اور سات دن بعد جمعہ کے روز غسل کرے بطریقہ مذکورہ بدستور چودہ کروڑ پڑھے اور چودہ نقش لکھے۔ جب چلہ تمام ہوگا تو وزیر ہوجائے گا۔ تیسری ترکیب یہ ہے کہ ایک کروڑ مرتبہ

جتنے دنوں میں اس کے اس ترکیب کے ساتھ جو وزارت کی درجہ میں لکھی گئی ہے۔ پڑھے امیر کبیر ہوجائے گا۔ چوتھی ترکیب یہ ہے۔ کہ تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ ہر روز ہمیشہ بطور وظیفہ کے باوضو پڑھا کرے۔ کبھی ناغہ نہ کرے۔ جب تک کہ تسخیر عالم کا شوق ہو بے شک تمام خلائق مسخر ہوجائے گی۔ اور توکل کے وقتوں میں زر کثیر حاصل ہوگا۔ اور عامل سے تمام عالم کو محبت ہوگی۔ پانچویں ترکیب یہ ہے۔ کہ ایک چلہ میں حیوانات اور لذتوں کو ترک کرے۔ روزہ رکھے۔ اور جو کی روٹی و نمک لاہوری سے افطار کرے۔ ایک وقت اور ایک بیٹھک میں پینتیس ہزار مرتبہ اوّل وآخر درود مقرر کرکے ہر روز پڑھے۔ اور اسی جگہ چودہ نقش لکھ کر آٹے میں گولی بنا کر اسی دن دریا میں ڈال آئے۔ اور جو نقش لکھا جائے۔ اس میں اسم وہاب کے عدد میں اور اس کا موکل جبرئیل ہے۔ اور ہم نقش کو مثال کے طور پر لکھ دیں گے۔ اسی طرح عامل لکھے اور کام میں لائے۔ پس جب اس قدر ہر روز پڑھے گا۔ چالیس روز میں چودہ لاکھ تمام ہوجائے گا۔ اس دن ضرور انشاء اللہ موکل کی صورت پیدا ہوگی۔ اور جو کچھ دست غیب روزانہ عامل طلب کرے گا۔ وہ قبول کرے گا۔ اور ہمیشہ جانماز کے نیچے رکھ دیا کرے گا۔ اور اگر بافرض موکل حاضر ہو تو عالم غیب سے چودہ روپے روزانہ اس شخص کو ملتے رہیں گے۔ ایک نقش لکھ کر اپنی پاس رکھ لینا چاہیئے۔ ایک مہینے کے بعد سب نقشوں کو آٹے میں گولی بنا کر دریا میں ڈال دے۔ اور اسم موصوف کے پڑھنے کا جو طریقہ لکھا گیا ہے۔ اس طریقہ سے پانچوں مرتبوں میں پڑھے۔ اسم یہ ہے۔

اجب یا جبرئیل بحق یا وَھّابُ

نقش کی صورت جو لکھنے کے لیے مقرر ہے وہ یہ ہے۔ مع موکل

۱	۱۰	۳
۵	اجب یاحب جبرئیل بحق یاوھاب	۹
۸	۴	۲

برائے ساقط حمل

عمل اسم باری تعالیٰ۔ قیام حمل کے لیے۔ چاہیئے کہ یہ معظم اسماء کچے دھاگے پر پڑھ کر گرہ دیں اور پاکیزہ تازہ پانی پر دم کرکے عورت کو پلائیں اور اس گنڈہ کو کمر میں باندھیں انشاء اللہ تعالےٰ حمل قائم رہے گا۔ اسمائے معظم و مکرم یہ ہیں

یَا رَقِیْبُ	یَا وَکِیْلُ	یَا اَللّٰہُ

کشائش رزق

کشائش رزق کے لیے چاہیئے کہ پنجشنبہ یا جمعہ کے دن پاکیزہ جگہ میں تنہا بیٹھ کر ایک ہزار مرتبہ یہ پڑھیں اللہ کے فضل سے اُس رات کی صبح کو مقصود بر آئے گا۔ اور رزق میں کشائش ہوں شک نہیں کرنا چاہیئے اول آخر درود شریف پڑھ لینا چاہیئے اسم بزرگ یہ ہے۔

المعطی ھو اللہ

دیگر عمل تکثیر

اسم باری تعالےٰ حب اور امیر و فقیر کے دلوں کو تسخیر کرنے کے لیے اس سے بہتر کوئی عمل نہیں پایا گیا ترکیب یہ ہے کہ مطلوب کا نام مطلب کے نام کی جگہ لکھے اور طالب کا نام مطلوب کے نام کی جگہ اسطرح فوز المنہاء مطلوب۔ غلام حسین طالب ان ناموں کی تکثیر کی ترکیب یوں کرنی چاہیئے مثال۔

ف خ ران س س او د و د غ ل ام ح س ی ن ان سب حرفوں کو چپ و راست سے تکثیر کرے اس طرح کہ پہلی سطر آخر سطر میں نکلے اور اس کو صدر سطر کہتے ہیں۔ اور حروف تکثیر کے نیچے عزیمت کی ترکیب یہ ہے کہ طالب و مطلوب کے حرف جدا لکھ کر حروف کے موکلوں کا نام لکھے اور اس کے بعد موکلوں کے ناموں کے موافق باری تعالےٰ کا نام لکھے پھر باقی عبارت سے عزیمت لکھے اور جس قدر کہ تکثیر سطر میں ہو اسی قدر قلمتہ لکھ کر خوشبودار تیل کے چراغ میں روشن کرے مگر چراغ کا منہ مطلوب کے گھر کی طرف ہو بیشک مطلوب بیقرار ہو کر حاضر ہوگا۔ لیکن سطر اول سے موکلوں کے نکالتے وقت حروف مکرر رکھ کر باقی ماندہ کے موکل اور باری تعالےٰ کے نام لکھے اور ہم اس کی مثال لکھ دیتے ہیں تاکہ آسانی ہو اور تردد نہ ہو مثال

ف خ ران س ا و د و د غ ل ا م ح س ی ن
ل ف ی خ س ر ح ا م ن ا س ل ا غ و د و د
و ن و ف د ی و خ غ س ا ر ل ح س ا ا م ن
ل و م ن ر و ا ف س س و ح ی ل و ر خ ا غ س
س ن غ و ا م خ ن ر و ا ا و د ل د ی ف ح س د
د س س ن ح غ ف د ی ا ا م ل خ و ن و ر ا
ا و ر س و س ن ن و خ خ غ ل ف م ا د ی ا
ا ا ی و ا ر و س م و ف س ل ن غ ن خ و ح
ج ا ا د ا خ ی ن د ا غ ا ن ر ل د س ف م د
ر ح م ا ف د س ا س س خ د ی ل ن ن غ ا
د غ ح ن م د ا ر ف ن د ل س ی ا د س خ
ا س س و د غ ا ح ی ن س م ل و د ا ن ر ف
ل خ ر ا ن س ا و د و د غ ل ا م ح س ی ن

یا رب جب سورتوں کے حروف آپس میں ملائے جائیں تو کیونکر تمام ہو جائے گی جیسا کہ مثال سے ظاہر ہے۔

سورتوں کو اس طرح لکھیں کہ مثلاً الف کا سورتوں (سورۃ کہیں) حرف (ا) کا سورتوں (ہمکائیں) حرف (ب) کا سورتوں (ہوا کہیں) حرف (ا) کا سورتوں (اسرائیل) حرف (ان) کا حوالہ ہے۔ حرف (ہو) کا سورتوں (ہوا کہیں) ہے حرف الف مکرر آیا ہے اس لیے ترک کیا گیا۔

باطن کتاب کی ضیافت طبع کے لیے اب ہم وہ چند نقوش بھی رقم کرتے ہیں جو اسماء باری تعالیٰ سے بصورت نقش عزائم بصورت نقش عددی پُر کیے گئے ہیں۔

نقش:۔ اگر کسی گھوڑے کے پیٹ میں درد ہو یا کسی آدمی کو درد سر کی شکایت ہو تو یہ دونوں نقش لکھیں اور دھو کر پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ درد رفع ہوگا۔

نقش اوّل

یا خبیر	یا حیّ	یا قیوم	یا احد
یا صمد	یا عزیز	یا بصیر	یا لطیف
یا کریم	یا بادی	یا جلیل	یا قریب

نقش دیگر

۷۸۶

ر	ح	ی	م
۱۱	۲۹	۱۹۷	۷
۴۲	۱۲	۶	۱۹۸
۷	۱۹۹	۳۱	۱۳

برائے حفاظت مال اور اضافہ کیلئے

اس نقش کو ساعت سعید میں لکھ کر اس صندوقچی یا تھیلی وغیرہ میں رکھیں جس زیورات یا مال رکھتے ہوں انشاء اللہ مال میں بہت برکت ہوگی اور تھیلی یا صندوقچی جس میں یہ نقش رکھا جائے گا وہ خالی نہ ہوگی۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

ل	ط	ی	ف
ف	ی	ط	ل
ط	ل	ف	ی
ی	ف	ل	ط

اسی نقش پہ دوسرا نقش بھی لکھنا چاہیئے۔

۷۸۶

ح	ا	ت	ف
ف	ت یالطیف یافتاح	ا	ح
ا	ح رفری یا رغیب سعید	ف	ت
ت	ف	ح	ا

برائے جدائی کیلئے

اس نقش کا مزاج بادی ہے اگر دو شخصوں میں یا دو خاندانوں میں دشمنی کرنی ہو اور جدائی و نفاق منظور ہو تو یہ دو نقش مع ناموں کے کاغذ پر لکھیں اور پرانی قبر کے ادھر ادھر دفن کر دیں امید ہے کہ ضرور جدائی واقع ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

یا قہار یا قہار یا قہار

۷۸۶

۶	۷	۲
۱	۵	۹
۸	۳	۴

اجزط اجزط اجزط

بحق یا بدوح یا بدوح

بحق یا بدوح یا بدوح یا بدوح

یا تواب یا دوح یا دوح

تو دس نقش دوسری چال سے لکھیں اور اس کے آس پاس یہی عبارت لکھ دیں چنانچہ وہ نقش بھی لکھا جاتا ہے اس کے چاروں طرف عبارت مذکور لکھ لینا چاہیئے۔

۶۸۶

۸	۳	۴
۱	۵	۹
۶	۷	۲

بدخوابی اور گریۂ اطفال کیلئے

بدخوابی اور گریۂ اطفال کے دُور کے لیے اس نقش کو لکھ کر بچے کے گلے میں پہنا دیں

نقش یہ ہے

۶۸۶

ح	ف	ی	ط
ظ	ی	ف	ح
ف	ح	ظ	ی
ی	ظ	ح	ف

برائے داڑھ درد

جس شخص کی داڑھ یا گلے میں درد ہو تو اس نقش کو باطہارت لکھے اور

دھو کر پیئے درد انشاء اللہ تعالےٰ فوراً موقوف ہو جائے گا۔

نقش یہ ہے

۶۸۶

یَا خَبِیْرُ	یَا حَیُّ	یَا اَحَدُ
یَا کَبِیْرُ	یَا بَصِیْرُ	یَا لَطِیْفُ
یَا یَادِیْ	یَا جَلِیْلُ	یَا قَدِیْرُ

کسی کا دل ہٹانا ہو

اگر کسی کا دل ہٹا کر اپنی طرف مائل کرنا ہو تو مطلوب مرد ہونے کی حالت میں ساعت شرف مشتری میں تین دھاتوں چاندی۔ تانبا اور سیسہ کو پگھلا کر ایک تختی بنائے اور اس پر نقش پُر کر کے گرد خط مشتری کی یہ علامت کندہ کرے۔ اس کو اپنے بازو پر باندھے۔

طٰہٰ
طٰہٰ

جسدائیل کنکائیل
نوزائیل عدائیل ھدائیل

دوسری طرف یہ نقش لکھوالے۔

۶۵۵	۶۵۸	۶۶۳	۶۴۷
۶۲۲	۶۴۹	۶۵۴	۶۵۹
۶۵۰	۶۶۵	۶۵۶	۶۵۳
۶۵۷	۶۵۲	۶۵۱	۶۶۴

کمالاتِ سلیمانی

حصّہ دوم

کیمیا

یعنی سونا چاندی بنانے کے نسخے اور

فالنامہ حضرت پیرانِ پیر

مترجم

ابوالحامد سیّد ظہور احمد بخاری شاہجہانپوری

حصّہ دوم

نسخہ کیمیا اوّل

ہڑتال طبقی دو تولہ۔ سیماب تر دو تولہ گوبھی کے عرق میں ایک پہر کھرل کریں اور لُبدی بنا کر وسط میں ایک مدور شاہی پیسہ رکھ کر گلگلی کی طرح بنائیں پس دو سکورے نیچے اُوپر رکھ کر گل حکمت کریں اور ایک ہانڈی میں رکھ کر پانچ سیر سے بیس سیر تک جنگلی کنڈوں کی بقدر مناسب آنچ دیں بعدہٗ کھول کر دیکھیں کہ راکھ ہو گئی ہے یا نہیں۔ اگر نہ ہوئی ہو تو دوبارہ اور سہ بارہ یہی ترکیب کریں اور نسخہ کیمیا، درست ہونے کا امتحان یوں کریں کہ تھوڑی سی چاندی پگھلائیں اور اُس میں ذرا سی راکھ ڈالدیں اگر سونا ہو جائے تو نسخہ کیمیا ہو گیا ورنہ نہیں اگر تین مرتبہ آنچ کرنے میں بھی نسخہ طیار نہ ہو تو از سر نو نسخہ تیار کریں۔ یہ اکسیر تمام عمر کو کفایت کرے گی اگر چھ ماشہ تانبے میں ایک رتی راکھ ڈالیں گے تو سونا ہو جائے گا۔

نسخہ کیمیا دوم

اکسیر اعظم لوہے کی ایک چھوٹی سی کڑاہی اور ایک لوہے کا پیالہ تیار کرائیں جس کے کنارے کڑاہی کے سطح سے بالکل مل جائیں اور پیالے کے نیچے

کڑاہی کا جو حصہ ہے اُس میں گہرائی بھی ہو اونٹ کٹارا خار دار ایک کافی مقدار میں بہم پہنچا کر اس کا عرق نکال رکھیں۔ گندھک آملہ سارا صلی ایک تولہ لیکر اور دو دو ماشہ کے ٹکڑے کر کے کڑاہی میں رکھیں اور اس میں اونٹ کٹارہ کا اتنا عرق ڈالیں کہ گندک کے ٹکڑے ڈوب جائیں پھر کڑاہی پر پیالہ رکھ کر آہن گر سے اسے مضبوط جڑوا دیں تاکہ عرق یا ہوا اندر جانے کا مطلق راستہ نہ رہے اور پھر کڑاہی کو چولھے پر چڑھا کر نیچے دھیمی دھیمی آنچ دیں کڑاہی میں اونٹ کٹارہ کا عرق اتنا بھر دیں کہ پیالہ ڈوب جائے۔ جب عرق کھولنے لگے تو نکال ڈالیں اور دوسرا عرق بھر دیں اسی طرح تین مرتبہ کریں اور پھر کڑاہی کو نیچے اتار کر پیالے کو جدا کریں۔ اندر گندک کا تیل سرخ خون کبوتر کی طرح نو ماشہ ہوگا اسے یا حتیاط شیشی میں رکھ چھوڑیں اگر سو تولہ تانبے میں ایک قطرہ ڈال دیں گے تو خالص سونا تیار ہو جائے گا۔ یہ نسخہ اگر ایک مرتبہ تیار نہ ہو تو پانچ مرتبہ تک بنائیں اگر قسمت اچھی ہے تو تیار ہو جائے گا۔ کسی نجس شخص کا سایہ نہ پڑے۔

نسخہ کیمیا سوم

اکثر تجربہ کیا گیا ہے۔ ایک چمکادڑ جو لہ میوہ دار درختوں پر رات کو اڑا کرتے ہیں لا کر اس کے منہ میں ایک تولہ سیماب ڈالیں اور بیٹ کرنے کا سوراخ بند کر کے گل حکمت کریں رات کو پانچ سیر جنگلی کنڈوں کی آنچ دیں۔ صبح کو نکالیں سیماب اکسیر ہو جائے گا اور وزن قائم رہے گا۔ تانبا پگھلا کر تھوڑا کر تغافل کریں سونا تیار ہو جائے گا

نسخہ کیمیا اکسیر

گندک آملہ سارا صلی لائیں اور کسی ایسی جگہ جہاں مدار کے درخت بکثرت ہوں قیام کریں اور ہر روز صبح کو اٹھ کر نماز ادا کریں اور درگاہ خدا میں دعا کیا کریں۔ چینی کی پیالی میں گندک مذکور کے ٹکڑے رکھ کر درختوں کے نیچے جائیں اور دو دھ گندھک پر اسقدر ٹپکائیں کہ سب ٹکڑے اسمیں ڈوب جائیں پس واپس آئیں اسی طرح ایک چلہ تک عرق مذکور میں تر کریں۔ جب چلہ تمام ہو جائے تو گندک کو آتشی شیشے میں بھر کر شیشی کا منہ سیسنگ سے بند کریں اور شیشے کو اچھی طرح گل حکمت کریں اور خشک کریں پھر ایک گھڑے میں اس شیشے کو اتار رکھیں اور گھڑے میں شیشے کے منہ کی برابر سوراخ ہونا چاہیے گھڑے کو جنگلی کنڈوں سے بھر کر ایک تپائی پر رکھیں نیچے چینی کا ایک پیالہ رکھیں اور آگ دیں خود موجود رہیں کہیں نہ جائیں نامحرم و ناپاک قریب نہ آئے پہلے تھوڑا سا پیلا پانی ٹپکے گا اس کو دور کریں پھر سرخ قطرے ٹپکیں گے یہ گندک کا تیل ہے نہایت احتیاط سے رکھ چھوڑیں جب ضرورت ہو تانبے کے پتر پر ذرا سا مل کر آگ دکھلائیں سونا ہو جائے گا۔ مجرب ہے۔

دیگر نسخہ کیمیا

اگر یک رنگ سفید سانپ مل جائے تو اس کو مار کر اور خشک کر کے رکھ چھوڑیں جب ضرورت ہو تو دس تولے تانبا پگھلا کر ایک

سرخ خشک سانپ اس میں ملائیں سونا بن جائے گا مگر سفید سانپ کا ملنا بہت مشکل ہے۔

نسخہ کیمیا دیگر

مسکہ سیماب۔ دوستوں کا آزمودہ ہے طوطیا ایک ماشہ۔ نوشادر ایک ماشہ۔ شب یمانی ایک ماشہ۔ نمک ایک ماشہ چار دن۔ دواؤں کو خشک باریک پیس لیں اور سیماب ایک تولہ مٹی کے برتن میں ڈال کر پانی میں غرق کریں اور اس پر ادویہ مذکورہ کو تھوڑا تھوڑا چھڑکیں اور روغن کی طرح دھوئیں۔ سیماب بستہ ہو جائے گا۔

نسخہ کیمیا دیگر

ایک تولہ سنکھیا دو تولہ مدار کے دودھ میں ایک پہر کھرل کریں بعد ٹکیہ بنا کر ایک مٹی کے گھڑے میں رکھیں اور راکھ سے چھپا دیں اور منہ تک ریگ بھر کر گھڑے کا منہ سکورے سے بند کر دیں۔ دس سیر لکڑی لے کر ایک ایک لکڑی کی آنچ دیں۔ جب لکڑیاں ختم ہو جائیں تو گھڑے کو چولھے پر سے اتار لیں اور منہ کھول کر رکھیں تاکہ تمام رات میں سرد ہو جائے پھر صبح کو ٹکیہ نکال کر ایک رتی پگھلائے ہوئے تانبے پر ڈالیں سونا ہو جائے گا اور اگر رانگے پر چھوڑیں تو چاندی ہو جائے گی۔

نسخہ کیمیا دیگر

چاندی کو سُنہرا بنانے کی ترکیب شنجرف چھ ماشہ ایک بڑی انولہ کی لیدی میں رکھیں اور ایک تہ کی کپروٹی کر کے ایک چھٹانک جنگلی کنڈوں کی آگ دیں اس طرح باون مرتبہ کریں انشاء اللہ شگفتہ ہو جائے گا۔ بعدہٗ چاندی پگھلا کر تھوڑا سا اس میں ڈال دیں سنہری ہو جائے گی اور پانچ مرتبہ اس کا رنگ سرخ ہو جائے گا۔

نسخہ کیمیا دیگر

اگر میسر ہو جائے تو جنگلی گوبھی کے عرق میں حل کر کے میدہ کی طرح کر لیں بعدہٗ ایک مرغی کے خالی صاف کئے ہوئے انڈے میں بھریں اور دوسرے انڈے کا ڈھکنا بنا کر باش کے آٹے کو اوپر لیس دیں اس کے بعد سات مرتبہ گل حکمت کر کے تین پاؤ جنگلی کنڈوں کی آنچ دیں اکسیر بن جائے گی۔

ہڑتال طبقی اور ابرگ دونوں کو طرف گلی میں رکھ کر اوپر سے شورہ کا پانی ٹپکائیں اور نیچے کوئلوں کی آگ جلائیں۔ ہڑتال اگر قائم ہوگا تو اس کا رنگ سبز ہو جائے گا پس ایک مدوّر شاہی پیسہ پر ملیں اور آگ پر رکھیں سونا بن جائے گا۔

فالنامہ حضرت غوث الاعظم جیلانی رحمۃ اللہ تعالےٰ علیہ

یہ فالنامہ حضرت غوث اعظمؒ کے تبرکات سے ہے بہت ہی مجرب اور بہتر ہے۔ جب کسی کو کوئی دشوار کام پیش آئے اور کچھ سمجھ میں نہ آتا ہو کہ اس کام کا انجام کیا ہوگا پس اوّل حضرت غوث الاعظم کی روح پر فتوح پر فاتحہ پڑھے اور ایک نابالغ لڑکے سے کہے کہ امر مقصود کی نیت کرکے اس جدول پر انگلی پھیرے جس ہندسہ پر انگلی ٹھہرے اس کے متعلق عبارت مندرجہ کو پڑھے اور اس پر عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ مقصد حاصل ہوگا۔

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
۲۵	۲۶	۲۷	۲۸	۲۹	۳۰	۳۱	۳۲
۳۳	۳۴	۳۵	۳۶	۳۷	۳۸	۳۹	۴۰
۴۱	۴۲	۴۳	۴۴	۴۵	۴۶	۴۷	۴۸
۴۹	۵۰	۵۱	۵۲	۵۳	۵۴	۵۵	۵۶
۵۷	۵۸	۵۹	۶۰	۶۱	۶۲	۶۳	۶۴
۶۵	۶۶	۶۷	۶۸	۶۹	۷۰	۷۱	۷۲

۱	کریم کارساز کی کریمی پر نظر رکھو چند دن صبر کرو دل کی مراد پوری ہوگی۔
۲	فال نیک ہے مراد حاصل ہوگی اور مقصد خاطر خواہ بر آئے گا۔
۳	اس کام سے پرہیز کرو اور اگر اس پر عمل کروگے پشیمان ہوگے
۴	یہ کام انشاء اللہ ہو جائے گا مطمئن رہو۔
۵	جو کچھ مقصد ہے حاصل ہوگا خاطر جمع رکھو۔
۶	اس کام میں خلل پڑے گا چند دن صبر کرو۔
۷	چند دن صبر کرو آخر میں یہ کام خوب ہوگا اضطراب مناسب نہیں۔
۸	جو دل کی مراد ہے پوری ہوگی کچھ فکر نہ کرو۔
۹	کچھ اندیشہ نہ کرو دل کی مراد حاصل ہوگی۔
۱۰	جس کام کا ارادہ ہے وہ پورا ہوگا۔
۱۱	یہ کام بہت اچھا ہے خاطر جمع رکھو

۱۲	چند دن صبر کرو پھر یہ کام انجام کو پہنچے گا
۱۳	دل میں جو ارادہ ہے اُس سے پرہیز کرو۔ ورنہ پشیمان ہوگے
۱۴	یہ فال بہت مبارک ہے کام انشاء اللہ تعالےٰ انجام کو پہنچے گا۔
۱۵	جس کام کا ارادہ ہے وہ پورا ہوگا مگر دشمن خلل انداز ہوگا
۱۶	خدا تعالیٰ تمہارا کام ذرا سی کوشش میں پورا کرے گا۔
۱۷	تمہارا مطلب پورا ہوگا۔
۱۸	یہ کام ہونے والا نہیں ہے اس سے پرہیز کرو۔
۱۹	یہ کام ہرگز نہ ہوگا صبر کرو۔
۲۰	اس کام سے پرہیز کرنا چاہیئے کوشش نہ کرو۔
۲۱	یہ کام ضرور انجام کو پہنچے گا۔
۲۲	روزی اچھی طرح میسّر ہوگی اندیشہ نہ کرو۔

۲۳	جو چیز کسی سے طلب کروگے مل جائے گی۔ اندیشہ نہ کرو۔
۲۴	جو سوال کروگے خدا کے فضل سے پورا ہوگا۔
۲۵	اس کام کا ارادہ بھی نہ کرنا چاہیئے ورنہ پشیمانی ہوگی۔
۲۶	کوشش کرو یہ کام خدا کے فضل سے ہوجائے گا۔
۲۷	جو حاجت رکھتے ہو وہ بر آنے والی نہیں تردّد بے جا نہ کرو۔
۲۸	جو نیت کہ دل میں رکھتے ہو پوری ہوگی
۲۹	یہ کام پُورا ہوگا۔
۳۰	فال نیک ہے مگر چند روز صبر کرنا چاہیے۔
۳۱	یہ کام ہونے والا نہیں ہے اور دشمن تاک میں ہیں محنت ضائع ہوگی
۳۲	کوشش بیکار ہے یہ کام ہونے والا نہیں۔
۳۳	خدا پر توکل کرو یہ کام انجام کو پہنچے گا۔

۳۴	فال نیک ہے جو مراد رکھتے ہو بر آئے گی۔
۳۵	اس کام میں بہتری نہیں اس منصوبے سے پرہیز کرنا چاہیئے
۳۶	فال نیک ہے کام بخوبی انجام پائے گا
۳۷	یہ کام چند آدمیوں سے متعلق ہے انشاءاللہ ہو جائے گا۔
۳۸	اپنا اعتقاد درست کرو فال نیک ہے۔
۳۹	فال کہتی ہے کہ خدا پر نظر رکھو۔ اور صبر کرو۔
۴۰	یہ کام بخوبی انجام پائے گا مطلب بر آئے گا غوث اعظمؒ کی روح پر فتوح
۴۱	یہ فال نیک ہے مگر دو تین دن صبر کرنا چاہیئے تاکہ انجام اچھا ہو
۴۲	یہ کام تو ہو گیا آئندہ کسی کام میں وسوسہ نہ کرنا چاہیئے۔
۴۳	جو تمہارا مطلب ہے وہ خوب ہے۔ ہمت نہ ہارو۔ آسان ہو جائے گا
۴۴	فال منع کرتی ہے ہرگز منصوبہ درست نہ ہوگا۔ پرہیز کرنا چاہیئے

۴۵	اس ارادے سے پرہیز کرو ورنہ شرمندگی ہوگی
۴۶	یہ ارادہ راحت سے بدل جائے گا۔
۴۷	یہ کام ہو جائے گا۔ فال نیک ہے مطمئن رہو۔
۴۸	خرچ کرنے سے مطلب حاصل ہوگا۔
۴۹	جو دل کا منصوبہ ہے وہ پورا ہوگا۔
۵۰	خدا کے فضل سے یہ کام انجام پذیر ہوگا۔
۵۱	چند دن صبر کرو تمہارے کام میں دیر ہے۔
۵۲	یہ نیت پوری نہ ہوگی اسے ترک کرنا بہتر ہے۔
۵۳	فال اچھی ہے مضطرب ہو۔ چند دن صبر کرو۔
۵۴	یقین ہے کہ تمہاری مراد پوری ہوگی۔ خدا کارساز ہے۔
۵۵	فال منع کرتی ہے یہ کام ہرگز نہ ہوگا۔

۵۶	یہ کام ہونے والا نہیں کوشش کرو یا نہ کرو۔
۵۷	اس کام میں محنت مشقت کی ضرورت نہیں ہے۔
۵۸	تمہارا کام ہو جائے گا لیکن چند دن صبر کرو۔
۵۹	جو چاہتے ہو حاصل ہو گا۔
۶۰	دل کا ارادہ پورا نہ ہو گا اور پشیمانی ہو گی۔
۶۱	دل کی نیت پوری ہو گی مگر چند روز صبر کرو۔
۶۲	یہ کام اچھا ہے اس کے انجام میں چند دن کی دیر ہے۔
۶۳	یہ فال مبارک ہے کام انجام کو پہنچے گا۔
۶۴	یہ کام اچھا ہے ترک نہ کرنا چاہیئے فائدہ ہو گا۔
۶۵	یہ فال مبارک ہے دل کی مراد پوری ہو گی۔
۶۶	دل کا منصوبہ انجام پذیر ہو گا۔

۶۷	یہ کام ہو جائے گا لیکن ذرا صبر کرنا چاہیئے۔
۶۸	جو کچھ چاہتے ہو ہو جائے گا انجام اچھا ہے فال مبارک ہے
۶۹	دل میں جو کچھ ہے۔ میسّر ہو گا وسواس نہ کرو۔
۷۰	یہ کام ہو جائے گا لیکن ترک کرو کہ اس ترک میں خدا خوش ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اسلامی فالنامہ

اگر آپ اپنے متعلق یا دوسروں کے متعلق فال دیکھنا چاہتے ہیں۔ تو سب سے پہلے وضو کریں پھر تین بار درود شریف اور ایک بار سورہ فاتحہ اور تین بار سورۃ اخلاص پڑھ کر ثواب اس کا حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں پیش کرے پھر شہادت کی انگلی اس جدول پر رکھے پھر فالنامہ اس کا حرف پر دیکھے۔ جس حرف پر اس کی انگلی آئی تھی۔ پھر اس کے مطابق عمل کرے۔

جدول یہ ہے

ا	ب	ت	ث	ج	ح
خ	د	ذ	ر	ز	س
ش	ص	ض	ط	ظ	ع
غ	ف	ق	ک	ل	م
ن	و	ھ	لا	ء	ی

فالنامہ اسلامی

ا

کُتِبَ عَلَیۡکُمُ الۡقِتَالُ

اے صاحبِ فال مبارک ہو آپ کی گردش بہت جلد ختم ہونے والی ہے۔ مصیبتوں کے بادل چھٹ جائیں گے۔ اور نئی امیدوں کا نور جلوہ گر ہوگا۔ جو لوگ آپ کی تخریب و تباہی کے درپے تھے۔ وہ اپنے مکروہ ارادوں میں ناکام رہیں گے۔ اور انہیں بہت جلد شکست ہوگی۔ اگر آپ کسی مقدمہ میں ماخوذ ہیں۔ انشاء اللہ بری ہو جائیں گے۔

ل

لَنۡ یَّضُرُّوۡکُمۡ اِلَّاۤ اَذًی

اے صاحبِ فال آپ کی تمام پریشانیاں بالکل بے بنیاد اور محض وہم کی بنا پر ہیں۔ جن باتوں سے آپ خواہ مخواہ خائف ہو رہے ہیں۔ ان سے نقصان نہیں پہونچے گا۔ صرف ذہنی تفکرات ہیں۔ اگر خدانخواستہ آپ

بیمار ہیں۔ تو بیماری کو ہرگز کوئی اہمیت نہ دیجیے۔ دراصل معمولی شکایت ہے۔ جو چند روز میں رفع ہو جائے گی۔ اگر کسی مقدمہ میں ماخوذ ہیں۔ تو دوڑ دھوپ اور دماغی پریشانیوں سے آپ کو تکلیف نہیں پہونچے گی۔

م

مَنْ يَّتَّبِعُ الرَّسُوْلَ مِمَّنْ يَّنْقَلِبُ عَلٰى عَقِبَيْهِ۔

اے صاحب فال اس وقت ہمت و استقلال کی ضرورت ہے۔ ساحل مقصد سامنے ہے۔ لیکن خود رائی یا تلوّن کو دخل دیا تو بنا بنایا کام بگڑ جائے گا۔ اپنے بزرگوں اور افسروں کی اطاعت کیجیے۔ بزرگوں کے مشورات سے آپ کو بہت فائدہ پہونچے گا۔ یاد رکھیے۔ یہ دور آپ کے لیے انقلاب آفریں ہے۔ عقل مندی اور دور اندیشی سے کام لیا۔ تو! کوششوں کے خوشگوار نتائج جلد سامنے آجائیں گے۔ ورنہ آپ کی ضد اور غلط فیصلے سے کام بگڑنے کا اندیشہ ہے۔

ہ

هُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ اللّٰهِ ط

اے صاحب فال آپ کی گردش کے دن دور ہوئے۔ عزت میں ترقی ہوگی۔ بگڑے ہوئے کام بنیں گے۔ دشمنوں کی دشمنی اور بدخواہوں کی بدخواہی ختم ہو جائے گی۔ مقدمات میں کامیابی حاصل ہوگی۔ آمدنی میں اضافہ ہوگا۔ بزرگوں اور حاکموں کی عنایت شامل حال رہے گی آپ ایک مبارک خواب دیکھیں گے۔ جس کی تعبیر جلد ظاہر ہوگی۔

ط

طَآئِفٌ مِّنْ رَّبِّكَ وَهُمْ نَآئِمُوْنَ۔

اے صاحب فال آپ نے اپنی غفلت اور سہل انگاری سے بہت کام بگاڑ لیے ہیں۔ اب عمل اور بیداری کا وقت اگر گذشتہ غلط کاریوں کے نتائج سے سبق حاصل نہ کیا۔ تو مزید پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ بزرگوں کی اطاعت اور غریب بندگان خدا سے محبت کرو۔ عبادت اور خیرات سے بگڑے ہوئے کام بنیں گے۔ اور اللہ تعالےٰ کی خوشنودی حاصل ہوگی۔

ی

يٰبَنِيْٓ اِسْرَآئِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ

اے صاحب فال اللہ تعالےٰ نے آپ پر فضل و کرم فرمایا ہے۔ جن الجھنوں اور پریشانیوں میں آپ کچھ عرصے سے مبتلا تھے۔ وہ اب ختم ہو جائیں گی۔ عہدہ اور اقبال میں ترقی ہوگی۔ کاروبار میں نفع ہوگا۔ آمدنی میں اضافہ ہوگا۔ مقدمات میں کامیابی نصیب ہوگی۔

ب

بَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ۔

اے صاحب فال آپ چند ماہ سے گردش قسمت میں ہیں آپ کی روزی تنگ ہو گئی ہے۔ دوستوں اور عزیزوں میں عزت کم ہو رہی

ہے۔ لوگ مخالفت پر کمربستہ ہے۔ اور طرح طرح سے نقصان پہونچانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ لیکن آپ مایوس اور پریشان نہ ہوں۔ یہی موجودہ پریشانیاں چند روز کے اندر آپ کو راحت و مسرت کا پیام سنائیں گی۔ آپ کی عزت بڑھے گی، آمدنی میں اضافہ ہوگا، دشمنوں کی مخالفت ختم ہو جائے گی۔ اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھیے۔ اور کار خیر انجام دیجیے۔

خ

خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ

اے صاحب فال آپ میں ضد اور خود رائی بڑھی ہوئی ہے۔ اور اسی وجہ سے آپ کے کئی بنے بنائے کام بگڑ گئے۔ آپ گذشتہ تلخ تجربات سے کوئی سبق حاصل نہیں کرتے۔ غلط فیصلوں سے پریشانیاں بڑھتی جا رہی ہیں۔ جذبات پر قابو حاصل کرنے کی کوشش کیجیے۔ ورنہ موجودہ پریشانیوں میں اضافہ ہو جائے گا۔ نیک لوگوں کی صحبت اختیار کیجیے، اور ان کے مخلصانہ مشوروں سے فائدہ اٹھایئے۔

ر

رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا

اے صاحب فال۔ مبارک ہو آپ کا مقصد جلد حاصل ہونے والا ہے۔ جس کام کے لیے آپ عرصہ سے کوشاں تھے۔ اس کی تکمیل کا وقت آگیا۔ آپ کو غیر متوقع ذرائع سے روپیہ ملے گا۔ اور غیب

سے امداد ہوگی۔ ناکامیوں کا دور ختم ہو گیا۔ ہر مقصد میں انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

ق

قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ

اے صاحب فال آج کل آپ ذہنی تفکرات میں مبتلا ہیں طبیعت پریشان رہتی ہے۔ راتوں کو نیند کم آتی ہے۔ خیالات پراگندہ اور فاسد ہیں۔ نیک کاموں کی جانب رغبت نہیں۔ فرائض کی ادائیگی میں کوتاہی ہوتی ہے۔ دوست نما دشمنوں کے مشوروں سے بچیے۔ چند روز پریشانی اور ہے۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ فضل و کرم فرمائے گا۔ آپ عبادت اور دعا کیجیے۔ اس کی برکت سے مشکلات آسان ہوں گی۔

ش

شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

اے صاحب فال اگر آپ بیمار ہیں۔ تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے بہت جلد شفا ہوگی۔ دین و دنیا کی پریشانیاں دور ہو جائیں گی۔ کاروبار میں جلد ترقی ہونے والی ہے۔ آمدنی میں اضافہ ہوگا۔ اور مخالفوں کو شکست فاش ہوگی۔ مقدمات میں اللہ تعالیٰ کامیابی عطا فرمائے گا۔

ن

نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ ۔

اے صاحب فال آپ پانچ ماہ یا پانچ ہفتوں سے جن تفکرات میں گھرے ہوئے تھے۔ وہ رفع ہو جائیں گے۔ غیب سے امداد ہونے والی ہے۔ اگر آپ مقروض ہیں۔ تو قرضہ ادا ہو جائے گا۔ کسی مقدمہ میں ماخوذ ہیں، تو بری ہو جائیں گے۔ مخالفوں کو ناکامی کا منہ دیکھنا پڑے گا۔ آپ ان کوششوں میں کامیاب ہوں گے۔ کاروبار ترقی کرے گا۔ آمدنی کے دروازے کھلیں گے۔

ذ

ذَالِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ نَزَّلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ ۔

اے صاحب فال آپ کے کاروبار میں ترقی اور معاملات میں کامیابی نہ ہونے کی وجہ یہ ہے۔ کہ اپنے رفیقوں اور دوستوں پر آپ اعتماد نہیں کرتے اور لوگوں سے بہت جلد بدگمان ہو جاتے ہیں۔ تعلقات خوشگوار نہیں رکھ سکتے۔

یاد رکھیے بدگمانی گناہ ہے۔ جب تک آپ کو کسی دوست یا رفیق کی بدنیتی کا پورا ثبوت نہ مل جائے۔ آپ کو اس پر اعتماد کرنا چاہیے۔ شرکت کے کاموں سے آپ کو فائدہ نہیں ہو سکتا۔ مزاج سے بدگمانی اور تلون کم کیجیے۔ اس کے بعد آپ کو حکم خدا سے کامیابی ہوگی۔

ز

زَعَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ لَّنْ يُّبْعَثُوْا

اے صاحب فال چند پریشانیوں کی وجہ سے آپ میں مایوسی کا جذبہ بڑھ گیا ہے۔ ساتھ ہی آپ کا غرور بھی مضر ثابت ہو رہا ہے۔ غرور کم کیجیے۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مایوس نہ ہوئیے۔ اگر آپ نے صبر و استقامت سے کام لیا۔ اور اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھا۔ تو سات دن یا سات ہفتوں کے اندر آپ کا مقصد حاصل ہو جائے گا۔

ف

فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ۔

اے صاحب فال مبارک ہو بہت اچھی فال ہے۔ جن پریشانیوں میں آپ گھرے ہوئے ہیں۔ ان کے خاتمہ کا وقت آگیا ہے۔ اللہ تعالیٰ غیب سے مدد کرے گا۔ اور پریشانیوں سے محفوظ رہنے اور کامیابی کی منزل تک پہونچنے کے لیے نئی نئی صورتیں پیدا ہو جائیں گی۔ بزرگوں کی اطاعت کیجیے۔ درویشوں اور مسکینوں کی خدمت سے اللہ تعالیٰ کی رحمت شامل حال ہوگی۔

ث

ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ

اے صاحب فال آپ نے بنا بنایا کام خود بگاڑ لیا۔ اگر آپ چند

روز صبر سے کام لیتے تو بہت فائدہ ہوتا۔ زندگی کے گذشتہ تلخ تجربات سے آپ کوئی فائدہ نہیں اٹھاتے۔ دل کی سختی کا علاج خوف خدا ہے غریبوں کی امداد کیجیے اور اللہ تعالےٰ کی یاد سے غافل نہ رہیئے۔

ا

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ط

اے صاحب فال اب تک آپ کا زمانہ کافی پریشانیوں میں بسر ہوا ہے اور مالی نقصانات برداشت کیے ہیں۔ جس شخص کے ساتھ آپ نے نیکی کی اس نے برائی کی۔ مبارک ہو وہ دور ابتدا ختم ہو رہا ہے۔ مالی نقصانات کی تلافی ہوگی۔ دوستوں سے خوشی ہوگی۔ بگڑے ہوئے کام درست ہوں گے۔ عبادت میں دل لگانا چاہیئے۔

ع

عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

اے صاحب فال خوشخبری ہو کہ آپ کی گردش کے دن ختم ہو گئے اب آپ خوشی اور فلاح کی صورت دیکھیں گے۔ اللہ تعالےٰ بہت آپ کے مدارج بلند کرے گا۔ دین و دنیا میں سرخروئی ہوگی۔ دلی مقاصد بہت جلد پورے ہوں گے۔ عزت و شہرت میں اضافہ ہوگا کاروبار میں ترقی ہوگی۔

س

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِيْمِ

اے صاحب فال آپ کو بہت جلد دنیاوی مکروہات سے نجات مل جائے گی۔ دشمنوں کے خوف سے آپ اس وقت پریشان ضرور ہیں اور لوگ آپ کو بدنام کرنے کی کوشش بھی کر رہے ہیں لیکن گھبرایئے نہیں دشمنوں کو بہت جلد ذلت نصیب ہونے والی ہے اور ان کی مخالفت سے آپ کو کسی قسم کا نقصان ہرگز نہیں پہنچے گا اگر آپ بیمار ہیں تو چھ سات دن کے اندر شفا ہو جائے گی۔ انشاءاللہ۔

ح

حَدَآئِقَ وَاَعْنَابًا وَّكَوَاعِبَ تُرَابًا وَّكَاْسًا دِهَاقًا ط

اے صاحب فال آپ کی فال مبارک ہے۔ اب عیش و عشرت کے دن قریب ہیں۔ آپ دور ابتدا میں اپنے رب کی یاد سے غافل نہیں رہے اور تنگی پر شکر کیا اس کا اجر اب ملے گا اور اللہ تعالےٰ آپ کو دین و دنیا کی نعمتیں جلد عطا فرمائے گا۔ آپ کے دلی مقاصد جلد پورے ہوں گے اور اچھی چیزیں آپ کو ملیں گی۔ مقدمات میں کامیابی ہوگی اولاد اور بیوی سے راحت ملے گی۔

و

وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ ۝

اے صاحب فال آپ کئی ماہ سے پریشان ہیں۔ کاروبار کی حالت خراب ہو رہی ہے، بے روزگاری سے تکلیف ہے۔ آمدنی کم ہے مصارف بڑھے ہوئے ہیں اور آپ مقروض بھی ہو گئے۔ دوست اور رشتہ دار آپ کی مخالفت کرتے ہیں اور آپ کی طبیعت ہر وقت پریشان رہتی ہے لیکن آپ گھبرایئے نہیں ایک ہفتہ کے اندر آپ کے حالات درست ہو جائیں گے۔ روزگار مل جائے گا۔ کاروبار میں ترقی کے آثار ظاہر ہوں گے۔ لوگوں کی مخالفت ختم ہو جائے گی۔ آمدنی بڑھے گی۔ اور قرض ادا ہو جائے گا۔

ض

ضَاحِکَۃٌ مُّسْتَبْشِرَۃٌ

اے صاحب فال حکم خدا سے آپ کی پریشانیوں کا زمانہ ختم ہو چکا ہے۔ اب آپ خوش و خرم ہوں۔ مقاصد دلی پورے ہوں گے۔ اچھی پوشاک اور اچھی خوراک ملے گی۔ لوگ آپ سے محبت کریں گے دوستوں اور عزیزوں میں عزت ہو گی۔ آمدنی بڑھے گی۔ اور آپ خوشی کے کاموں میں روپیہ صرف کریں گے۔ اگر آپ کے خلاف کوئی مقدمہ ہے۔ تو انشاء اللہ تعالےٰ عزت کے ساتھ بری ہو جائیں گے۔

ج

جَنّٰتِ عَدْنٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

اے صاحب فال گھبرایئے نہیں مصیبتوں کے بادل چھٹنے والے ہیں۔ مالی پریشانیاں عنقریب دور ہو جائیں گی۔ جسمانی اور روحانی تکالیف کا زمانہ ختم ہو رہا ہے۔ اللہ تعالےٰ اب اچھے مکان اور روپیہ پیسہ کا آرام دے گا۔ اگر شادی کا ارادہ ہے۔ تو بہت جلد آپ کی شادی خوب صورت شریف عورت کے ساتھ ہو جائے گی۔ قرض ادا ہو جائے گا۔ دشمنوں کے مقابلہ میں فتح و نصرت حاصل ہو گی۔ اور چار دن نفل نمازیں زیادہ پڑھیے۔ اور درود شریف کا ورد رکھیے۔ اس کی برکت سے تمام پریشانیاں چند روز میں دور ہو جائیں گی۔

ت

تَنْزِیْلَ الْعَزِیْزِ الرَّحِیْمِ ۝

اے صاحب فال موجودہ پریشانیاں محض آپ کی آزمائش کے لیے ہیں۔ صراط مستقیم پر مضبوطی سے قائم رہیے۔ اور نیت خراب نہ کیجیے۔ اس وقت مستقل مزاجی اور ایمانداری کی بہت ضرورت ہے چند روز کے اندر آپ بحکم خدا حل مقصد تک پہونچ جائیں گے۔ سورہ یٰسین شریف کا ورد رکھیے اس کی برکت سے آپ بہت جلد تمام مقاصد میں کامیاب ہوں گے۔

غ

غُثَآءً اَحْوٰی

اے صاحب فال آپ کی قسمت کا ستارا اس وقت گردش میں ہے آپ کے دل میں خوفِ خدا نہیں ہے عبادت کی جانب رغبت نہیں بندگانِ خدا کا دل دکھاتے ہو۔ گناہوں سے توبہ کر کے سیدھا راستہ اختیار کیجئے مذہبی فرائض ادا کیجئے۔ لوگوں کا دل نہ دکھائیے۔ خیرات کیجئے اس کے بعد فضل خداوندی شامل ہوگا اور آپ جائز مقاصد میں کامیاب ہوں گے۔

د

اِذْ جَعَلَنَا خَلِیْفَةً فِی الْاَرْضِ قَالُوْا سَمِعْنَا۔

اے صاحب فال جان اور آگاہ ہو کہ حرف (د) فال تیری میں آیا ہے کہ جمعیت اور دل کشادہ کار کے اور جس کام کی تیرے دل میں طلب ہے اس کے درپے ہو مبارک ہوگا اور ہرگز ہاتھ اس کام سے مت اٹھا بخوبی انجام ہوگا اور بادشاہ اور امیران تم پر مہربان ہوں گے اور روز عزت اور دولت تیری بڑھے گی اور بیمار ہے تو شفا پائے گا۔ اگر سفر کا تم کو قصد ہے۔ چلا جا۔ کہ خالی از فائدہ نہیں ہے اگرچہ خرید و فروخت یا پیوند کی نیت ہے تو کرلے۔ بہت مبارک ہے دل کا راز کسی سے نہ کہہ اگر کوئی غائب ہے تو وہ بھی آجائے گا۔

ص

فَاصْبِرْ صَبْرًا جَمِیْلًا۔

اے صاحب فال جان اور آگاہ ہو کہ حرف (ص) طالع تیرے میں آیا ہے اس پر دلالت کرتا ہے کہ کہیں سے تم کو مال ملے گا اور گمشدہ واپس آئے گا۔ صبر کر صبر سے مراد پوری ہوگی۔ غائب تیرا رنج میں گرفتار ہے توکل بخدا کر سلامت آجاوے گا۔ بیمار ہے تو بیماری سے شفا پائے گا۔ نکاح کرنا ہے تو بہت اچھا ہے۔ اللہ تعالےٰ فرزند عطا کرے گا۔

ط

طٰهٰ مَآ اَنْزَلْنَا الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰی۔

اے صاحب فال جان اور آگاہ ہو کہ حرف (ط) تیرے طالع میں آیا ہے۔ دلالت کشائش رزق پر۔ لیکن نماز میں سستی نہ چاہیے جو دین و دنیا میں تیری بہتری ہو جائے اور نماز کی برکت سے تمام کام تیرے بخوبی انجام ہوں اور اگر کوئی تیرا غائب ہے چند روز کو آجائے گا۔ بیمار ہے تو شفا پائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ

بیان ایام ہفتہ برائے سفر

(روز شنبہ)

روز شنبہ کو آگنی کی طرف کسی کام کے واسطے جانا چاہیئے۔ تو آئینہ دیکھ کے جائے کہ ساتھ مطلب کے پھر آئے۔

(دوشنبہ)

اگر مشرق کی طرف جائے تو شہد کھا کے جائے کہ شیریں کام بامرام پھر آوے۔

(سہ شنبہ)

کو اگر کوئی مغرب کی طرف سفر کرنا چاہے تو نمک کھا کر جاوے اس کے دل کا مقصد پورا ہووے

چہار شنبہ

اگر کوئی شمال کی طرف سفر کرنا چاہے تو کھٹی چیز کھا کر جاوے مطلب پورا ہو۔

پنجشنبہ

کے روز سفر کرنا چاہے تو دہی کھا کر جاوے فتح اور کامیاب ہو

(یک شنبہ جمعہ)

اتوار یا جمعہ کے روز مغرب کی طرف سفر کو جانا چاہے تو پان کا بیڑا کھا کر جاوے دل کا مطلب پورا ہو۔

فالنامہ اسمائے پیغمبران علیہم السلام

یہ فالنامہ سرگزشت پیغمبران کے رُو سے فال کا جواب دیتا ہے اور اکثر معتبر فالناموں میں درج ہے جو چاہے کہ اس فالنامہ اسمائے پیغمبران علیہم السلام کی فال دیکھے تو وضو کر کے نیت کرے اور سورۂ فاتحہ اور سورہ اخلاص تین بار پڑھے اور اول اخر درود شریف پڑھ کر شہادت کی انگلی رکھے۔ جس خانہ پر انگلی پڑے ذیل کی شرح جواب میں دیکھے۔

حضرت آدم علیہ السلام	حضرت شیث علیہ السلام	حضرت نوح علیہ السلام
حضرت ادریس ؑ	حضرت صالح ؑ	حضرت داؤد ؑ
حضرت ہود ؑ	حضرت ابراہیم ؑ	حضرت اسمٰعیل ؑ
حضرت یعقوب ؑ	حضرت یوسف ؑ	حضرت الیاس ؑ
حضرت خضر ؑ	حضرت عیسیٰ ؑ	حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت آدم علیہ السلام

اے صاحب فال تجھے خوشی اور خرمی حاصل ہوگی اور اپنی مراد کو پائے گا۔ اور سب بزرگ تیری عزت و آبرو کریں گے اور تجھ کو عزیز رکھیں گے

حضرت شیث علیہ السلام

اے صاحب فال تو چند روز صبر سے کام لے جلدی کام کرنا شیطان کا کام ہے۔ اس سے آدمی خصومت میں پڑ جاتا ہے۔ اگر سفر کرنے کا ارادہ رکھتا ہے تو چند دن کے بعد سفر کر تیرا کام بن جائے گا۔

حضرت نوح علیہ السلام

اے صاحب فال دشمنوں نے تیرے زور مارا۔ مگر خدا تیرا حامی و مددگار ہے وہی تیرا بیڑا پار لگائے گا۔ ہر غم واندوہ کے بعد شادی و سرور ہے۔

حضرت ادریس علیہ السلام

اے صاحب فال تو جس کام کا ارادہ رکھتا ہے۔ وہ کام انجام پائے گا۔ فکر و غم دُور ہوگا۔ اگر سفر کرنے کی نیت رکھتا ہے تو ضرور سفر کر مراد تیری حاصل ہوگی۔ اور صحت و سلامتی کے ساتھ اپنے گھر واپس آنا ہو۔

حضرت صالح علیہ السلام

اے صاحب فال تو چند روز صبر کر تیری دلی مراد بر آئے گی اور خدا اپنا فضل و کرم تیرے شامل حال کرے گا اور صحت کا دروازہ تجھ پر کھولے گا اور رنج و غم تیرا دور ہوگا۔ اگر بیمار ہو تو شفا پائے گا۔

حضرت داود علیہ السلام

اے صاحب فال تو فکر نہ کر تیرے رنج و غم نے بہت طول کھینچا ہے۔ بالآخر خیر و خوبی دیکھے گا۔ صبر کر بعد صبر نتیجہ است و لیکن بر بشری دارد۔ فضل خدا تیرے شامل حال ہوگا۔ اور تیری ترقی روز بروز کی صورت نکلے گی۔

حضرت ہود علیہ السلام

اے صاحب فال تو ان دنوں میں فکر و افکار و غم و رنج میں پھنسا ہے۔ مگر چند روز صبر کر حاجتیں تیری بر آئیں گی اور سب غم واندوہ تیرا دُور ہوگا۔ حدیث شریف میں آیا ہے۔ کہ الصبر مفتاح الفرج یعنی صبر کنجی ہے فرحت کھلنے کی۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام

اے صاحب فال تیری مراد بکرم الٰہی بر آئے گی۔ اور رنج و غم سے رہائی و خلاصی پاکر خوش دلی و خوشحالی و رسائی کرے گی

اور خدا کا فضل و کرم تیرے شامل حال پُر ملال ہوگا۔

حضرت اسمٰعیل علیہ السلام

اے صاحب فال نیت تیری بہت ہی مبارک ہے سب مطالب دلی تیرے بر آئیں گے۔ سوائے خدا کے اور کسی پر بھروسہ مت رکھ و ھو نعم المولیٰ و نعم النصیر۔

حضرت یعقوب علیہ السلام

اے صاحب فال ابھی چندے تیری قسمت میں گردش ہے۔ دشمنوں کے ہاتھ سے خدا تجھ کو محفوظ رکھے وہ درپئے آزار آئیں۔ لیکن گھبرانے سے کچھ فائدہ نہیں ہوتا نظر بر کرم ذوالجلال رکھے تو سب کام انسان کے سنور جاتے ہیں۔

حضرت یوسف علیہ السلام

اے صاحب فال تیرے دشمن ذلیل اور خوار ہوں گے اور غم واندوہ دُور ہو جائیں گے۔ اور ایک وقت ایسا آئے گا کہ تیرے اقبال کا ستارہ چمک اٹھے گا۔

حضرت الیاس علیہ السلام

اے صاحب فال تیرے کو کوئی ایسی جگہ سے مدد پہنچے گی۔ جہاں تجھے وہم و گمان بھی نہ ہوگا۔ مگر چند دن صبر کر اب تیرے ایام

اچھے آئے ہیں۔

حضرت خضر علیہ السلام

اے صاحب فال روزی اور رزق میں تیرے اللہ ترقی دے گا۔ اور تیرے سب بگڑے کام سنور جائیں گے۔ اب دیر نہیں ہے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام

اے صاحب فال تیرا دکھ اور درد سب دُور ہوگا۔ تیری فال میں عیسیٰ کا نام آگیا ہے۔ اندیشہ و فکر و غم سب دُور ہو کر صحیح و توانا و تندرست ہو جائیگا اور رحمت خدا کا دروازہ تجھ پر کھل جائے گا۔

حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اے صاحب فال اگرچہ تیری برادری تجھے بہت ستائی گی اور طرح طرح کے رنج کا سامنا ہوگا۔ دشمن زیادہ دوست کم ہوں۔ لیکن بفضلِ تعالےٰ تیرے سب کام سنور جائیں گے۔ اور تیری حاجتیں تیری بر آئیں گی۔

کمالات سلیمانی

حصّہ سوم

نقش کی حقیقت

نقش بھرنے کی ترکیبیں۔ مثلث۔
مربع مخمس۔ مسدس۔ مسبع۔ مثمن۔ نقوش کی
ترکیبیں۔ نقوش کی تاثیرات و خواص۔ حب
تسخیر۔ بغض و عداوت۔ ترقی جاہ و منصب
کشائش رزق۔ دستِ غیب

مشتاق بک کارنر الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ علیٰ رسولہ
محمد وآلہ واصحابہ اجمعین ط

اما بعد

جملہ ناظرین کی خدمت میں التماس ہے کہ اس کتاب کو میں نے ایک قدیم فارسی کتاب سے ترجمہ کیا ہے اور ضرورت کی جگہ بعض مضامین کامل تحقیق کے ساتھ اضافہ کر دیئے ہیں اُمید ہے کہ طالبان علم و عمل کے لیے یہ کتاب از بس مفید ہو گی۔

فہرست

نمبر شمار	مضامین	صفحہ
۱	شکل ناقص ۔ عدد عدل	۷
۲	نقش عربی ۔ نقش عددی	۲۲
۳	برائے چوری	۲۴
۴	نقش برائے اسقاط حمل	۲۵
۵	نقش برائے سورہ اخلاص	۲۶
۶	دشمن کی زبان بندی	۳۰
۷	برائے دشمن کے لیے	〃
۸	برائے حب کے لیے	〃
۹	برائے مسان	۳۱
۱۰	برائے آسانی پیدائش	۳۲
۱۱	بچے کا رونا	〃
۱۲	بھاگنے والے کے لیے	۳۴
۱۳	بخار کے لیے	〃
۱۴	چیچک کے لیے	۳۵
۱۵	اگر کسی سے قتل ہو جائے تو	۳۶
۱۶	کشادگی رزق کے لیے	۳۷
۱۷	مفرور کے لیے	〃

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ
۱۸	برائے زبان بندی کے لیے	۳۹
۱۹	برائے صحت	۴۰
۲۰	برائے کشائش رزق	۴۱
۲۱	بغض وحسد کے لیے	〃
۲۲	محبت کے لیے	۴۴
۲۳	برائے تپ ولرزہ کے لیے	۴۵
۲۴	برائے گریۂ اطفال کے لیے	۴۶
۲۵	برائے دردِ زہ	〃
۲۶	برائے بانجھ پن	۴۷
۲۷	درم گلہ اور کان کے لیے	۴۹
۲۸	دفع آسیب	۵۲
۲۹	ظالم کے لیے	۵۴
۳۰	مطلوب کے لیے	۵۵
۳۱	صالح فرزند کے لیے	۵۶
۳۲	دولت کے لیے	〃
۳۳	بھاگے ہوئے کے لیے	۵۷
۳۴	دشمن کی بدگوئی کے لیے	〃
۳۵	درد سر کے لیے	〃
۳۶	ہر مرض ہر حاجت کے لیے	۵۸
۳۷	مطلوب کو بے قرار کرنا	۶۰

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ
۳۸	وبا بیماری طاعون کے لیے	۶۱
۳۹	بواسیر خونی وبادی کے لیے	〃
۴۰	نقش اعظم	۶۲
۴۱	برائے بواسیر	〃
۴۲	برائے درد کے لیے	۶۳
۴۳	محبت و بے تابی کے لیے	۶۴
۴۴	عمل برائے جملہ حاجات	۶۵
۴۵	پیچس (ہر کام کے لیے)	۶۶
۴۶	برائے دردِ شقیقہ کے لیے	۶۷
۴۷	نقش کلام اللہ	۶۸
۴۸	اولاد کے لیے	۶۹
۴۹	چند نقوش دستِ غیب	۷۱
۵۰	حمل باندھے کے لیے	۷۳
۵۱	قیدی کی رہائی کے لیے	〃
۵۲	اگر لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہیں۔	۷۴
۵۳	بغض کے لیے	۷۶
۵۴	عمل حب و تسخیر	۷۹
۵۵	دوستی کے لیے	۸۱
۵۶	چوری کا مال برآمدی کے لیے	۸۳
۵۷	دوکان کو تباہ کرنا	

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ
۵۸	گمشدہ کے لیے	۸۵
۵۹	چور کا معلوم کرنا	۸۶
۶۰	کسی کو بے قرار کرنا	〃
۶۱	نقش یٰسین اور اس کے فوائد	۸۷
۶۲	فتوحات کے لیے	۸۹
۶۳	صالح فرزند ارجمند کے لیے	۹۱
۶۴	مفلسی کے لیے	۹۳
۶۵	دردِ پستان کے لیے	۹۴
۶۶	تپِ لرزہ کے لیے	〃
۶۷	دردِ سر کے لیے	۹۵
۶۸	غلام بھاگ جائے	۹۸
۶۹	ناف ٹل جائے	۹۹
۷۰	دوکان کی ترقی کے لیے	۱۰۰
۷۱	گلے کے درد کے لیے	〃
۷۲	دردِ جگر کے لیے	۱۰۱

محمد اسلم نقشبندی مجددی

واضح ہو کہ اصطلاحات کی واقفیت اس فن کا موضوع ہے۔ پس معلوم کرنا چاہیے کہ وقف اعداد کی دو قسمیں ہیں۔

کامل و ناقص اور شکل میں عدد قائم کرنے کی چار صورتیں ہیں۔

۱- تام ناقص ۲- فرد ۳- زوج

۴- شکل تام یا کامل اُس شکل کو کہتے ہیں جس میں ایک اور شکل بھی مندرج ہو۔

شکل ناقص } اُس شکل کو کہتے ہیں جس میں کوئی دوسری شکل مندرج نہ ہو۔ جیسے مثلث و مربع حقیقی چنانچہ اس شکل میں صرف ایک خاصیت ہوتی ہے بخلاف مخمس کے کہ اُس میں مثلث و مسدس بھی مندرج ہے اور یہ دگنی خاصیت رکھتی ہے اسی طرح مسبع و مثمن شکلیں سہ گنی خاصیت رکھتی ہیں۔ شکل کی صحت معلوم کرنے کا یہ قاعدہ ہے کہ ضلع ضلع سے سطر سطر سے قطر قطر سے برابر ہو۔ اگر یہ سب باتیں برابر نہ ہوں گی تو شکل صحیح نہ ہوگی۔

عدد عدل } معلوم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ ایک سطر کے خانوں کے عدد لے کر انھیں میں ضرب دو اور حاصل ضرب میں ایک اور ملا دو پھر سطر کے اعداد کو نصف کر کے اس مجموعہ میں ضرب دو۔ کل اعداد عدد عدل کہلائیں گے۔ وقف طبعی دریافت کرنے کے لیے۔ یہ ضروری ہے۔

عدد مطردہ معلوم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ ایک سطر کے اعداد لے کر انھیں میں ضرب دیں اور حاصل ضرب سے ایک کم دیں پھر سطر اوّل کو نصف تقسیم کر کے حاصل قسمت کو اس مجموعہ میں ضرب دیں حاصل ضرب عدد مطردہ کہلائیں گے۔

عدد عدل سے عدد مطردہ کو تفریق کر دو پھر باقی کو سطر کے اعداد پر تقسیم کر کے کسی سطر سے نقش پر کرو چنانچہ مثلث حقیقی کی ایک سطر میں تین عدد ہیں اُن کو نصف کیا تو ڈیڑھ ہوا اور اس کے عدد عدل حاصل کے یعنی ایک کے بجائے دس اور نصف کے بجائے پانچ دونوں کو جمع کیا تو پندرہ ہوئے معلوم ہوا کہ مثلث حقیقی کے لیے کم از کم پندرہ اعداد ہونا لازمی ہیں اور اگر اس سے زیادہ ہوں تو بھی جائز ہے اسی طرح مربع حقیقی کی سطر کے چار عدد ہیں چار کو چار میں ضرب دیا حاصل ضرب سولہ ہوا اس میں ایک اور ملایا کل سترہ ہوئے اب سطر کے عددوں کو دو پر تقسیم کر کے خارج قسمت سے اس مجموعہ کو ضرب دیا حاصل ضرب چونتیس ہوا یہ عدد وقفی ہیں پس معلوم ہوا کہ مربع کے عدد چونتیس سے کم نہیں ہو سکتے اگر ان سے زیادہ ہوں تو مضائقہ نہیں ہے۔

عدد مطردہ مثلث کے یوں معلوم کیے گئے کہ سطر کے عددوں کو انھیں میں ضرب دیا یعنی تین کو تین سے ضرب دیا حاصل ضرب نو ہوا اس میں سے ایک تفریق کر دیا آٹھ باقی رہ گئے گویا آٹھ کل ہے اور نصف چار ہے پس آٹھ کو چار میں جمع کر دیا مجموعہ بارہ ہوا اور یہی عدد مطردہ ہیں۔

عدد مطروحہ مربع میں یوں معلوم کیے گئے کہ سطر اوّل کے عددوں کو انھیں ضرب دیا یعنی چار کو چار میں ضرب دیا حاصل ضرب سولہ ہوا اس میں سے ایک گھٹا دیا پندرہ باقی رہے ان کو پہلی سطر کے نصف یعنی دو سے ضرب دیا مجموعہ تیس ہوا اور یہی عدد مطروحہ ہیں جب معلوم ہو گیا کہ مثلث کے اعداد مطروحہ بارہ اور مربع کے اعداد مطروحہ تیس ہیں تو اعداد عدل سے ان کو تفریق کر دیا۔ اور جو کچھ باقی رہا اُس کو سطر کے عدد سے تقسیم کر دیا خارج قسمت سے خانہ پُری کی چنانچہ حساب مذکورۂ بالا کے مطابق مثلث و مربع کی ایک سے خانہ پُری شروع کی گئی۔

اگر اعداد میں کسر واقع ہو تو مثلث میں کسی طرح رفع نہیں ہو سکتی اور مربع میں برابر آتی ہے اگر کسر ہو تو اس خانے سے جو کسر کے لیے ہے ایک عدد اور زیادہ کرے۔ پس اگر تین کی کسر ہو پانچویں خانے سے دو کی ہو تو نویں خانے سے ایک کی ہو تو تیرہویں خانے سے ایک عدد زیادہ کریں۔ اور مثلث میں دو کے لیے چوتھے خانے سے اور ایک کے لیے ساتویں خانے سے ایک عدد زیادہ کریں کہ ٹھیک ہو جائے۔

اشکال کی تفصیل یہ ہے۔

کہ اشکال تین قسم کی ہیں اوّل - فرد دوسری - زوج الفرد۔ تیسری زوج الزوج

۱ شکل فرد - وہ ہے کہ اگر سطر کے عدد نصف کریں تو پورے پورے تقسیم نہ ہوں کسر آتی ہو۔ جیسے مثلث کی سطر کے عدد تین ہیں ان کو نصف کیا تو ڈیڑھ ہوا جو سالم نہیں ہے بلکہ کسر ہے یا مخمس کو نصف کیا تو ڈھائی ہوا اس کی بھی وہی حالت ہے۔

شکل زوج الفرد:

وہ ہے کہ اگر سطر کے عدد نصف کریں تو سالم ہوں اور نصف کا نصف کریں تو سالم نہ ہوں جیسے مسدس کی سطر میں چھ عدد ہوں ان کو نصف کیا تو تین ہوئے یہ سالم ہیں لیکن ان کو نصف کیا تو ڈیڑھ رہا اس میں کسر ہے اور نصف کے نصف میں کسر نہ ہو تو وہ زوج الزوج ہے جیسے منثمن۔

اب ضلع قطر حواشی بطنی کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے۔ حواشی میں نقطے دے گئے ہیں اور مثلث کی شکل یہ ہے۔



یہ مثلث حقیقی کی مثال ہے ایک سطر کے عدد انھیں عددوں میں ضرب کیے گئے یعنی تین کو تین میں ضرب کیا حاصل ضرب نو ہوا ایک عدد ضابطہ کے لیے بڑھایا گیا دس ہوئے یہ کل ہے اس میں نصف اور یعنی پانچ ملائے گئے۔ کل پندرہ ہوئے پس اُن پندرہ کو ہر ضلع سے اس طرح پُر کیا گیا کہ بارہ عدد مطروحہ کو تفریق کیا تین رہے اُن کے تین حصے کیے ایک رہا ایک سے نقش پری شروع کی۔

اشکال نقوش مثلثہ

۷۸۶

آتشی	۸	۱	۶	۴	۹	۲
	۳	۵	۷	۳	۵	۷
خاکی	۴	۹	۲	۸	۱	۶
	۱۵	۱۵	۱۵	۱۵	۱۵	۱۵

۷۸۶

بادی	۸	۳	۴	۴	۳	۸
	۱	۵	۹	۹	۵	۱
آبی	۶	۷	۲	۲	۷	۶
	۱۵	۱۵	۱۵	۱۵	۱۵	۱۵

چاروں قطروں کو چھوڑ کر جس ضلع سے چاہیں اُس سے خانہ پُری شروع کریں اس نسخہ میں نقش مثلث بھرنے کی پوری ترکیب آگئی ہے۔

دو اسپ و رخ دو فرزیں باز رخ گیر
شدہ آخر مثلث راست تدبیر

جب پہلا خانہ پر کریں تو اططھبال کہیں دوسرے میں بططھبال تیسرے میں جططھبال چوتھی میں وطططھبال پانچویں میں ھطططھبال

چھٹے میں وطططھبال ساتویں میں زطططھبال آٹھویں میں وطططھبال نویں میں طططططھبال۔ ہر روز پنتالیس ۴۵ مرتبہ نقش کو اسی طرح پر کریں۔ پنتالیس مرتبہ دن میں زکات ادا ہوگی یہی شاہ مغربی کا طریقہ ہے۔

نقش مربع پر کرنے کا طریقہ

چار کو چار میں ضرب دیا سولہ ہوئے ایک عدد زیادہ کیا سترہ ہوئے اُن کو دو سے ضرب دیا چونتیس ہوئے یہ وقف طبعی کے عدد ہیں پھر انھیں سولہ میں سے ایک کم کیا۔ پندرہ رہے ان کو دو میں ضرب دیا۔ تیس ہوئے یہ عدد مطروحہ ہیں۔

چنانچہ عدد عدل سے عدد مطروحہ تفریق کر دیے چار باقی رہے۔ ان کو چار پر تقسیم کیا ایک خارج قسمت ہوا اس سے نقش پُری شروع کی مربع کے سولہ خانوں میں سے ہر ایک خانے کی ایک جُدا خاصیت ہے جو مثلث و مربع کی زکوٰۃ میں بیان ہوگی۔

نقش مربع پُر کرنے کا فائدہ یہ ہے ؎

اسپ فرزیں اسپ و رُخ باز اسپ فرزیں اسپ گیر
فیل دارد در مربع ہر طرف در دے پذیر

نقش کی شکل اگلے صفحہ پر ملاحظہ ہو۔

اسپ	فیل	رخ	فیل
فیل	اسپ	فرزین	فیل
فرزین	فیل	سولھواں	اسپ
فیل	رخ	اسپ	فیل

ان چار خانوں میں سے ایک آتشی ہے ایک خاکی ہے ایک بادی ہے ایک آبی ہے اور چاروں اسی سلسلہ کے ساتھ شروع ہوتے ہیں۔ پس ہر ایک کام کے لیے اُسی خانے سے نقش پُر کرنا چاہیئے جو اس کے لیے مناسب ہے۔ ان نقوش کو نقش اجل کہتے ہیں۔ اور مثلث کو نقش کہتے ہیں۔ کسر دینے کی ترکیب اوّل مذکور ہو چکی ہے۔ اب مثال کے طور پر ایک نقش لکھا جاتا ہے اور وہ یہ ہے۔

۱	۱۷	۱۴	۱۰
۱۵	۹	۲	خانہ کسر یک ۱۶
۸	خانہ کسر ۱۲ ۲	۱۹	۳
۱۸	۴	خانہ کسر ۳	۱۳

پس اسی طریقہ سے سوا لاکھ اور کروڑ کا نقش پر کریں واضح ہو کہ پہلا خانہ تندرستی و صحت و محافظت کے لیے ہے اور یہ خانہ آتشی ہے۔

اشکال نقوش مع خواص

خانہ (۱) صحت کے لیے

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۱۵	۴	۱۵

خانہ (۲) خاکی محبت کے لیے

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۹	۶
۵	۱۰	۱۵	۴

خانہ (۳) بادی دولت کے لیے

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

خانہ (۴) آبی خوف و امان دشمن کے لیے

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

خانہ (۵) آتشی امان غرق کے لیے

۴	۹	۷	۱۴
۱۵	۶	۱۲	۱
۳	۱۳	۸	۹
۵	۱۶	۳	۱۱

خانہ (۶) خاکی سُرخ بادہ بیماری رفع کرنے کیلئے

۵	۱۰	۱۵	۴
۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹

خانہ (۷) بادی زیادتی مال کے لیے

۴	۱۵	۱۰	۵
۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶

خانہ (۸) آبی جدائی کے لیے

۱۴	۷	۹	۴
۱	۱۲	۶	۱۵
۸	۱۳	۳	۱۰
۱۱	۲	۱۶	۵

خانہ (۹) آتشی فتحیابی جنگ کے لیے

۵	۱۶	۲	۱۱
۱۰	۳	۱۴	۸
۱۵	۶	۱۲	۱
۴	۹	۷	۱۴

خانہ (۱۰) خاکی حصول علم وعزت کیلئے

۱۶	۳	۶	۹
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۱	۸	۱	۱۴
۵	۱۰	۱۵	۴

خانہ (۱۱) بادی وصل ودوست کیلئے

۹	۶	۳	۱۶
۷	۱۲	۱۳	۲
۱۴	۱	۸	۱۱
۴	۱۵	۱۰	۵

خانہ (۱۲) آبی صلح ومغلوبی دشمن کیلئے

۱۱	۲	۱۶	۵
۸	۱۳	۳	۱۰
۱	۱۲	۶	۱۵
۱۴	۷	۹	۴

خانہ (۱۳) آتشی کھیت کے کیڑے دور کرنے کیلئے

۱۵	۴	۵	۱۰
۶	۹	۱۶	۳
۱۲	۷	۲	۱۳
۱	۱۴	۱۱	۸

خانہ (۱۴) خاکی زراعت کے لیے

۴	۱۵	۱۰	۵
۹	۶	۳	۱۶
۷	۱۲	۱۳	۲
۱۴	۱	۸	۱۱

خانہ (۱۵) بادی عشق کے لیے

۵	۱۰	۱۵	۴
۱۶	۳	۶	۹
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۱	۸	۱	۱۴

خانہ (۱۶) آبی

۱۰	۵	۴	۱۵
۳	۱۶	۹	۶
۱۳	۲	۷	۱۲
۸	۱۱	۱۴	۱

سولھویں خانہ کا نقش بادشاہوں کے آگے جانے یہ سلامتی ذات۔ خوبی تدبیر۔ صلاح کار اور دیگر امور کی بہتری کے لیے ہے۔

مخمس شکلوں کا بیان جو زہرہ سے منسوب ہیں

چونکہ مخمس کی اصل پانچ ہے اس لیے پانچ سے پانچ کو ضرب دیا۔

پچیس[۲۵] حاصل ضرب ہوا اس میں ایک عدد زیادہ کیا چھبیس[۲۶] ہوئے چھبیس[۲۶] کو ڈھائی سے ضرب دیا حاصل ضرب پینسٹھ ہوئے اور یہی عدد عدل ہیں عدد مطروحہ دریافت کرنے کے لیے پانچ کو پانچ میں ضرب دیا پچیس[۲۵] حاصل ضرب ہوا اس میں سے ایک کم کیا چوبیس ہوئے ان کو ڈھائی سے ضرب دیا حاصل ضرب ساٹھ ہوا اور یہی عدد مطروحہ ہیں۔ عدد مطروحہ کو عدد عدل سے تفریق کر دیا پانچ باقی رہے ان کی پہلی سطر کے عدد یعنے پانچ سے تقسیم کیا خارج قسمت ایک ہوا اس سے نقش پُری کی گئی۔

شکل مخمس میں کافی غور کرنا چاہیے۔ یعنی اس میں ایک[۱] سات[۷] اٹھارہ[۱۸] چوبیس[۲۴] پانچ[۵] چھ[۶] دو[۲] چودہ[۱۴] برابر ہیں اور تیرہ[۱۳] انیس[۱۹] پچیس[۲۵] برابر ہیں اور دس[۱۰] بائیس[۲۲] چودہ[۱۴] برابر ہیں ضلع و حواشی چھوٹے ہوئے ہیں ہر شکل میں مخمس ناقص بے تال[۲۴] پُر کریں دوسری ترکیب یہ ہے کہ اس کی چال مربع کی طرح معلوم کریں فی طول اسپ رخ دو اسپ وغیرہ چنانچہ ایک شکل لکھی جاتی ہے۔

۱	۱۴ طول	۲۲	۱۰ طول	۱۸
۵	۸	۱۶ رخ	۹ طول	۱۲ طول
۱۹	۱۲ اسپ	۱۵ اسپ	۲۳	۶ رخ
۱۳ دو اسپہ	۲۱ اسپ	۱۹ اسپ	۱۷	۱۵ اسپ
۷	۴۰	۱۳ اسپ	۱۱ طول	۲۴

ان شکل میں چار ضلع اور چار قطر واقع ہوئے ضلع فوقی یعنی

اُوپر کا ضلع اور وہ ضلع جو اُس کے مقابل ہے اور اُس کو ضلع ستحتی کہتے ہیں ایک ضلع جو ذہنی جانب ہے اسے ضلع یمینی کہتے ہیں ایک ضلع جو بائیں جانب واقع ہے اسے ضلع یساری کہتے ہیں۔ ہر ضلع میں تین تین خانے ہوتے ہیں کہ ان کا مجموعہ بارہ خانے ہوتے ہیں اور چار قطر یعنی گوشے کل سولہ ہیں۔ نو خانے باقی وہ وسط کہلاتے ہیں یہ مثلث کے نو خانے چاروں طرف سے برابر آتے ہیں بس اسی ترتیب کے ساتھ ہر ایک خانہ سے نقش کو پُر کریں مثال کے لیے چند نقش لکھے جاتے ہیں۔

نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ ہو

خانہ (۱)

۱	۲۵	۱۹	۱۳	۷
۱۴	۸	۲	۲۱	۲۰
۲۲	۱۶	۱۵	۹	۳
۱۰	۴	۲۳	۱۷	۱۱
۱۸	۱۲	۶	۵	۲۴

خانہ (۲)

۲۰	۱	۲۱	۱۹	۴
۲	۱۰	۱۵	۱۴	۲۴
۳	۱۷	۱۳	۹	۲۳
۱۸	۱۲	۱۱	۱۶	۸
۲۲	۲۵	۵	۷	۶

خانہ (۱۵)

۳	۴	۲۱	۱۸	۱۹
۲۴	۱۴	۹	۱۶	۲
۲۵	۱۵	۱۳	۱۱	۱
۶	۱۰	۱۷	۱۲	۲۰
۷	۲۲	۵	۸	۲۳

خانہ (۱۱)

۱۹	۱۸	۲۱	۴	۳
۲	۱۶	۹	۱۴	۲۴
۱	۱۱	۱۳	۱۵	۲۵
۲۰	۱۲	۱۷	۱۰	۶
۲۳	۸	۵	۲۲	۷

خانہ (۵)

۷	۱۳	۱۹	۲۵	۱
۲۰	۲۱	۲	۸	۱۴
۳	۹	۱۵	۱۶	۲۲
۱۱	۲۷	۲۳	۴	۱۰
۲۴	۲۵	۶	۲	۱۸

خانہ (۱۶)

۲۳	۸	۵	۲۲	۷
۲۰	۱۰	۱۵	۱۴	۶
۲	۱۷	۱۳	۹	۲۴
۱	۱۲	۱۱	۱۶	۲۵
۱۹	۱۸	۲۱	۴	۳

ان مثالوں میں مختلف خانوں سے نقش پر کیے گیے ہیں
اختیار ہے جس خانے سے چاہیں اور ضرورت ہو پُر کریں۔ اسی طرح
طبعی کے عدد دریافت کر کے مسدس کی شکلیں تیار کریں۔ مثلاً مس
کی اصل چھ ہے چھ کو چھ میں ضرب دیا چھتیس ۳۶ حاصل ضرب ہوا
شامل کر دیا سنتیس ان کو سطر کے نصف عدد یعنی چھ سے ضرب
حاصل ضرب ایک" سو گیارہ ہوئے یہ عدد عدل ہیں اور جب قا
مذکورۂ بالا عدد مطروحہ ایک ۱۰۵ سو پانچ ہیں اس طرح ضرب دینے
بعد چھ باقی رہے اُن کو چھ پر تقسیم کیا ایک خارج قسمت آیا اس
نقش پڑی شروع کی گئی۔ اس کی رفتار مثلث دو اسپہ کی طرح ہے
انھیں قواعد کے مطابق نقش مسبع و مثمن کو بھی پر کرنا چاہیے۔

تمام نقوش کی دعوت کا طریق:۔

نقوش مثلث کی دعوت کا طریق عناصر پر ہوتی ہے۔ یعنی چارو
نقوش کو ساٹھ دن تک ترک حیوانات و لذات کر کے پندرہ بار ہر
ایک کو لکھے۔ آتشی کو آگ میں ڈالیں بادی کو ہوا میں پندرہ بار لکھ کر
پندرہ روز تک رکھیں آبی کو پانی میں ڈالیں اور خاکی کو پندرہ دن تک
خاک میں رکھیں۔ ساٹھ دن گذرنے کے بعد ہر روز چار نقش لکھنے کا
معمول کریں۔ پس محبت و تسخیر و فتوح صحت و بیماری کے لیے آتشی
نقش لکھیں دور جنگ و فتح و خرخشہ و دفع بیماری و آسیب خانہ
و فلیتہ و حاضرات و بیماری گہنہ کے لیے بادی اور عورتوں کی محبت و
مواصلت و چاہ کنی و تیاری باغ اور اُمرا و فقرا کے رو برو جانے اور عا
کو تسخیر کرنے کے لیے آبی نقش لکھیں۔ اور نفاق و جدائی و زبان بند

دفع حسد حاسدان وتحصیل مال وعمارت وسفر وتیاری نسخہ کیمیا اور سیر وشکار میں خاکی لکھیں اثر تمام ہوگا۔

عملیات میں استادوں نے ان میں سے ہر ایک نقش کی زکات کا ایک جدا طریقہ لکھا ہے اور ان کی جو کچھ خاصیت ہو جائے تعجب نہیں کیونکہ نقش اجل و نقش حوا میں عجیب عجیب خزانے مخفی ہیں۔

واضح ہو کہ نقش آتشی کا مؤکل عزرائیل ہے نقش بادی کا جبرائیل نقش آبی کا میکائیل نقش خاکی کا اسرافیل اور یہی مؤکل مربع میں بھی ہیں اور زکوٰۃ مربع کی ترکیب یہ ہے کہ آتشی نقوش کو چھ تیس عدد لکھ کر آگ میں ڈالیں اور بادی کو ہوا میں اڑائیں اور اسی پر دوسروں کو قیاس کریں۔

خمس کی ترکیب یہ ہے کہ زہرہ کی ساعت میں پینسٹھ نقش لکھ کر بخارات روشن کریں اور آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالیں پینسٹھ دن تک یہ عمل کریں اس نقش میں دوسرے نقوش سے بھی زیادہ ترک حیوانات و لذات ضروری ہے۔

اب وہ نقوش لکھے جاتے ہیں جو بزرگوں سے منقول ہیں چنانچہ نقش بسم اللہ سے ابتدا کی جاتی ہے۔

اگر کوئی شخص اس نقش عربی و عددی کو چالیس دن تک اکتالیس اکتالیس مرتبہ بادضو علی الصباح ایک جلسہ میں لکھیں اور آٹے میں گولی بنا کر دریا میں ڈال دیا کریں تو عامل ہو جائے گا۔ پھر جس بارے میں لکھے گا۔ اثر عظیم ہوگا۔

نقش عربی



نقش عددی

۲۶۳	۲۵۸	۲۶۵
۲۶۴	۲۶۲	۲۶۰
۲۵۹	۲۶۶	۲۶۱

دیگر: نقش سورہ یٰسین۔ اگر تمام یٰسین لکھنے کی ضرورت ہو لیکن

گنجائش نہ ہو تو یہ نقش پاؤ پارہ سے کچھ زیادہ ہے لکھیں اس نقش کے فوائد بیان کرنے سے قاصر ہے۔ دریا کوزہ میں بند کیا گیا ہے چالیس دن دریا کے کنارے جا کر عسل کریں اور نقش مذکور پڑھ کر آٹے کے ۱۲ شکریں گولی بنا کر مچھلیوں کو دیں۔ جب چلہ تمام ہو جائے تو شیر برنج کا ایک کونڈا تیار کر کے موکلان و جناب پیغمبرؑ کی نیاز دیں۔ جس مراد کی اشتہا ہو اس میں سے کھائیں باقی کو دریا میں چھوڑ دیں۔ نقش غائب ہو جائیں گے۔ اس کے بارے میں یہ نقش لکھیں گے بڑا عظیم ہوگا۔

اگر اپنے سامنے اور زبان بھی کہ کے بادشاہ کے آگے جائیں تو وہ خود معافی کر دے گا۔ لڑائی میں فتح و نصرت کے ساتھ واپس آئیں گے۔

اگر کسی غائب کے آنے کے لیے نقش مذکور بھاری لوہے کے پنجرے میں دبا دیں بیقرار ہو کر حاضر ہوگا۔

شوہر عورت سے یا عورت شوہر سے یا معشوقہ جدا ہو جائے تو اس نقش کو مشک اور زعفران سے لکھ کر اور عطر مل کر خوشبودار دھونی پنجشنبہ کے دن باطہارت دھونی کریں اور چراغ کا منہ مطلوب کی طرف کریں انشاء اللہ تین یا تین مطلوب حاضر ہوگا۔

اگر کوئی دشمن ہو جائے یا آزردہ رہا ہو تو اس نقش کو لکھ کر درخت کے شربت میں دھو کر پلائیں مطلوب فرمانبردار ہو جائے گا

کسی کو سحر کیا گیا ہو یہ نقش تین دن تک لکھ کر پلائیں صحت یاب ہو جائے گا۔

بانجھ پن عورت کو چالیس دن روز ایک نقش گلاب میں دھو کر

پلائیں فرزند پیدا ہوگا۔

اگر مریض ہلاکت کے قریب ہو اس نقش کو ہر روز تازہ پانی میں دھو کر پلائیں انشاء اللہ صحت ہو جائے گی۔

برائے چوری

کسی کا مال چوری ہو گیا ہو تو یہ نقش سوتے وقت سر کے نیچے رکھیں چور کی صورت خواب میں صاف معلوم ہوگی۔

کھیت میں دفن کریں تو کھیتی بہت ہوگی۔ اگر اپنے مال میں رکھیں مال کبھی گم نہ ہوگا۔

واضح ہو کہ موکلوں کے نام یعنی جبرائیلؑ، میکائیلؑ، اسرافیلؑ، عزرائیلؑ نقش کے چاروں کونوں میں ضرور لکھنا چاہیئے۔ یہ چاروں اس نقش کے حاکم ہیں ان کی شہادت کے بغیر نقش کا جاری ہونا دشوار ہے۔

تمام سورہ کے اعداد دو لاکھ پندرہ چھ سو ترپن ہیں۔ اور اسماء موکلات کے عدد اس کے علاوہ ہیں اس سے باہر ہیں۔ یہ سورہ تمام کلام اللہ کی جان ہے اس نقش کو بہت عزیز رکھنا چاہیئے۔ نقش یہ ہے

۴۳۱۲۴	۴۳۱۳۱	۴۳۱۳۷	۴۳۱۴۳	۴۳۱۱۸
۴۳۱۳۸	۴۳۱۳۹	۴۳۱۱۹	۴۳۱۲۰	۴۳۱۴۴
۴۳۱۲۰	۴۳۱۲۶	۴۳۱۳۲	۴۳۱۳۳	۴۳۱۴۰
۴۳۱۲۹	۴۳۱۴۵	۴۳۱۴۱	۴۳۱۲۱	۴۳۱۲۷
۴۳۱۴۲	۴۳۱۴۲	۴۳۱۲۳	۴۳۱۳۰	۴۳۱۳۶

نقش برائے ساقط حمل

نقش آیت الکرسی - مجرب اور آزمودہ ہے جس عورت کا حمل ساقط ہو جاتا ہے یا بچہ پیدا ہو کر مر جاتا ہے تو یہ نقش لکھ کر مریضہ کے گلے میں پہنائیں یا حامل عورت کی کمر میں باندھیں تو حمل ہرگز ساقط نہ ہوگا۔ جب بچہ پیدا ہو جائے تو پھر کھول دیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیلؑ — میکائیلؑ

لہ الا الہ الا ھو الحی	القیوم	لا تاخذہ	ولا نوم	لہ ما فی	دما فی	یعلم ما
القیوم	لا تاخذہ	سنۃ	ولا نوم	لہ ما فی السموٰت	دما فی الارض	من ذا الذی یشفع عندہ الا باذنہ
لا تاخذہ	ولا نوم	لہ ما فی السموٰت	دما فی الارض	من ذا الذی یشفع عندہ الا باذنہ	یعلم ما بین ایدیھم	وما خلفھم ولا یحیطون
ولا نوم	لہ ما فی السموٰت	دما فی الارض	من ذا الذی یشفع عندہ الا باذنہ	یعلم ما بین ایدیھم	وما خلفھم ولا یحیطون	بشیٔ من علمہ الا بما
لہ ما فی السموٰت	دما فی الارض	من ذا الذی یشفع عندہ الا باذنہ	یعلم ما بین ایدیھم	وما خلفھم ولا یحیطون	بشیٔ من علمہ الا بما	وسع کرسیہ السموٰت والارض
دما فی الارض	من ذا الذی یشفع عندہ الا باذنہ	یعلم ما بین ایدیھم	وما خلفھم ولا یحیطون	بشیٔ من علمہ الا بما	وسع کرسیہ السموٰت والارض	ولا یئودہ
من ذا الذی یشفع عندہ الا باذنہ	یعلم ما بین ایدیھم	وما خلفھم ولا یحیطون	بشیٔ من علمہ الا بما	وسع کرسیہ السموٰت والارض	ولا یئودہ حفظھما	وھو العلی العظیم

عزرائیلؑ — اسرافیلؑ

نقش برائے سورۂ اخلاص

نقش قل ہو اللہ عددی و عربی ان نقشوں میں ہر قسم کے خواص موجود ہیں اگر مہینہ سے یا شکم سے خون آتا ہو یا تپ دق ہو یا کوئی دوسرا لاعلاج مرض ہو تو نقش عربی چالیس دن تک نقش لکھ کر مریض کو پلائیں صحت یاب ہو جائے گا۔

قیدی کے بازو میں باندھیں تو رہائی پائے گا۔

کوئی شخص مدت دراز سے گم ہو گیا ہو اور اس کی کچھ خبر معلوم نہ ہو تو اس نقش کو مشک و زعفران سے لکھیں اور باوضو سر کے نیچے رکھ کر سو جائیں اس کی پوری کیفیت خواب میں معلوم ہوگی۔

اگر حاملہ کا حمل ساقط ہو جاتا ہو تو نقش لکھ کر اس کی کمر میں باندھیں فوراً خون و درد موقوف ہو جائے گا۔

اگر غائب شخص کو بلانا مقصود ہو تو یہ نقش لکھ کر دو پتھروں کے درمیان رکھ دیں۔ فوراً حاضر ہوگا۔

محبت کے بارے میں یہ نقش تیر بہدف ہے۔ جس غرض کے لیے یہ نقش لکھا جائے گا۔ پوری ہوگی۔

زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ عروج ماہ میں ہر روز چالیس نقش عربی یا عددی باوضو لکھیں اور روزانہ آٹے میں گولی بنا کر دریا میں یا نہر میں ڈال دیں۔ چالیس دن عمل پورا کریں۔ آخری دن میٹھی چیز پکا کر سورہ فاتحہ پڑھ کر ختم دلائیں اور چھوٹے بچوں کو کھلائیں۔ انشاء اللہ عاجل

ہو جائیں گے۔ نقش یہ ہیں

نقش عددی

۷۸۶

۲۴۳	۲۵۶	۲۵۳	۲۵۰
۲۵۴	۲۴۹	۲۴۴	۲۵۵
۲۴۸	۲۵۱	۲۵۸	۲۴۵
۲۵۷	۲۴۶	۲۴۷	۲۵۲

الحب فلان بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں

یہ نقش عربی ہے

یا جبرائیلؑ ۷۸۶ یا میکائیلؑ

قل	هو	الله	احد	الله	الصمد	لم	يلد
هو	الله	احد	الله	الصمد	لم	يلد	ولم
الله	احد	الله	الصمد	لم	يلد	ولم	يولد
احد	الله	الصمد	لم	يلد	ولم	يولد	ولم
الله	الصمد	لم	يلد	ولم	يولد	ولم	يكن
الصمد	لم	يلد	ولم	يولد	ولم	يكن	لهٗ
لم	يلد	ولم	يلد	ولم	يكن	لهٗ	كفوًا
يلد	ولم	يولد	ولم	يكن	لهٗ	كفوًا	احد

یا عزرائیلؑ الحب فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں یا اسرافیلؑ

دیگر

نقش سورۂ فلق مجرب ہے اگر کوئی خواب میں ڈرتا ہے یا بُری خواب دیکھتا ہو یا مکان سے خوف آتا ہو تو یہ نقش گلے میں باندھے۔ اگر کوئی قیدی بازو میں باندھے تو قید سے جلد رہائی پائے۔ اگر کسی احتلام بہت ہوتا ہو تو یہ نقش لکھ کر دل کے برابر رکھیں وسوسہ احتلام سے محفوظ رہے گا۔

اگر کسی پر جادو کیا گیا ہو تو گیارہ نقش لکھ کر گیارہ روز پلائیں اور ایک نقش بازو پر باندھیں۔ مجنون (دیوانہ) کو بھی چالیس روز لکھ کر پلائیں صحت پائے گا۔ مجرب ہے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۴۶	۲۶۰	۲۵۷	۲۵۴
۲۵۸	۲۵۳	۲۴۷	۲۵۹
۲۵۲	ع ۲۵	۲۶۲	۲۴۸
۲۶۱	۲۴۹	۲۵۱	۲۵۶

دیگر

نقش کلمہ طیب۔ جس شخص کے پاس یہ نقش ہوگا اس کے ہمراہ اس کے ساتھ چھ سو بیس فرشتے ہوں گے۔ روزی فراخ ہوگی۔ ایمان کامل رہے گا۔ شیطان اس کے نزدیک بھی دخل نہ پائے گا۔ مریض

مریض کو پلائیں تو صحت حاصل ہوگی۔ جنگ میں اس نقش کے ساتھ جائیں تو فتح و نصرت حاصل ہوگی جو شخص اس نقش کو چالیس ۴۰ روز چالیس ۴۰ عدد لکھ کر اور آٹے و شکر میں گولیاں بنا کر دریا میں پھونچائے گا اسے بیشک حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت خواب میں حاصل ہوگی اور اسی دن اس نقش مکرم کا عامل ہو جائیں گے جس مطلب کے لیے یہ نقش چالیس ۴۰ مرتبہ لکھیں اور آٹے اور شکر میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالیں وہ مطلب پورا ہوگا۔

جو شخص دشمن ہو گیا ہو اگر تین عدد نقش اُسے دھو کر پلائیں بے شک وہ پورا دوست ہو جائے گا۔

اگر مرد عورت میں محبت نہ ہو ایک نقش عورت اپنے پاس رکھے ایک نقش لکھ کر مرد کو پلائیں دونوں کا نام حسب قاعدہ تعویذ کی پشت پر لکھیں۔ شوہر مطیع ہوگا۔ اور جس بارے میں استعمال کریں اثر ہوگا۔ جو شخص شک کرے گا وہ کافر ہوگا۔

نقش عددی

جبرائیلؑ ۷۸۶ میکائیل

۱۵۴	۱۵۸	۱۱۶	۱۴۷
۱۶۰	۱۴۸	۱۵۳	۱۵۹
۱۴۹	۱۶۳	۱۴۶	۱۵۲
۱۵۷	۱۵۱	۱۵۰	۱۶۲

اسرافیلؑ ۳ عزرائیلؑ ۳

نقش عربی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لا	الہ	الا	اللہ
الہ	الا	اللہ	محمد
الا	اللہ	محمد	رسول
اللہ	محمد	رسول	اللہ

دشمن کی زبان بندی

اس نقش کو لکھ کر جہاں پانی بہتا ہو یعنی دریا کے کنارے دفن کر دے تو دشمن کی زبان بند ہو جائے گی۔ مجرب ہے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

دولاہ او الاعہ
۹۹۹۱ عہ عہ الاوالہ ۹

برائے دشمنی

اگر دو شخصوں میں عداوت ڈالنا چاہتے ہوں تو اس نقش کو لکھ کر اس جگہ دفن کیا جائے جہاں دونوں شخص ایک جا جمع ہوں اور جن دونوں میں دشمنی ڈالنا چاہے ان دونوں کا نام معہ والدہ کے لکھنا چاہیے

۲ھ ۱۱۲۱۱ ۷ ۹۹۱۱۲۹۹ ۱۱

وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ
فلان بن فلان ــ فلان بن فلان

۷۶۰۱۹ = ۱۱۹۲ھ

برائے حُبّ

اگر میاں بیوی میں موافقت نہ ہو اس نقش کو لکھ کر کسی درخت

مگر زوجین کے لیے زیادہ مفید ہے۔ ایک روز چھوڑ کر پلائے۔



الحب فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں

برائے مسان

جن بچوں کو سوکھے کا مرض ہوجاتا ہے اور وہ سوکھ کر کانٹا ہوجاتے ہیں اور مرجاتے ہیں اُن بچوں کے گلے میں یہ نقش لکھ کر ڈال دیا جائے تو انشاءاللہ وہ بچہ محفوظ رہے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱۱	۶۲۴۷	۱
۶۲۴۶	۲	۷	۱۲
۳	۶۲۴۹	۹	۶
۱۰	۵	۴	۶۲۴۸

دیگر

جن بچوں کو سوکھے کا مرض ہوتا ہے اور وہ سوکھ کر کانٹا ہوجاتے ہیں اور کچھ دنوں کے بعد مرجاتے ہیں۔

اس کے لیے یہ عمل بڑا مجرب ہے۔ لکھ کر گلے میں ڈال دیا جائے

عمل یہ ہے

کالوالا سالوالا کلب و مَا ابرسومًا

برائے آسانی پیدائش

اس نقش کو لکھ کر دردزہ کی حالت میں عورت کی داہنی ران میں پاجامہ کے اندر باندھے۔

انشاءاللہ تعالےٰ آسانی سے بچہ پیدا ہوگا اور اگر کسی جانور کو تکلیف ہو تو اس کے سینگ میں باندھے دونوں کے لیے بے حد مجرب ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۱	۲۶	۳۳
۳۲	۳۰	۲۸
۲۷	۳۴	۲۹

بچے کا رونا

جو بچہ روتا ہو، خواہ لڑکا ہو یا لڑکی تو اس نقش کو لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالے انشاءاللہ تعالےٰ رونا دھونا موقوف ہوجائے گا۔

نہایت مجرب ہے۔

نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ ہو

پر لٹکایا جائے انشاء اللہ جلد ہی میاں بیوی میں ایسی محبت ہوگی کہ لوگ تعجب کریں گے



برائے حُب

یہ نقش محبت کے لیے عروجِ ماہ میں اتوار کو لکھے۔ ساعت شمس ہو آگ میں چولہے کے اندر دبایا جائے۔ ایک ہفتہ تک روزانہ ایک لکھ کر دبائے۔ مجرب ہے۔



دیگر

اس نقش کو لکھ کر جس کو پلائے وہ محبت کرنے لگے گا

۷۸۶

ضَا	صَنَا	رُمُ	ضَا
۵۳	۶۱	۱۳	۸۹
۳۹	۶۲	۸۹	۶۱
۳۶	یا	۱۳۲	۳۶

بھاگنے والے کیلئے

جس شخص کی کوئی چیز گم ہوجائے یا بچہ کھویا جائے تو اس کو چاہیئے کہ اس درود شریف کو لکھ کر کسی درخت میں باندھ کر لٹکائے جو چیز گم ہوجائے اس درود شریف کے نیچے اس چیز کا نام لکھا جائے اور جو بچہ کھویا گیا ہے اس بچے کا اور اس کی ماں کا نام ضرور لکھے وہ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ اَلْفَ اَلْفَ مَرَّةٍ وَّ اَلْفَ اَلْفَ ذَرَّةٍ

فلاں بنے فلاں

بخار کے لیے

جس شخص کو بخار آتا ہو تو اس تعویذ کو لکھ کر گلے میں ڈالے یا پاک دھجی میں لپیٹ کر مرد اپنے دائیں بازو پر اور عورت اپنے بائیں بازو پر باندھے تعویذ پر مریض کا نام اور ماں کا نام ضرور لکھے انشاء اللہ تعالےٰ

بخار جاتا رہے گا وہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا نَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّ سَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰھِیْمَ وَاَرَادُوْا بِہٖ کَیْدًا فَجَعَلْنٰھُمُ الْاَخْسَرِیْنَ ط

چیچک کے لیے

جس شخص کو بخار اور چیچک نکلنا کا خدشہ ہو تو اس نقش کو سورج نکلنے سے پہلے لکھ کر پاک دیجی میں لپیٹ کر مریض کی گردن میں باندھ دیا جائے انشاء اللہ تعالےٰ مریض چیچک سے محفوظ رہے گا۔

۷۸۶

الحمد للہ	غیر المغضوب	صراط الذین انعمت	وَاِیَّاکَ
صراط الذین	ایاک نعبد	رب العلمین	انعمت علیہم
غیر المغضوب	ایاک نستعین	ولا الضالین	الرحمٰن
علیہم	الرحیم	مالک	الحمد

اگر کسی سے قتل ہو جائے

نقش عجیب و غریب جس پر سات آسمان و زمین کا بار ہے اور اس کے استاذ ظہر کرنے کے لیے فرشتوں کی زبان اور قدرت کا قلم چاہیئے۔ اس میں اسماء الٰہی کے اعداد اور مقطعات اور چار آیتیں شامل ہیں یعنی اگر ایک آیت بھی ان میں سے حاصل ہو جائے اور وہ انگشتری کے نگینے پر کھدوا کر اپنے پاس رکھے ہرگز محتاج نہ ہوگا اس نقش کو مشکل کشاء کہتے ہیں۔ اگر کسی نے خون کیا ہو تو اس نقش کو خونی بازو پر باندھ دے مدعی خون بخشدے گا۔ مسافر نقش کو کمر میں باندھ لے تو وہ صد کوس بھی چلا جائے تکان نہ ہوگی۔ اس نقش کو بہت عزیز رکھنا چاہیئے چالیس دن روزانہ ایک تعویذ کریں اور روزانہ روزہ رکھیں۔ شکر میں اس تعویذ کو گھول کر اس سے روزہ افطار کیا کریں اور ہر روز اتنا کھانا پکائیں جسے خود کھا سکیں اور ایک فقیر کو مؤکلات کی نیاز کر کے کھلائیں پس چالیس ۴۰ دن کے بعد عامل ہو جائیں گے۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

الم المص الر الکھیعص ط	بسم اللہ الرحمن الرحیم ماشاء اللہ لاحول ولاقوۃ الا باللہ العظیم	بسم اللہ الرحمن الرحیم لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین	بسم اللہ الرحمن الرحیم وافوض امری الی اللہ ان اللہ بصیر بالعباد	بسم اللہ الرحمن الرحیم حسبنا اللہ ونعم الوکیل علی اللہ توکلنا
	عص ۱۹۰	۱۲۱ ع ۱	۹ ع ۱۲	۳۹۳۳
	ل ۳۹۳	۲۱ لا لا ۳	ل ل ۱۲	عص ۲۶۱
	۶ ل ۱۳	۶ لا ۲ ع	ع ۳۹۳	لا لا لا ۳

طس یٰسٓ ص حٰمٓ عسق ق ن الٓمٓ

الص الر کھیعص طٰہٰ حٰمٓ یٰسٓ

کشادگی رزق

عمل نقش تسخیر و دست غیب و کشائش رزق کے لیے یہ نقش مع اسماء الٰہی کے طلوع آفتاب سے پہلے عروج ماہ میں زکات کے لیے اس طرح لکھیں کہ چالیس ۴۰ نقش ہر روز ایک چلہ تک لکھیں اور آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالیں۔ ہر روز اسماء الٰہی کو ایک سو مرتبہ نقش لکھنے سے پہلے پڑھیں ترک حیوانات ضروری ہے جب اسی طریقے سے چالیس روز گذر جائیں گے عامل ہو جائیں گے نقش یہ ہے۔

			۴۶۰
	یا منفتح فتح بالخیر		
۴۶۷	۴۷۰	۴۷۴	۴۶۱
۴۷۳	۴۶۱	۴۶۶	۴۷۱
۴۶۲	۴۷۶	۴۶۸	۴۶۵
۴۶۹	۴۶۴	۴۶۳	۴۷۵

مفرور کیلئے

مفرور کی واپسی کے لیے غلام بھاگ گیا ہو یا کوئی شخص آزردہ خاطر ہو کر چلا گیا ہو تو یہ نقش لکھ کر اور ریشم کے سُرخ تار میں باندھ کر درخت میں لٹکائیں جب ہوا میں جنبش دے گی وہ شخص واپس ہو گا جب وہ شخص واپس آئے تو اُس درخت کے نیچے جس میں نقش آویزاں

تھا حضرت پیغمبرؑ کی نیاز دیں جو کچھ میسر ہو۔ نقش موصوف یہ ہے۔



۹	۶	۶
۹	۲	۱
۱	۲	۱

برائے ساقط حمل

اگر کسی عورت کا حمل نہ رہتا ہو یا ضائع ہو جاتا ہو تو اس نقش کو لکھ کر کمر میں باندھیں مطلب پورا ہو گا لیکن اس نقش عددی کو بھی جو نیچے دائرے میں لکھا ہوا ہے ضرور لکھنا چاہیئے اگر کسی کو آسیب کا خلل ہو تو پانی میں نقش دھو کر اُس کے منہ پر چھینٹا دیں فی الفور اچھا ہو جائے گا۔ اور چاروں فرشتوں کے نام مع نقش دائرہ کی پشت پر لکھنا چاہیئے

نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں

۷۸۶

یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ
یا حکیم	یا حکیم	یا حکیم	یا حکیم	یا حکیم
یا مطیع	یا مطیع	یا مطیع	یا مطیع	یا مطیع
یا رحیم	یا رحیم	یا رحیم	یا رحیم	یا رحیم
یا رحمٰن	یا رحمٰن	یا رحمٰن	یا رحمٰن	یا رحمٰن

برائے زبان بندی

جو شخص کہ حاسد اور بدگو ہو تو اس نقش کو جو کہ اسماء الٰہی اور اُن کے اعداد سے مرتب کیا گیا ہے لکھیں اور مچھلی کے منہ میں رکھ کر منہ کو سوئے سے سی دیں اور دریا میں ڈالدیں انشاء اللہ بدگوئی بند ہو جائے گی نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۹	۳۲	۳۶	۲۲
۳۵	۲۳	۲۸	۳۳
۲۴	۳۸	۳۰	۲۷
۳۱	۲۶	۲۵	۳۷

برائے صحت

نقش اسم شافی جس قسم کا مرض ہو مریض کے گلے میں باندھیں اور چار نقش دھو کر پلائیں چاروں صحت ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ش	ا	ف	ی
۷۹	۱۱	۲۹	۲
۸	۷۸	۳	۳۸
۴	۳۱	۹	۷۷

رفع چیچک کے لیے

رفع چیچک کے لیے مجرب ہے اگر چیچک ہے کا بخار آ گیا ہو تو ایک نقش لکھ کر سرہانے چارپائی میں باندھیں ایک بچہ کے بازو میں باندھیں اور ایک پلائیں خدا کے فضل سے ہرگز چیچک نہ نکلے گی مجرب ہے اور اگر نکلے گی تو بچہ کو نقصان نہ پہنچے گا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

الحمد للہ رب العالمین	یا رحمٰن	یا رحیم	یا کریم
یا حنان	یا منان	یا دیان	یا برھان
یا سلطان	یا حی	یا قیوم	بوحتك
یا ار	حم	الرا	حمین

کشائش رزق

تسخیر اور کشائش رزق کے لیے مجرب ہے ساعت مشتری میں مشک و زعفران سے باطہارت لکھیں اور روپے کی تھیلی وغیرہ میں رکھدیں ہر روز اس میں نیا روپیہ داخل ہوتا رہے گا اور جس قدر صرف ہوگا اُس سے زیادہ آئے گا۔ اسی طرح اگر غلہ میں رکھیں تو برکت ہو کھیت میں رکھیں تو غلہ بکثرت پیدا ہوا اگر اپنی کلائی میں باندھیں تو ہاتھ روپے سے خالی نہ ہو۔ مجرب ہے نقش یہ ہے۔

۹	۳	اللہ	۶
۱۱	ع	ع	۶
عہ ۱۵	۱۳	عہ	اعہ ۵
ع عہ ۵	۸	۳	۱۶

۳۸۲ ۳۱۹

بغض و حسد کیلئے

اگر کسی کو تباہ و ویران کرنا مقصود ہو تو یہ نقش تین دن تک ہر روز پس ۲۱ مرتبہ لکھیں اور نقش کی پشت پر دشمن اور اُس کی ماں کا نام لکھیں اور ہر روز دوپہر کو کسی تنہا جگہ جاکر سب نقشوں کو تیز آگ یعنی ساکھو کی [illegible] میں جلائیں اور انا اعطینک پڑھیں اور اب تو کی جگہ تین بار

کہیں فلاں ھوالابتر ھوالابتر ھوالابتر تین دن کے عرصہ میں دشمن کے جسم میں آبلے پڑجائینگے اور تباہ ہوجائے گا اسی طرح اگر تین دن لکھ کر دوپہر کے وقت دریائے رواں کے کنارے کھڑے ہوکر انا اعطینک بطریقہ مذکورہ پڑھیں اور ایک ایک نقش کو دریا میں بہاتے جائیں تو بمنگ ہفتہ عشرہ میں وہ شخص تباہ و برباد ہوجائے گا مجرب ہے مطلب پورا ہوجائے گا تو ایک بار روغن اور شکر پر حضرت عزرائیل کی نیاز دیکر آگ میں جلائیں یا دریا میں ڈال دیں ورنہ وبال خود اپنے اوپر پڑے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷	۷	۵	۲۲
۱	۱۷	۶	ع ۶
۸	۱۳	۳	۹۷۰
۱۱	۲	۱۶	۶۷

دیگر

یہ نقش ہر امر کے لیے کارآمد ہے اسکو نہایت عزیز رکھنا چاہیئے مع عبارت عربی و اسمائے مؤکلات کے لکھیں۔ حب، تسخیر، بغض و تباہی دشمن وغیرہ ہر امر کے لیے ایک نئی ترتیب سے لکھا جاتا ہے۔

لیکن حُب کے لیے یہ نیچے لکھیں۔

المجیبی والصبور القواحب فلاں بن فلاں فی قلب

فلاں بن فلاں محبت کی صورت میں یہ عبارت نیچے لکھیں۔
لیکن بغض کی صورت میں یہ عبارت نیچے لکھیں۔

البغض فلاں بن فلاں بحق اسم اعظم المجیب والصبور البغض علی بغض فلاں بن فلاں فی قلب فلاں بن فلاں۔

ص	ح	ص	د	ص	ی	ح	ت
ت	ص	ح	ی	ح	ص	ص	د
د	ت	ص	ی	ص	ص	ح	ح
ح	د	ح	ت	ص	ی	ص	ص
م	ح	م	د	ص	ی	ح	ت

عزمت علیکم واقسمت علیکم یا رومائیل ویا شرحیائیل یا عہجھون اشفعوا فلاں بن فلاں بحق اسم الاعظم

نیز تسخیر کے لیے ان کلمات کے عدد جو کہ لکھے جاتے ہیں نکالیں قد شغفھا حبا انا لنراھا فی ضلل مبین ان اعداد سے ایک تسو طرح دیں باقی کے حصے چار کریں اور پہلے نقش کے ساتھ لکھیں مثلاً ہم نے عددوں کا جملہ دو ہزار آٹھ سو تیرانوے ہوئے اس سے ایک سو بیس کو طرح دیا دو ہزار سات سو تہتر باقی رہے ان کے چار حصے کیے چھ سو تیرانوے ہوئے اور ایک باقی رہا پس ہر خانے میں

چار چار زیادہ کرکے اس طرح لکھا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶۹۳	۷۴۶	۷۳۳	۷۲۱
۷۳۷	۷۱۷	۶۹۷	اس جگہ ایک زیادہ کریں ۷۴۲
۷۱۳	۷۲۵	۷۵۴	۷۰۱
۷۵۰	۷۰۵	۷۰۹	۷۲۹

پس شمار کرنا چاہیئے کہ اس نقش میں باوجود چار چار زیادہ کرنے کے بھی کل میزان دو ہزار آٹھ سو تیرانوے آئی اور یہی آیہ مذکور کے عدد ہیں۔

محبت کے لیے

فلیتہ و نقش محبت کے بارے میں اگر کوئی شخص کسی سے محبت رکھتا ہو تو یکشنبہ یا پنجشنبہ کے دن اس نقش کو لکھ کر خوشبودار روغن میں روشن کرے چراغ کا رخ خانہ مطلوب کی طرف ہو انشاء اللہ معشوق حاضر ہوگا۔ اور اطاعت کرے گا۔ صورت فلیتہ یہ ہے۔

سلح	ھو	سلح	مسجد
اھو	سلح	بلاء	سمع
طلس	سلح	سلح	سلح

فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں یا بنت فلاں

دیگر

یہ علامت محبت کے لیے معشوق کے پہنے ہوئے پرانے کپڑے پر لکھیں اور کورے چراغ میں تلوں کا تیل ڈال کر فلیتہ روشن کریں ضرور معشوق حاضر ہوگا۔ علامت یہ ہے۔

ط ۱۱۱۷۹۱ ۹۱۱۱۷۹۱۷ و ہ ھ ہ

ط ۱۱۱۶۹۱ ۵۱۸۱۹۱۹۲۴۱۱۷۹

ط ۱ہمو ۵۷۱۱۹۱۷ و ہ ۱۱۱ ا

الحب فلاں بن فلاں

برائے تپ

یہ نقش تپ ولرزہ بخار کے لیے بہت ہی مجرب ہے۔ تین نقش لکھ کر مریض کو پلائیں اور ایک نقش بازو پر باندھیں یا گلے میں ڈالیں انشاء اللہ تعالیٰ اس عرصہ میں صحت میں صحت کلی حاصل ہوگی نقش ہذا کو مع بسم اللہ لکھیں نقش یہ ہے۔

۷۸۶

قلنا یانار کونی بردًا ۷۳۶	وسلامًا علی برد عم ۴۰۷	اورادوا به کیدا ۲۶۰	فجعلناهم الذین ۱۲۳۱
۲۶۱	۱۲۳۰	۷۳۷	ع۰۶
۱۲۲۹۰	۲ع۸	۷ع۰۹	۷۳۸
ع۰۸	۷۳۹	۱۲۲۸	۲ع۹

واضح ہو کہ جو نقش بغیر زکات کے لکھے گئے ہیں ان کی زکوۃ دینے کا طریقہ یہ ہے کہ بجرات نقش لکھ کر للہ دیں لیکن عابد و زاہد ہونے کی شرط ہے۔

برائے گریۂ اطفال

یہ نقش گریۂ اطفال دور کرنے کے لیے مجرب ہے اگر کسی کا لڑکا بہت روتا ہو تو اس نقش کو لکھ کر اس کے گلے میں باندھیں انشاء اللہ اس کا رونا موقوف ہو جائے گا نقش مبارک مع بسم اللہ اور اس آیت کے جو نیچے لکھی ہے لکھیں اور اس کا خیال نہ کریں کہ نقش کی چال صحیح نہیں ہے اور ہند سے مکرر آئے ہیں نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱۳	۳۴	۷
۳۴	۶۱	۲۴	۱۷
۱۲۳	۷۱	۱۳۴	۱۷
۱۲	۹	۹	۴

برائے دردِ زہ

اگر کسی عورت کو دردِ زہ ہو اور بچہ پیدا نہ ہوتا ہو تو اس نقش کو لکھ کر بائیں ران میں باندھیں فوراً خدا کے فضل سے بچہ پیدا ہوگا لیکن وضع حمل کے بعد جلد کھول دیں نیز اگر کسی کا پیشاب بند ہو گیا ہو

تو بھی یہ نقش بائیں ران میں باندھیں انشاء اللہ صحت ہوگی۔ قیدی کے بائیں بازو پر باندھیں تو جلد رہائی پائے نقش یہ ہے۔

۴۸۶

ح ۸	۱ ۱	د ۶
ح ۳	۵ ۵	ز ۷
د ۴	ط ۹	ب ۲

مرگی کیلئے

مرگی کے لیے مرغ سفید کے خون سے پیپل کے پتے پر لکھ کر مریض کے سر پر باندھیں خدا کے فضل سے مرگی دُور ہو جائے گی۔ مجرب ہے۔



بانجھ پن کیلئے

اگر کسی عورت کے حمل نہ رہتا ہو یا ضائع ہو جاتا ہو تو اس نقش کو جس طرح لکھا ہے اسی طرح لکھ کر گلے یا کمر میں باندھیں۔
انشاء اللہ تعالےٰ کبھی حمل ساقط نہ ہوگا

نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ ہو



بچے کا رونا

اگر کسی کا بچہ بہت روتا ہو تو اس نقش کو چار عدد لکھ کر ایک کو گلے میں ڈالیں اور تین کو دھو کر پلائیں۔ بچہ نہ روئے گا اور آسیب و سحر و نظر سے محفوظ رہے گا۔ اس نقش کے مضاعف اجل لکھتے ہیں ہزار ہا خواص رکھتا ہے۔ جو عامل ہوگا وہ اس کی قدر جان سکتا ہے۔

اگر وقت ولادت بعد تولد فرزند اس نقش کو موم جامہ کر کے بچہ کے گلے میں پہنائیں تو مرض ام الصبیان وغیرہ کی مرض سے محفوظ رہے گا۔ اور بچہ بھی اگر اپنے سرہانے یا دیوار پر چسپاں کرے تو ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔

نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیے

۷۸۶

۸	۱۹	۲۲	۲۱
۲۱	۲	۷	۲۰
۳	۲۴	۱۷	۶
۱۸	۵	۴	۲۳

ورم گلہ یا کان

اگر گلے یا کان کے نیچے سوجن اور درد ہو تو اس علامت کو پیپل کے پتے پر لکھ کر باندھیں انشاء اللہ تعالےٰ سوجن اور درد موقوف ہو جائے گا۔ علامت یہ ہے۔



حُبّ کے لیے

حُب کے لیے آزمودہ ہے اگر کوئی کسی پر فریفتہ ہو یا عورت و مرد

کی تسخیر چاہتا ہے یا کسی حاکم و امیر کا قلب مسخر کرنا چاہتا ہو تو اس کو بہشت درمشت بے عروج ماہ میں دوشنبہ کے دن غسل کر کے دریا کے کنارے بیٹھ کر چودہ نقش لکھے اور آٹے شکر میں گولیاں بنا کر دریا میں مچھلیوں کے لیے ڈال دے۔ نقش پر مع طالب اور مطلوب کا نام لکھنا چاہیے چہرہ دن یہ عمل کریں اور چودھواں قلم اپنے گھر آ کر غسل کریں اور پھر دریا کے کنارے یہ جہاں عمل کیا تھا وہاں جا کر میٹھی چیز پر فاتحہ خوانی کرے اور دریا میں بہا دے عمل پورا ہو جائے گا۔ پھر جو نقش کرے گا تیر کی طرح لگے گا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

جبرائیلؑ			عزرائیلؑ
۸۰	۴۰	۳۲	۱۲۰
۲۴	۱۲۸	۷۲	۲۸
۱۰۴	۱۶	۵۶	۹۶
۶۴	۸۸	۱۱۲	۸

میکائیلؑ اسرافیلؑ

محبّت کے لیے

محبّت کے لیے یہ مجرب ہے اوّل وقت عشاء کے یہ فلیتہ تیار کریں اور ایک نکٹی کپاس کی لکڑی کی تیار کریں اور اس پر کورا چراغ رکھ کر خوشبودار چنبیلی کے روغن میں فلیتہ مذکور روشن کریں اگر چراغ گلی کے بجائے چراغ تلنے کا ہو تو بہت مناسب ہے۔ چراغ کے رُوبرو بیٹھیں اور اس کی

روشنی میں جس کے آخر میں (اللہ) لکھا ہے لکھیں اور گولی بنا کر لوبان کی آگ میں تین نقش جلائیں وہ نقش اور فلیتہ یہ ہے۔

۱۵	۱۰
۱۰	۱۵
اپنا نام	مطلوب کا نام
اپنے باپ کا نام	مطلوب کے باپ کا نام



پس نقش جلانے کے بعد ایک سو ایک عدد مرچیں ہاتھ میں لے کر (قل ہو اللہ) دم کریں اور آگ میں ڈالیں اور مرچیں ڈالتے وقت کہیں السـاعة السـاعة السلعة العجل العجل العجل یا دان ذبان و دل فلان بن فلان و اشغف دل و ذبان به حبًا

پس تمام مرچیں اسی طرح جلائیں جب فلیتہ ختم ہو جائے اُٹھ کھڑے ہوں اسی طرح چوبیس دن تک کریں۔ مطلوب مطیع و مسخر ہو جائے گا۔

دفع آسیب

واضح ہو کہ نقش بست دربست مختلف ترکیبوں سے مشہور ہے اور اسم بدوح کا نقش ہے اور اکثر لوگوں نے اس کا نقش مثلث چند طور سے لکھا ہے چنانچہ یہاں نقل کیا جاتا ہے اگر کوئی لکھے اور اثر دے تو تعجب کی جگہ نہیں ہے۔

طریقہ (۱)

۱	۹	۱۰
۱۴	۲۷ ۸۳	۶
۸	۱۱	۴

طریقہ (۳)

۱۰	۲	۸
۴	۷	۹
۶	۱۱	۳

طریقہ (۲)



ایک اور شکل جسمیں کہ چار گوشہ ہیں اس نقش کو تانبے کے چراغ میں مع اپنے مطلوب کے کندہ کریں اور حضرت امام رضا علیہ السلام کی نیاز دے۔ اس چراغ کو چالیس روز تک روشن کریں اور مطلب حاصل ہوگا۔

نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ ہو

۷۸۶

۷	۲۰	۶	۷	۲۰
۴	۲۰	یابدوح	۸	۲۰
۹	۲۰	۶	۵	۲۰
۲۰		۲۰	۲۰	

طریقہ دعوت اسم یابدوح نقش بست دربست مربع پانچ ہزار پانچ سو پنتالیس مرتبہ اس طرح پڑھیں۔ اجب یاجبرئیل مبحق یابدوح اور بعد نماز فجر چالیس نقش یابدوح کے لکھیں اور ایک ایک بار کر کے دریا میں ڈال دیں چالیس دن اسی طرح چلہ کریں بعد چار پانچ یا دس بار روزانہ نقش مذکور لکھ لیا کریں اور سب کو جمع کر کے دریا میں ڈالدیں پنجشنبہ کے دن سے مہینہ کے پہلے عشرہ میں چلہ شروع کریں عامل ہوجانے کے بعد دفع آسیب وفتوح وغیرہ جس کے لیے لکھیں گے کامل ہوگا۔

۷۸۶

ب	۲	د	۴	و	۶	ح	۸
ح	۸	و	۶	د	۴	ب	۲
د	۴	ب	۲	ح	۸	و	۶
و	۶	ح	۸	ب	۲	د	۴

کشائش رزق

نقش بست دربست مجرب اس نقش کو دریائے رواں کے کنارے بیٹھ کر اکیس دن تک لکھیں۔ ہر روز خوشبو اور طہارت کا اہتمام کریں نقوش کو آٹے میں گولیاں بنا کر نقش دریا میں ڈالیں اور ایک اپنے پاس رہنے دیں اُسے بازو پر باندھیں دوسرے دن اُس نقش کو بازو سے کھول آٹے میں گولی بنا کر دریا میں ڈال دیں اور بدستور اکیس نقش لکھ کر بمع نقش آٹے میں گولی بنا کر دریا میں ڈالیں ایک بازو پر باندھیں اسی طرح اکیس دن تک عمل کریں آخری دن کا نقش ہمیشہ اپنے بازو پر بندھا رکھیں انشاء اللہ تعالیٰ بہت سا روپیہ حاصل ہوگا اور نقش مذکور جس کام کے لیے لکھیں گے فائدہ واثر دے گا۔ مجرب ہے نقش یہ ہے۔

۲

الٰہی	۱۰ ۳	۹	۱
۵	۸	۷	بے شمار
کشائش رزق		۴	شود

ظالم کے لیے

اگر کوئی شخص کسی ظالم کے سامنے جانا چاہے تو اس آیۂ معظم کو مشک لوبان کے موم میں لپیٹ کر زبان کے نیچے رکھیں اور جائز گفتگو

کریں بے شک وہ امیر مسخر و مہربان ہو جائے گا۔ نیز اس آیت کے عدد نکال نقش مربع پُر کریں اور سات نقش مع اسم مطلوب کے اور اس کی ماں کے نام سے لکھ کر مطلوب کو پلائیں مطیع ہو جائے گا آیت یہ ہے

وتمت كلمة ربك صدقا وعدلا لا مبدل لكلمته وهو السميع العليم۔ آیت مذکورہ کے اعداد دو ہزار آٹھ سو چھہتر ہیں ان سے جب تاعدہ پر کیا گیا اور وہ یہ نقش ہے۔

۷۸۶

۷۱۸	۷۲۲	۷۲۵	۷۱۱
۷۲۴	۷۱۲	۷۱۷	۷۲۳
۷۱۳	۷۲۷	۷۲۰	۷۱۶
۷۲۱	۷۱۵	۷۱۴	۷۲۶

مطلوب حاضر

اگر کوئی شخص اس طلسم کو مدار کی پتی پر جو کہ زرد ہو گئی ہو لکھیں اور آگ میں ڈالیں مطلوب مطیع ہو گا۔

طلسم یہ ہے۔



صالح فرزند

جس کی اولاد نہ ہو وہ اس نقش کو ہر روز ایک سو ایک مرتبہ لکھ کر اور آٹے میں گولی بنا کر دریا میں ڈالیں انشاء اللہ تعالےٰ فرزند نرینہ اُس کے گھر میں پیدا ہو گا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸۱۲	۸۱۵	۸۱۸	۸۰۵
۸۱۷	۸۰۶	۸۱۱	۸۱۶
۸۰۷	۸۲۰	۸۱۳	۸۱۰
۸۱۴	۸۰۹	۸۰۸	۸۱۹

رب لا تذرنی فردا وانت خیر الوارثین

دولت کیلئے

جو شخص اس نقش کو اپنے پاس رکھے گا وہ صاحب دولت ہو جائے گا۔ اور ہر شخص کا دل اس کی جانب کھچے گا مجرب ہے۔

۷۸۶

۱۸	۲۱	۱۴	۱۱
۲۳	۱۲	۱۷	۲۲
۱۳	۲۶	۱۹	۱۶
۲۰	۱۵	۱۴	۱۰

بھاگے ہوئے کیلئے

بھاگے ہوئے غلام کے واسطے یہ نقش لکھ کر بھاری پتھر کے نیچے رکھیں غلام واپس آئے گا۔

۲	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۳	۸

دشمن کی بدگوئی کیلئے

یہ طلسم جو صاحب اپنے بازو پر باندھیں گے وہ دشمنوں کی بدگوئی سے محفوظ رہے گا۔



درد سر کے لیے

درد سر کے لیے یہ طلسم لکھ کر سر پر باندھیں درد سر دور ہو جائے گا

۱۱ ۱۹۱۹ ۱۱ ۷۹ ۱۹۱۱ صلعا

۱۳ ۹۱ ۹۱ ۱۱ ط ۱۱ م

بھاگے ہوئے کیلئے

بھاگے ہوئے غلام کے لیے اس طلسم کو لکھا کر اور چرخے میں باندھ کر چرخے کو گھمائیں انشاء اللہ واپس آئے گا۔

۱۱ سہ

دوز	عہ	ک
ال	ح	ال
ک	عہ	ک

ہر مرض ہر حاجت کیلئے

ہر مرض و ہر حاجت کے لیے یہ نقش کارآمد ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حق حق حق موجود

تشنگان	خنجر	تسلیم را	ہر زمان
خنجر	تسلیم را	ہر زمان	از غیب
تسلیم را	ہر زمان	از غیب	جانے
ہر زمان	از غیب	جانے	دیگر است

کوئی بھاگ جائے تو

اگر کوئی بھاگ گیا ہو تو یہ نقش لکھ کر ایسی جگہ باندھیں کہ ہوا سے متحرک ہو انشاء اللہ شخص مذکور واپس آئے گا۔ مجرب ہے۔ چھوٹے مربع میں بھاگنے والے کا نام لکھنا چاہیئے۔ نقش یہ ہے۔



حُبّ کے لیے

حُبّ کے لیے اس علامت کو کاغذ پہ لکھیں اور عطر و شہد کا غذ پہ ملکر پاک وصاف میں لپیٹ کر خوشبودار تیل کورے چراغ میں ڈال کر روشن کریں۔ چراغ کا رخ خانہ مطلوب کی طرف ہو اور خود حاضر رہے۔ اگر متواتر ایک ہفتہ تک شب و روز فلیتہ روشن رہے تو مطلوب بقرار حاضر ہوگا۔ دوسری ترکیب یہ ہے کہ شانہ مگو سفند پر لکھ کر شہد مل کر آگ کے نیچے

دفن کریں اور آگ ہر وقت روشن رہے مطلوب بقرار ہوگا۔
تیسری ترکیب یہ ہے کہ کوری ٹھیکری پر لکھیں اور آگ کے نیچے رکھیں مطلوب بے قرار ہوگا

علامت یہ ہے

۸ ۱۸ ۱۱ ھ ۱۸ ۱۸ ۱۱
ک ۱۱۱ ۸ ۴ ۹ ۱۱ ☐
۱ھ ۱۱۱ ی ۱۹ ۱۴ ۱۱ ۹ ۱۱۱
۱۱ ی ۱۱ ۸ ۴ ۱ ی ۱۱ ۲ ۱ لا
۱ و ۲ ۹ ۱ ھ لا ۹ ۱ ھ
۸ ۸ ۱ ۴ ۱۱ ی لا ۱۸
۸ ۵ الساعہ
فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

مطلوب کو بقرار کرنا

اس نقش کو مطلوب کے بقرار کرنے کے لیے لکھیں اور کوزے میں رکھ کر تھوڑی شکر اُس پر ڈال دیں اور اُس کوزے کو آگ کے نیچے دفن کریں جوں جوں آگ کی گرمی اُسے پہونچے گی مطلوب بقرار ہوگا۔

نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ ہو

۷۸۶

۳۷۲	۳۷۵	۳۷۹	۳۶۵
۳۷۸	۳۶۶	۳۷۱	۳۷۶
۳۶۷	۳۸۱	۳۷۳	۳۷۰
۳۷۴	۳۶۹	۳۶۸	۳۸۰

وبا بیماری طاعون

جو شخص اس نقش کو اپنے پاس رکھے گا اللہ تعالےٰ اُسے وبا بیماری طاعون سے محفوظ رکھے گا اور نیز اگر ان امراض کے مریض کو لکھ کر آبِ تازہ میں دُھو کر پلائیں تو بفضل خداوند تعالےٰ وہ مریض شفا پائے گا نیز جس کے پاس یہ نقش ہوگا وہ آسیب وغیرہ سے محفوظ رہے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷	۲	۹
۸	۶	۴
۳	۱۰	۵

بواسیر خونی وبادی

یہ نقش بواسیر خونی اور بادی کے لیے مجرب ہے جو شخص چاندی کے تعویذ پر گندہ کر کے پہنے گا اللہ اُسے اس مرض سے محفوظ رکھے گا اگر چاندی میسر نہ ہو تو چاندی کے تاروں میں لپیٹ کر پہن لیں۔

اثر تمام ہوگا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۹۸	۱۹۱	۱۹۶
نوع دیگر! مطلوب کو محبت سے بے قرار بنانے کے لیے یکشنبہ کے دن لوح زر پر اس نقش کو کندہ کریں اور طالب و مطلوب اور ان کی مادر کے ناموں کے اعداد نکال کر اسی ساعت میں تکسیر کریں اور صدر مؤخر کے بعد حروف صدر و موخر کو پھر تکسیر کریں اور ان دونوں اسموں کے ساتھ حروف مقدم و مؤخر پھر تکسیر کریں حتی کہ تین تکسیریں تمام ہو جائیں اس وقت مرکب کر کے فلیتہ بنائیں اور ساعت سعد میں چراغ دان مسی میں فلیتہ روشن کریں اور اس کے برابر بیٹھ کر یہ عزیمت ۲۱ مرتبہ پڑھیں عزیمت ۔ عزمت علیکم واقسمت بکم یا ایھا الارواح الموکل بھذہ الحروف بحق میططرون وبحق یا الٰہ الٰھتہ الرفیع جلالہ وبحق سلیمان بن داؤد علیھما السلام احرق القلب والکبد والفواد وجمیع جوارح البدن فلاں بن فلاں بمحبۃ ومودۃ والفہ فلاں بن فلاں الساعۃ الساعۃ العجل العجل اطیعونی واحضرونی بحق یا ایھا النفس طمئنۃ ارجعی وبحق یحییص بحق حمعسق وبحق نون والقلم وما یسطرون وبحق اھیا شراھیا اذونی اصبادف یاملاملکہ بھذہ الحروف والکلمات المرکب من ھذہ الحروف والتکسیر احرق القلب والفواد وجمیع جوارح البدت فلاں بن فلاں بمحبۃ والفۃ ومودۃ فلاں بن فلاں الحق وبحق لقد جاءکم رسول من انفسکم عزیز علیہ ما عنتم حریص علیکم بالمومنین رؤف رحیم ۔

۱۰۳۲	۱۰۳۸	۱۰۳۲	۱۰۲
۱۲۵	۱۰۲۰	۱۰۲۵	۱۰۲۷
۱۰۳۹	۱۰۲۲	۱۰۵۰	۱۰۳۶
۱۰۲۹	۱۰۳۷	۱۰۳۸	۱۰۲۲

نوع دیگر! کسی کے دل کو کسی طرف سے پھیرنے اور سرد کرنے کے لیے دو صورتیں ہفت جوش یا رانگ کی تیار کریں اس طرح کہ صورت کتے کی اور دوسری عورت کی اور جس دن قمر در عقرب اور آفتاب برج دو جسدین میں ہو اس نقش کو عورت کے شکم میں کندہ کریں اور گرداگرد لوح مشتری کے حروف لکھیں لوح مشتری یہ ہے ۔



تصویر عورت دہنے پہلو میں لکھیں
بائیں پہلو میں لکھیں
سر پر لکھیں
دہنے تلوے پر لکھیں یا طیال
بائیں تلوے پر لکھیں ۔ یا اسطیطال

لوح مریخ کے حروف کتے کے پیٹ پر لکھیں لوح مریخ یہ ہے ۔



یا حقمال یا منطیال یا جعھال
کھاب عنطیطال احطرسال

کتے کے سر پر لکھیں ۔ یا کفتمال
دہنے پہلو میں لکھیں ۔ یا منطیال
بائیں پہلو میں لکھیں ۔ یا جعھتیال ۔

کلمہ ۔ بن ہو سکتے کے ہاتھ میں ہی درمیان میں لکھیں اور اب ایک طرف لکھیں
عنظیطال
دوسری طرف لکھیں ۔ احطرسال

لوح کے کناروں پر ان اوراح کو بھی لکھ دیں اور مدعی بادشاہ یا معشوق کا نام حروف صوامت کے ساتھ لے کر تکسیر کریں اور عدد نکال کر اس نقش میں اضافہ کریں اور ایک نقش جیسے کی لوح پر اور اس لوح کو خانہ معشوق یا بادشاہ و حاکم یا جس شخص پر عمل کیا جائے اس کے گھر میں دفن کریں اگر نہ ہو سکے تو اس کے قریب کسی جگہ دفن کریں اور کتے و عورت کی صورت کو جس طور پر وہ شخص بیٹھتا ہو یعنی تخت یا بلندی پر اسی طور سے ان صورتوں کو با حیاط رکھیں انشاء اللہ مطلوب مسخر ہو جائے گا۔

نقش مثلث یہ ہے

۳۵۰	۳۴۲	۳۴۸
۳۴۵	۳۴۷	۳۴۹
۳۴۶	۳۵۱	۳۴۲

شکم میں جو نقش مربع لکھا جائے گا وہ یہ ہے

۶۴۸	۶۶۳	۶۵۸	۶۵۵
۶۵۹	۶۵۴	۶۴۹	۶۶۲
۶۵۳	۶۵۶	۶۶۵	۶۵۰
۶۶۴	۶۵۱	۶۵۲	۶۵۷

نوع دیگر! کسی کامل دوسری طرف سے پھیرنے اور اپنا سر نیاے کے اگر مرد ہو تو طرف مشتری کی ساعت میں ایک لوح تانبے کی اور جیسے کو تار یا چاندی اور اس عدد کا نقش مربع اس پر کندہ کریں اور طرف مشتری کی عورت اس کے گھر اگر رکھیں علامت ہے۔

عدد اتیل

جد اتیل کد کا تیل اس لوح کو مشتری کا بجز وہ بیٹھے باندھ باندھیں فوذ اتیل عمد اتیل انشاء اللہ صاحب پاس ہے جب کا دشمن ہوگا اور حال کا مسخر بن جائے گا ۔ نقش مربع یہ ہے

۵۸۶

۵۳۷	۵۶۲	۵۵۷	۵۵۲
۵۵۸	۵۵۲	۵۵۸	۵۶۲
۵۵۸	۵۵۵	۵۱۵	۵۳۶
۵۶۴	۵۵۰	۵۵۱	۵۵۶

نوع دیگر! عورت مطلوبہ کے بیٹھے ساعت سعد میں دو صورتیں بنائیں ایک مرد کی شکل دوسری عورت کی اور دونوں بغل گیر ہوں۔
پس پنجشنبہ کے ثلیث زہرہ مشتری میں لساعت مرد کے شکم میں یہ نقش لکھیں۔

۷۸۶

۷۵۶	۷۶۹	۷۶۶	۷۶۲
۷۶۷	۷۶۲	۷۵۷	۷۶۸
۷۶۱	۷۶۳	۷۷۱	۷۵۸
۷۷۰	۷۵۹	۷۶۰	۷۶۵

اور اس دوسرے نقش کو عورت کے شکم پر لکھیں اور دونوں تصویریں ایک دوسرے سے چپاں ہوں اس طرح کہ مرد کا ہر عضو عورت کے ہر عضو پر ہو اور دونوں کو ایسی جگہ جہاں آگ ہو رکھیں تاکہ گرم رہیں انشاء اللہ مطلوب بیتاب و بے قرار ہوگا۔ نقش جو عورت کے شکم پر لکھا جائے گا یہ ہے

۳۲۵۶	۳۲۵۹	۳۲۶۵	۳۲۲۹
۳۲۶۴	۳۲۵۰	۳۲۵۵	۳۲۶۰
۳۲۵۱	۳۲۶۷	۳۲۵۷	۳۲۵۴
۳۲۵۸	۳۲۵۳	۳۲۵۲	۳۲۶۶

نوع دیگر! مطلوب کی محبت اور اُسے مطیع کرنے کے لیئے تثلیث زہرہ و مشتری ہیں اوّل اِس نقش کو ہرن کی کھال پر پنجشنبہ کے دن مشتری کی پہلی ساعت میں لکھیں اور اُس کھال کو پاک کپڑے میں لپیٹ کر سر میں رکھیں اور مطلوب کے آگے جاکر سات مرتبہ پڑھیں طیطبلا تیل نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷۵۳۸	۷۵۴۱	۷۵۴۴	۷۵۳۱
۷۵۴۲	۷۵۳۲	۷۵۳۷	۷۵۴۲
۷۵۴۲	۷۵۴۶	۷۵۳۹	۷۵۶۲
۷۵۴۰	۷۵۳۵	۷۵۳۲	۷۵۴۵

دیگر! مطلوب کو محبت سے بے قرار کرنے کے لیئے شرف آفتاب میں سونے کی لوح تیار کریں اور اُس لوح پر یہ نقش مربع کندہ کریں اپنا اور اُس کا نام لکھ کر آگ میں جلائیں۔ جب کہ مطلوب حاضر ہو لوح کو بائیں

بازو میں باندھیں نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۷۴	۲۷۷	۲۸۰	۲۶۷
۲۷۹	۲۶۸	۲۷۳	۲۷۸
۲۶۹	۲۸۲	۲۷۵	۲۷۲
۲۷۶	۲۷۱	۲۷۰	۲۸۱

دیگر! محبت و تسخیر کے لیئے جب قمر نحوست سے خالی ہو اور شرف میں ہو تو ہفت جوش کی لوح تیار کریں اور اُس لوح پر اس نقش اسم مطلوب کے عدد زیادہ کر کے کندہ کریں اور قرآن شریف میں سورہ الفجر کی جگہ رکھیں مطلوب بہت مطیع ہوگا نقش یہ ہے۔

۱۰۸۲	۱۰۴۸	۱۰۲۷	۱۰۴۳	۱۰۴۲	۱۰۴۳	۱۰۸۰
۱۰۷۹	۱۰۷۱	۱۰۵۶	۱۰۵۳	۱۰۷۰	۱۰۵۵	۱۰۴۵
۱۰۸۰	۱۰۶۸	۱۰۶۴	۱۰۵۹	۱۰۶۰	۱۰۵۴	۱۰۴۲
۱۰۴۷	۱۰۲۹	۱۰۵۷	۱۰۶۱	۱۰۶۵	۱۰۷۳	۱۰۸۷
۱۰۳۸	۱۰۵۰	۱۰۶۲	۱۰۶۳	۱۰۵۸	۱۰۷۲	۱۰۸۹
۱۰۳۹	۱۰۶۷	۱۰۶۶	۱۰۶۹	۱۰۵۲	۱۰۵۱	۱۰۸۵
۱۰۷۸	۱۰۷۶	۱۰۷۷	۱۰۸۱	۱۰۴۳	۱۰۳۱	۱۰۳۰

دیگر! نیز اگر نقش بالا کو سات عدد چھوڑ کر کاغذ ابری پر لکھیں اور ہر روز ساعت قمر میں ایک عدد اضافہ کریں سات دن نہ گذریں گے کہ مطلوب آئے گا۔ حاشیہ نقش پر یہ اسماء یونانی قمر کے لکھیں داخل نقش

بیقر مستہ عسیٰ ہرمیدہ سطم اوّل مہائے فرحود بیم مد بیم محمرا
حافظ۔ نقش پہلے لکھا جا چکا ہے۔

دیگر! اگر اسی نقش کو لوح ہفت جوش پر کندہ کریں تو اثر عظیم ہوگا اور جب کہ قمر زائد النور ہو اسی عمل کو لکھ کر قاصد کو دیں حسب دلخواہ مدعا کے ساتھ واپس ہوگا۔ اور دوشنبہ یا پنجشنبہ کے دن یہ عمل کرنا چاہیئے پہلے غسل کریں اور قمر کی طرف بیٹھ کریں اور نقش پڑھیں۔ جب پہلا خانہ لکھیں کہیں والقمر حسبانا ذالک تقدیر العزیز العلیم۔ دوسرا خانہ لکھیں تو کہیں والقمر قدرناہ منازل حتی عاد کالعرجون القدیم باقی سب خانہ پر کرتے وقت کہیں لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم یہ عمل ہر قسم کی تسخیر کے لیئے نافع ہے واضح ہو کہ قمر کی تسخیر محال بلکہ معدوم ہے اور قمر کا جو عمل ہے وہ نیر بہدف ہے اگر قمر مسخر ہو جائے تو عامل کو سلطنت کی بھی حاجت نہ رہے اور یہ تسخیر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل تھی

نوع دیگر! اگر مطلوب نے سفر کا ارادہ کیا ہو اور طالب کو ناگوار ہو تو تحت الشعاع گیدڑ کی کھال پر یہ مثلث قمر لکھے اور جنگلی چوہے کے منہ میں رکھ کر اس کا منہ لے کر آب روان میں ڈال دیں مسافر سفر سے باز آئے گا۔ مثلث قمر یہ ہے۔

۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶
۳۴۷	۳۴۲	۳۴۹
۳۴۸	۳۳۶	۳۴۴
۳۴۳	۳۵۰	۳۴۵

دیگر۔ واضح ہو کہ یہی عمل راہ بندی کے لیے بھی مقرر کیا گیا ہے اگر متطور ہو کہ دوست اس شہر سے باہر نہ جائے تو اس کا نام اور اس کی ماں کا ہم اس نقش میں زیادہ کریں تحت الشعاع ایک مثلث کل اعداد سے پڑھ کر اور حاشیہ پر اس شخص کا نام مع اسکی ماں کے نام کے لکھیں اور شہر کے دروازہ پر دفن کر دیں ہرگز وہ شخص باہر نہ جا سکے گا۔ اگر یہ عمل عرقیہ اور قمر در عقرب میں کرے گا تو نہایت مؤثر ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۸۹	۲۸۲	۲۸۱
۲۸۰	۲۸۸	۲۸۶
۲۸۵	۲۸۴	۲۸۷

یہ عمل ان لوگوں کے تسخیر کرنے کے لیئے جو قمر کی ساتھ منسوب ہیں۔ بہت خوب ہے۔ اور وہ مثل گاؤدون آب بازدن کے ہیں عامل خود حقیقت دریافت کر کے عمل کرے۔ واللہ اعلم بالصواب

دیگر! عمل زہرہ۔ افزودگی محبت مطلوب کے لیئے شرف زہرہ میں ایک لوح بنائیں اور اس لوح میں یہ نقش مخمس کندہ کریں اور اسے اپنے پاس رکھیں مطلوب مطیع و مسخر ہوگا۔ اور نیز اسی نقش کو شرف آفتاب میں تانبے پر کندہ کر کے نیز ذرا سی آگ کی گرمی اس لوح کو پہنچائیں۔ مطلوب بے قرار و بے آرام ہوگا۔

واضح رہے کہ عملیات تکسیر میں جس ستارہ کا عمل ہو اسی کا بخور استعمال کریں اور عملیات کی تمام شرطیں جو پہلے لکھی گئی ہیں بجا لائیں۔ تاکہ ہر ایک طریق نیر بہدف ہو۔

یہ تمام نقوش جو کہ لوہے پر کندہ کرنے کے لیئے لکھے گئے ہیں

یہ سب ہو لیں اور آیتوں کی اعداد سے پڑھے گئے ہیں۔ تاکہ حامل کو تکبر اور صدر ہونے کی تکلیف نہ ہو اور جن تکسیر میں اسماء کی قید ہے۔ اس کی مجبوری ہے اس کو مع شکل کے ہر طرح نہایت واضح لکھا گیا ہے۔ نقش محض یہ ہے۔

۷۸۶

۳۸۱	۳۶۶	۳۵۸	۳۷۵	۳۶۲
۳۶۰	۳۷۲	۳۶۴	۳۷۸	۳۶۸
۳۶۱	۳۸۰	۳۷۰	۳۵۷	۳۷۴
۳۵۷	۳۵۹	۳۷۱	۳۶۳	۳۸۲
۳۷۳	۳۶۵	۳۷۹	۳۶۹	۳۵۶

علوم مراتب در حصول دولت کے عملیات

اگر افزونی جاہ و دولت منظور ہو تو شرف آفتاب میں ایک لوح سونے کی تیار کریں اور سورہ والشمس کی اعداد بصحت تمام نکال کر نقش مخمس کندہ کریں اور داہنے بازو پر باندھیں۔ جب دوسرے دن کی صبح صادق ہو تو نماز سے پہلے آفتاب کی طرف منہ کر کے اس کے نکلنے تک سورہ والشمس پڑھیں۔ جب آفتاب نکلے تو لوح کی طرف نظر کریں۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تو جو بادشاہی کو پہنچے گی۔ عامل کی عمر خداوند زیادہ کر دے گا۔ اور سب لوگ اس کے مطیع و محب رہیں گے۔

دیگر! افزونی جاہ و مراتب اور امراء و فقراء کے دل تسخیر کرنے کے لیے شرف آفتاب میں یکشنبہ کے دن سونے کے لوح تیار کریں اور اس پر یہ نقش منع

کندہ کریں اور چار اسم اس کے اردگرد کندہ کریں۔ ابدصا۔ صبرسا۔ سماسا سوسا۔ محراب میں لوح کو ڈال دیں اور گلاب کو شیشہ میں رکھیں اور سات دانہ شاہدانہ نیچے رکھیں۔ بعد ازاں اعتیاد سے رکھ چھوڑیں اور ضرورت کے وقت گلاب کو شہ پر مل کر جواب دہی کے لیے جائیں فتح باب ہوگی۔ اگر عورت کے بازو پر لوح کو لپیٹ کر داہنی بازو میں باندھیں اور پچاس مرتبہ ان اسماء کو پڑھیں اور آفتاب کی طرف منہ کر کے کہیں اے نور عظیم مقصود من ابن ست بان مقصد برآید سن بجور سدگائیں اور سورہ والشمس کو پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں۔ جلد مرتبہ مقصد کو پہنچے گی۔ لیکن جہاں کہیں بیٹھیں آفتاب جانب راست ہو سوتے وقت نماز کے کبھی اس طرف منہ کر کے نہ بیٹھیں۔ آفتاب کے نکلنے سے پہلے بیدار ہو اور آفتاب کے نکلنے سے پہلے بیدار ہو اور آفتاب کی طرف منہ کر کے کھڑے ہو کر سورہ والشمس ہر روز پڑھا کریں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ابرصا ۸۱	۹۲	۹۱	صبدصا ۸۸
۹۲	۸۷	۸۲	۵۲
۸۶	۸۹	۹۶	۸۳
ع سماسا ۹	۸۲	ع ۸	سوسا ۹۰

دیگر! افزونی جاہ و دولت کے لیے۔ اسماء پیغمبران شیث اور ادریس خضر یونس۔ داؤد و سلیمان ایوب۔ ذکریا، یحییٰ عیسیٰ ذوالکفل اشموئیل۔ صالح ابراہیم اسمٰعیل۔ یعقوب یوسف اسحاق موسیٰ لوط شعیب ہارون۔ یوشع کے اعداد حاصل کریں۔ بعد ازاں ان بادشاہوں کے اسماء کے عدد لکھیں۔ تہمورث۔ جمگیز۔ خسرو، جمشید۔ فریدون۔ نوشیرواں۔ بعدہ طالب و مطلوب کے حروف ایک جگہ

لکھ کر اور مکرر حروف وار کرکے تکسیر کریں۔ جب زمام حاصل ہو تو دیکھیں کہ ان حروف سے کون آفتاب کے ساتھ منسوب ہے۔ اسکو جدا کرکے حروف نورانی کو جدا کھیں۔ پس حروف آفتاب و حروف نورانی کو جدا جدا استراج سے کرکے تکسیر کریں۔ جب زمام حاصل ہو تو سب کو یعنی تکسیر شمسی و تکسیر اول کو مرکب کریں اور جو اعداد کہ نکلے ہیں اُن سے نقش مربع لوح زر پر ساعت شمس میں کندہ کریں اور حاشیے پر یہ تکسیر مرکب قلم سریانی سے کندہ کریں لوح کو ہمیشہ اپنے پاس رکھیں اور ہمیشہ آفتاب کا بخور دیا کریں انشاءاللہ جاہ و دولت میسر ہوگی اور تسخیر خلائق حاصل ہوگی اور جو کہ حروف نورانی و شمسی کی بابت امتیاز کیا گیا ہے اُس کی تشریح یہ ہے کہ حروف ابجی ستاروں پر تقسیم کئے گئے ہیں اور ابجد سیارگان کا نقشہ یہ ہے۔

ابجد	ہوز	طفل	چنانچہ دائرہ آفتاب کے
زحل	مشتری	مریخ	نغص حروف م ن ع ہیں ان
قصشر	سبع	ضظغ	شمس کو تکسیر سے جدا کریں اور
زہرہ	عطارد	قمر	حروف نورانی یہ ہیں۔

م ج ف ح ب ر ق د ی ا ل ن

پس ان حروف کو بھی جدا کرکے علیحدہ تکسیر کریں اور ہدایت کے مطابق عمل میں لائیں۔

دیگر! بلندی مراتب اور بہت نعمتیں پانے کے لیے ایک لوح سونے کی چار سو چورا سی مثقال کی تیار کریں۔ مگر حکیم طمطم نے اس لوح کا وزن اس عمل میں تین مثقال مقرر کیا ہے۔ بہرکیف تیس مثقال سے کم نہ سونا چاہیے اس لوح پر شرف آفتاب میں آیہ کریمہ والشمس تجری لمستقرلہا ذلک تقدیر العزیز

العلیم کے عدد نکال کر اور اسم طالب کے عدد ملا کر نقش مربع کندہ کریں اور لوح کو اپنے پاس رکھیں عزت و مرتبہ حاصل ہوگا مجربات سے ہے

دیگر اشمسی و قمری انگشتری تیار کرنے کا طریقہ اگر کوئی شخص بادشاہ ہوں اور بیگمات شاہی کی نظر میں اپنا عزو وقار قائم کرنا چاہے اور یہ منظور ہو کہ جو کام کرائیں سے لینا ہو وہ جلد تر پورا ہو جائے تو انگشتری مذکور کو اس طرح سے بنایا جائے کہ اُس کی ایک طرف چاندی ہو اور ایک طرف سونا ہو اور ان دونوں کی پشت پر بادشاہ و ملکہ کی شبیہ ہو اور دونوں شبیہوں کے درمیان اپنی تصویر پرست آہو پر بیٹھ کر رکھیں اور اپنی تصویر کے کنارے پر آیہ لقد جاءکم رسول من انفسکم عزیز علیہ ما عنتم حریص علیکم بالمومنین رؤف رحیم کے عدد نکال کر لکھیں۔ پھر لوح طلا پر نقش مربع شمس اور لوح نقرہ پر نقش مربع قمر کندہ کریں۔ دونوں نقش یہ ہیں

نقش مربع شمس

۳۶۲	۳۶۶	۳۶۹	۳۵۷
۳۶۸	۳۵۸	۳۶۲	۳۶۷
۳۵۹	۳۷۱	۳۶۳	۳۶۱
۳۶۵	۳۶۰	۳۵۹	۳۷۰

نقش مربع قمر

۲۵۵	۲۵۸	۲۶۱	۲۲۸
۲۶۰	۲۲۹	۲۵۴	۲۵۹
۲۵۰	۲۶۲	۲۵۶	۲۵۲
۲۵۷۱	۲۵۲	۲۵۱	۲۶۲

اپنی صورت کی پشت پر یہ نقش کھنا چاہیئے

۷۸۶

۳۵۲	۳۵۵	۳۶۱	۳۲۵
۳۶۰	۳۳۶	۳۵۱	۳۵۶
۳۳۷	۳۶۳	۳۵۲	۳۵۰
۳۵۴	۳۴۹	۳۳۸	۳۶۲

پس دونوں صورتوں کو مقابل بنا کر درمیان میں اپنی شبیہ رکھیں۔ پھر دونوں کو ایک دوسرے سے چسپاں کر دیں۔ اس طرح کہ دونوں صورتیں پوشیدہ ہو جائیں اور دونوں نقش لوح کے اوپر رہیں پس اس طرح انگشتری تیار کریں اور لوح طلا پر ہو کہ لوح شمس ہے۔

ابرصا جبرساسا سورسا لکھیں اور انگشتری ایسی جیسی کہ اہل مغرب بدوح کی انگشتری اور اہل ہند اجنڑ کی انگشتری تیار کرتے ہیں اس انگشتری کو پہن لیں۔ مگر خیانت و قصد جماع و بول نماز کے وقت اتار دیا کریں۔ اگر کوئی مہم پیش آئے اور وہ بادشاہوں یا امیروں سے متعلق ہو تو انگشتری کو ہاتھ میں اچھالیں اور سونے کا حصہ اوپر کریں۔ سورہ والشمس پڑھیں اور اگر بیگمات سے مطلب ہو تو چاندی کا حصہ اوپر کریں اور وہ آیتیں جو قمر سے نسبت رکھتی ہیں۔ اسی طرح انگوٹھی کو سات مرتبہ اچھالیں اور ساتویں بار چاندی کی جانب اوپر رہے گی اس کو اسی حالت میں رہنے دیں۔ تاکہ مطلب حاصل ہو۔ کوئی بیمار ہو تو اس انگوٹھی کو دھو کر پلائیں انشاء اللہ شفاء ہوگی اور دردزہ کے لیئے سر کو چھوائیں محبت معشوق کے لیئے کافوری موم پر بوچون کو ثبت کریں اور اس موم سے معشوق کی شبیہہ بنائیں اور سات سوئیاں اس کے سات اعضاء میں چبھوئیں اور یہ نقش مزبع کاغذ یا موم پر لکھ کر

شکم پر چسپاں کریں اور اپنے سر کا ایک بال لے کر اس موی قصویرہ کو اس میں لپیٹ کر دیں۔ انشاء اللہ مطلوب بے قرار ہوگا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۸۹	۵۹۲	۵۹۵	۵۸۲
۵۹۲	۵۸۳	۵۸۸	۵۹۳
۵۸۳	۷۵۹۷	۵۹۰	۵۸۷
۵۹۱	۵۸۶	۵۸۵	۵۹۶

بغض و جدای پیدا کرنے اور ہلاکی دشمن کے عملیات

اگر دشمن کو ذلیل کرنا ہو تو شرف آفتاب میں شیشے کی ایک لوح تیار کریں۔ سورۃ والعصر و سورۃ الم ترکیف کے اعداد نکالیں اور نام دشمن اور نام مادر دشمن کے عدد اضافہ کریں اور نقش مثلث لوح مذکور پر کندہ کریں جب آفتاب نکلے لوح کا منہ مغرب کی طرف کریں اور جب آفتاب مغرب کی طرف آئے تو لوح کا منہ مشرق کی طرف کریں چند روز اسی طرح عمل میں لائیں انشاء اللہ دشمن ذلیل و خوار ہوگا۔ لیکن یکشنبہ کے دن تھوڑی شرنی کا صدقہ کریں یہ عمل حکیم جالینوس کا ہے۔

دیگر! ملک و قلعہ فتح ہونے کے لیئے اور دشمن بادشاہ کے ذلیل ہونے کے لیئے شرف زحل میں اور اگر شرف نہ ہو تو مجبوراً شنبہ کے دن آفتاب کے نکلنے سے پہلے ایک لوح سیسے کی تیار کریں اور آیۃ نصر من اللہ و فتح قریب انا فتحنا لک فتحا مبینا ربنا افتح بیننا وبین قومنا بالحق وانت خیر الفاتحین کے عدد نکالیں

نیز سورہ واقعہ والسم ترکیف کے عدد بھی نکالیں اور نام دشمن مالک قلعہ کے اعداد بھی اضافہ کریں اور نقش مربع پر کندہ کریں۔ لوح کے کنارے پر سورۃ فاتحہ معکوس کندہ کریں اور یہ الفاظ بھی لکھیں۔

اقام اتموا جرآ بینہ ملیکہ املیکہ اذالہ امہامہ واہ ثیا اسمنکا فجرہ دشکا وشبکی واہی دہ یا امہومکدما ملوکا اشیعین کنانہ بھانہ

پس اس لوح کو قلعہ کے نیچے یا ملک دشمن کے دروازہ پر خاک میں پوشیدہ کردیں انشاء اللہ قلعہ و ملک جلد فتح ہوجائے گا۔ اور دشمن ذلیل اور خوار ہوگا۔ مجرب ہے۔

دیگر! یہی زحل کا عمل قوم پر بزرگی حاصل کرنے کے لیے مفید ہے مگر اس طرح کندہ کریں کہ شرف زحل میں سنگ پشت کی ایک لوح تیار کریں اور یہ آیہ معظم لمن الملک الیوم اللہ الواحد القہار کے عدد نکال کر نقش مربع کندہ کریں یا دوروبہ قلم سے، اس طرح نقش پر کریں کہ ایک عدد قلم کی ایک طرف سے اور دوسرا عدد قلم کی دوسری طرف سے لکھیں۔ سیاہ مشرح منہ میں رکھیں۔ پس اس طرح لوح کو اپنے پاس رکھیں دشمن ذلیل و خوار ہونگے اور ہر شخص اطاعت کرے گا۔

دیگر! نیز یہی عمل زحل قوم پر بزرگی چاہنے کے لئے کریں ایک لوح سیسے کی شنبہ کے دن یا شرف زحل میں بنائیں لباس سیاہ پہنیں اور جس وقت برج ہوائی میں ہو شب یک شنبہ کو ایک وسیع اور بلند چھت پر جائیں اور سر برہنہ ہو کر سیاہ ٹاٹ سر پر رکھیں اور کہیں دیا کیوان منیواہم کہ برین قوم بزرگی نمایم داین را مطیع خویش گردانم پس بعدہ سات چیزیں سیاہ اپنے روبرو رکھیں اور وہ یہ ہیں۔ فلفل سیاہ سنگ سیاہ سیند۔ قیر خفیۃ الثعلب قند سیاہ سنگ انہ ان کو کوٹ کر بخور بنائیں اور آب نوس کی تپائی پر بیٹھ کر باز ہا یہ عزیمت پڑھیں۔

عزمت علیکم ایہا الکوکب المعظم بالنور الساطع القہر وفی بحق ہذا الحروف المرالمص الذا کہیعص طہ طسم طس لیس حم حم حم حم حم حم حم عسق فانی اسئلک باسمائک العظیم ان یکفنی ہذا الہم بحق ہذہ الاسماء المعظم سجبا ئیل وسطرائیل وصدحما ئیل بحق الحق ویبنی المطلق۔

پس جب شنبہ کا دن آئے تو نماز فجر سے پہلے غسل کریں اور دوروبہ قلم بنا کر سنگ پشت کی لوح پر اس نقش کو پر کریں۔ مگر اس طرح کہ ایک عدد قلم کے ایک طرف سے اور دوسرا عدد قلم کی دوسری طرف سے لکھیں پھر اس لوح کو ریشمی کپڑے میں لپیٹ کر خانہ تاریک میں رکھیں۔ جب کہ زحل کا کام پیش آئے تو لوح کو نکالیں اور اپنے پاس رکھیں اور جب مطلب پورا ہوجائے تو پھر لوح کو خانہ تاریک میں رکھ دیں انشاء اللہ جو شخص یہ عمل کرے گا وہ اپنی قوم کا سردار ہوگا۔ دشمن ذلیل و خوار ہونگے۔ نقش مربع یہ ہے۔

۴۸۶

۹۰	۹۲	۹۷	۸۳
۹۶	۸۲	۸۹	۹۷
۸۵	۹۹	۹۲	۸۸
۹۳	۸۷	۸۶	۹۸
کسر ۲			۳۶۹۰

دیگر! دشمن کی ہلاکت و خرابی کے لئے جب کہ قمر زحل کے مقابل ہو اور نمروزحل نحس برجوں میں ہوں اور نظر نحس سے ناظر ہوں تو سیاہ رنگ مربع پر سیاہ رنگ ٹاٹ پر جو کہ کبودی مائل ہو نیل سے یہ نقش مثلث اور

نام دشمن کے عدد نکال کر اس میں اضافہ کریں یہ مثلث لکھ کر ایک خراب اور ویران مسجد میں محراب کے نزدیک دفن کریں سورہ لایلاف تمام وکمال بارہ سو مرتبہ پڑھیں دشمن ذلیل وخوار ہوگا اگر خاص کر شرف زحل میں یہ عمل کریں تو بہت مناسب ہے نقش مثلث جس میں دشمن کے عدد اضافہ کیے جائیں گے یہ ہے نقش مثلث یہ ہے۔

۷۰۲	۶۹۳	۷۰۰
۶۹۶	۶۹۹	۷۰۱
۶۹۸	۷۰۳	۶۹۵

دیگر! اگر کسی نے بدگوئی کرکے کسی کا روزگار موقوف کرادیا ہو۔ پس روزگار حاصل کرنے کے لیے یہ تدبیر کریں کہ شنبہ کے دن جب کہ زحل خوشحال ہو ضوت میں بیٹھیں اور ایک صورت رانگ کی بنائیں جس کا شکم عجوف (خالی) ہو پوست آہو پر اس نقش مربع کو لکھ کر اس کے شکم میں رکھیں اور اس صورت کو جس طرح روزگار منظور ہو اس طرح بٹھائیں یعنی عزت افزای منظور ہو تو صورت کو تخت پر بٹھائیں۔ اگر منشی ہونا منظور ہو تو قلم کو اس کی کمر میں رکھیں اور کاغذ اور دوات پر بٹھائیں۔ اگر مثلث ہونا منظور ہو تو قلم کو اس کی کمر میں رکھیں اور کاغذ اور دوات پر بٹھائیں۔ اسی طرح جو روزگار مقصود ہو وہ اسی طرح عمل کریں۔ پس اس تصویر کو دیر رکھیں۔ اسی طرح جو روزگار مقصود ہو وہ اسی طرح عمل کریں۔ پس اس تصویر کو ایک کونے میں رکھ چھوڑیں، ہر روز اس تصویر کے پاس جایا کریں اور اس پر نظر ڈالا کریں۔ پانچ چراغ روشن کرکے اس تصویر کے پاس رکھیں نقش یہ ہے

۷۸۶

۲۲۰	۲۲۳	۲۱۷	۲۱۳
۲۲۶	۲۱۳	۲۱۹	۲۲۵
۲۱۵	۲۲۹	۲۲۲	۲۱۸
۲۲۳	۲۱۷	۲۱۶	۲۲۸

نیز اسی عمل کو ہلاکت دشمن کے لیے کریں۔ اس کا تدبیر کے دن پہلی ساعت میں چند صورتیں جیسے کی بنائیں ایک صورت بکھیں دوسری صورت کا نام قابیل رکھیں پس ہابیل و قابیل کے عدد نام کے عدد نکال کر اس نقش مثلث میں زیادہ کرکے پڑھیں اور نقش مذکور کو صورت ہابیل میں رکھیں پھر قابیل کے ہاتھ سے اس کے پہلو پر تیر لگائیں یا جس عذاب سے چاہیں معذب کریں۔ قابیل کے ہاتھ خنجر یا دوسرے ہتھیار دیں اور اس سے ہابیل پر ضرب پہنچائیں۔ مثلث قابیل پر ابلیس کا نام لکھیں اور ان دونوں صورتوں کو خانہ تاریک وسرد میں یا یہودی کی قبر یا مذبح میں دفن کریں۔ انشاء اللہ دشمن ہلاک ہوگا۔ نقش مثلث مذکور یہ ہے

۸۸۶ + 884 = 884

۲۹۶ 6	۲۹۰۰ 1	۲۹۸ 8
۲۹۷ 7	۲۹۵ 5	۲۹۲ 3
۲۹۱ 2	۲۹۹ 9	۲۹۴ 4

دیگر! کشتی میں مقابل پر فتح پانے کے لیے دونوں پہلوانوں کے ناموں کے عدد نکالیں اور آیۂ کریمہ۔ ید اللہ فوق ایدیھم فمن نکث فانما ینکث علی نفسہ بجا یعلم علیہ اللہ فسوف یؤتیہ اجرا عظیما وعدد یا قھار ذو البطش الشدید لا یطاق انتقامہ سے کر سب کو ایک جا کرکے نقش مثلث لکھیں اور اس نقش کو اکھاڑے میں دفن کریں انشاء اللہ جو شخص کو یہ عمل کرے گا وہ کشتی میں مقابل پر غالب رہے گا۔

دیگر! دشمنوں کی ہلاکت کے لیے اذا زلزلت الارض کے عدد و سورہ الم ترکیف کے عدد و آیۂ فزادھم اللہ مرضا۔ کی عدد جمع کرکے نقش مثلث

پڑھیں اور اس نقش کو مردہ کے کفن پر لکھیں اور کسی شہید یا مقتول کی قبر میں دفن کریں۔

دیگر! ہلاکت دشمن کے لیے اسم قہار کے عدد نکالیں اور نام کے عدد شامل کر کے خشت خام پر ایک نقش مربع روز لکھا کریں اور مہینے میں پہلی تاریخ سے آخر تاریخ تک روزانہ دریا میں ڈال کریں۔ انشاء اللہ دشمن برباد ہو جائے گا۔ ہلاکت کے لیے آٹھویں خانہ سے بیمار کے لیے چھٹے خانے سے نقش لکھیں اور وہ یہ ہے۔

۷۸۶

۹۱۲	۹۱۵	۹۱۸	۹۰۳
۹۱۷	۹۰۵	۹۱۱	۹۱۶
۹۰۶	۹۲۰	۹۱۳	۹۱۰
۹۱۳	۹۰۹	۹۰۷	۹۱۹

دیگر! دشمن کی ہلاکت کے لیے چاہیے کہ نام دشمن کے عدد نکال کر اس نقش میں اضافہ کریں اور نقش مثلث اگر ممکن ہو تو پڑھیں اور دشمن کی تصویر سرکہ نمک دنوشادر سیاہی میں ملا کر مردہ کے کفن پر کھینچیں اور نقش مذکور کو تصویر کے شکم نقش کے بھرتے وقت ہر خانہ پر آیۃ الکرسی پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں کیونکہ یہ عمل شمشیر قاتل ہے اور دو صورتیں موم کی بنانا چاہئیں ایک کے ہاتھ میں تیر و کمان دیں اور دوسری کو اس کے مقابلہ پر کھڑا کریں اس طرح تیر اس کے جسم جسے کھڑا کیا گیا ہے پیوستہ ہو اس مثلث کو کمان کی پشت پر لکھیں اور چار قطرے خون کے بھی بہائیں اور سورہ الم تر کیف پڑھیں جب تو ہیم پر پہنچیں تو کہیں شاہت الوجوہ شاہت الوجوہ اور اشارا اسی صورت پر کریں

نیز دعائے علوی مصری یاد ہو تو اس موذی کے قتل کے لیے پڑھیں انشاء اللہ دشمن ہلاک ہوگا اور قسم قسم کے درد و کرب میں مبتلا ہوگا دونوں نقوش یہ ہیں نقش اول شکم پر لکھیں۔

۷۸۶

۲۷۶ ۶	۲۷۰ ۱	۲۷۸ ۸
۲۷۷ ۷	۲۷۵ ۵	۲۷۲ ۳
۲۷۱ ۲	۲۷۹ ۹	۲۷۴ ۴

نقش دوم پشت کمان پر لکھنے کے لیے

۷۸۶

۹۲۳	۹۳۸	۹۳۵
۹۳۴	۹۴۲	۹۳۰
۹۳۹	۹۳۶	۹۳۱

دیگر!

ہلاکت دشمن کے لیے جب کہ تمرد عقرب ہو تو ہاروت و ماروت کے عدد نکال کر اس نقش مثلث کو اضافہ کریں اور نیلے کپڑے پر لکھیں اور تھوڑا رانگا۔ پینا اور نمک تیز لپیٹ کر پیاز کے اندر رکھیں۔ اور اس پیاز کو مرگھٹ میں دفن کریں۔ لیکن حکیم طلسم کی رائے ہے کہ قبر یہودی میں دفن کریں۔ انشاء اللہ دشمن ہلاک ہو جائے گا نقش یہ ہے۔

۴۔ یہ خانہ کسر کا ہے اسم یا نکیر کے عدد لانے سے نقش درست ہو جائے تو بہتر ہے ورنہ اس جگہ کسر رکھیں

دیگر! دو شخصوں میں عداوت پیدا کرنے کے لیے اول برج وقت عمل کی طالع کا حرف اور برج آفتاب کے طالع کا حرف (خواہ جس برج میں آفتاب اُس وقت ہو، حروف برج مریخ اور شخص کے نام کے برج کا حرف لے کر سب کو ملائیں اور تکسیر کریں جب نام نکل آئے تو مواکیل وظلمانی کے حروف کو علیحدہ لکھ کر عدد نکالیں اور اِس نقش مثلث میں اضافہ کر کے عرق پیازہ نیل و سیندور سے لکھیں اور نام سے حروف نورانی نکال کر باقی ماندہ حروف کو مثلث کی پشت پر لکھیں بعدہ سب کو باہم ملا کر معرب کریں پس ہر خانہ کے خانہ ایک یک کلمہ لکھیں اور کل عدد کو پانچویں خانہ میں رکھیں اگر تعداد موافق نہ ہو تو اسم اجہز یا قہار یا مذل یا ضار اُس میں اضافہ کر کے تعداد کو موافق کریں۔ بعدہ اُس مثلث کو نیلے ٹاٹ میں مع رانگے اور آہن سیاہ و ہڑتال و نیل و نمک پیاز کے رکھ کر سب کو لپیٹ کر اُس پر سیاہ ڈوری باندھیں اور گیر یا ہیودی کی قبر میں دفن کریں عمل سہ شنبہ کے دن کرنا چاہیئے یہ عمل ارسطو کی یادگار ہے اور بہت مجرب ہے لیکن جو کہ طالع برج وقت کا عدد کرنے کے لیئے کیا گیا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ مثلاً سہ شنبہ کے دن صبح کے وقت ساعت مریخ میں عمل شروع کیا گیا پس اُس وقت دیکھنا چاہیئے کہ لگن کس برج میں ہے اُس برج کا حرف لے لیں اور یہ جو کہا گیا ہے کہ آفتاب اُس وقت خواہ جس برج میں ہو اُس کا مطلب یہ ہے کہ مثلاً آفتاب برج ثور میں آغاز عمل کے وقت ہے۔ پس برج ثور کا حرف لے لیں۔ اسی طرح جس برج میں ہو اُس کا حرف حاصل کریں اور چونکہ مریخ برج حمل و عقرب کے ساتھ منسوب ہے ان دو برجوں کا حرف لے لیں اور نام دشمن اور مادر دشمن کے اعداد مثلاً لکھیں پھر ہم نے بارہ مرتبہ طرح دبالوژ ہے اس کو بروج پر تقسیم کیا۔ پس برج قوس

پر تمام ہو گئے۔ پس معلوم ہوا کہ اُس کا طالع برج قوس ہے لہٰذا برج قوس کا حرف لے لیا اور ان بروج کے جو مواکیل میں اُن کو علیحدہ لکھا اور جو حروف کہ ان مواکلوں سے منسوب ہیں اُن کو جدا لکھا بعدہ جملہ کی تکسیر کے اور حروف ظلمانی کو علیحدہ لکھا بعد ازاں اُنکے اعداد نکال کر نقش مثلث میں اضافہ کیے بروج کے حروف یہ ہیں۔ اس دائرہ سے حروف مواکیل سمجھنا چاہیئے۔

حمل اجرمن حروف نباتی غیر نباتی ا ھ ط	ثور ۔ جرمنا حروف نباتی ل ے د ح	جوزا ۔ وضاح حروف نباتی غیر نباتی ب و ی
سرطان مناجز ح ن ک غیر نباتی	اسد ناجرم نباتی غیر نباتی ط م ف	سنبلہ اجرامن غیر نباتی نباتی ن ش ذ
میزان غیر نباتی جرمنا نباتی ے س ض	عقرب ومناجم غیر نباتی نباتی ک س ق	قوس ۔ مناجر غیر نباتی نباتی ن ش ذ
جدی ناجرم غیر نباتی نباتی د خ غ	دلو اجرمن غیر نباتی نباتی ص ط ض	حوت غیر نباتی جرمنا نباتی ق ث ظ

اور آتشی بادی آبی خاکی مشرقی۔ مغربی جنوبی۔ شمالی جلالی جمالی وغیرہ کی تفصیل ابتداء میں ہو چکی ہے مواکیل بروج کا دائرہ یہ ہے۔ دائرہ مواکیل بروج۔

۱ حمئل سراخیل	۲ قوہ عزرائیل	۳ جوزا مراسیئل
۴ سرطان فقمائیل	۵ اسد سرائیل	۶ سنبلہ شکرمیل
میزان سواکیل	۸ عقرب مزرائیل	۹ قوس سرطائیل
۱۰ جدی شہکائیل	۱۱ دلو صبکائیل	۱۲ حوت فقائیل

جب یہ امور معلوم ہو گئے تو ظلماتی و نورانی حروف کو معلوم کرنا چاہیئے اور وہ یہ کہ نورانی حروف حروف آتشی کو کہتے ہیں اور حروف ظلماتی حروف خاکی کو کہتے ہیں جن حرفوں میں کہ نقطہ نہیں ہوتا اُن کو صوامت کہتے ہیں جن حروف کے اوپر نقطہ ہو اُن کو فوقی کہتے ہیں اور جن کے نیچے نقطہ ہو اُن کو تحتی کہتے ہیں جو حرف کہ سطر اوّل میں ہو اُسے بقاء عدد ابجد علوی کہتے ہیں اور جو نیچے کی سطر میں ہو اُسے سفلی کہتے ہیں۔ جو حروف کو ایک جاری کی طرف منسوب ہیں جسکی تشریح اوّل میں ہو چکی ہے۔ اُن کو ثقیل اور باقی تمام حروف کو خفیف کہتے ہیں جو حروف کہ عناصر میں متفق ہیں وہ متساوی ہیں باقی حروف غیر متساوی ہیں۔

جو حروف کہ سعید ستاروں کی طرف منسوب ہیں وہ سعید ہیں اور جو نحوس ستاروں کی طرف منسوب ہیں وہ نحس ہیں جو حروف کہ غالب العناصر ہیں وہ جلالی ہیں اور باقی جمالی کہلاتے ہیں۔ یہ سب اُمور ظاہر کرنیکے بعد وہ شکل لکھا جاتا ہے۔ جس کا ذکر اوپر ہو چکا ہے۔

پس مثال مذکورہ بالا کے مطابق عمل کرنا چاہیئے

دیگر:۔ ہلاکت دشمن کے لیے نگاری کا عمل مفید ہے ان اعداد نگار کو نام دشمن کے اعداد کے ساتھ ملا کر مردہ کے کفن پر نقش تحریر کریں اور اُسی مردہ کی قبر کے آگے جس کے کفن پر نقش لکھا ہے دفن کر دیں۔ دشمن ہلاک و برباد ہو جائے گا۔ اعداد نگار یہ ہیں۔ ۶۸۶

۶۳۵	۶۳۰	۶۳۹
۶۳۲	۶۳۸	۶۳۳
۶۳۷	۶۳۶	۶۳۱

ان کو اوّل سے دہائی تک شمار کر کے جمع کریں اور استعمال میں لائیں۔ دیگر:۔ اگر کسی کو یہ خوف ہو کہ دشمن اگر زندہ رہے مجھے زندہ نہ چھوڑے گا اور اُس کے مار ڈالنے میں مخلوق کی بہت بڑی امن و آسائش ہے اور بے حد مجبوری ہو اُس وقت درگاہ خدا میں فریاد کریں کیا الٰہی میں اُس گناہ کا ارتکاب کرتا ہوں اور سخت مجبور ہوں۔ یہ زندہ بکری کو جلاتا ہوں تو عالم الغیب ہے۔ میرے گناہ کو بخشدے اور اس عمل کو خدا کے حساب میں تو بہ کرے۔

عمل یہ ہے کہ سیاہ رنگ بکری کو تہ خانے یا قبر میں لے جائے اور اُس جگہ کوئی دوسرا نہ ہو نہ کوئی راہگیر اُس طرف سے گذرے پس تین سو تین سوئیاں فولاد کی لے کر سورہ الم ترکیف کو ایک ایک بار ہر سوئی پر پڑھے اور ہر ایک سوئی وزنہ کے چبھودے اور نیت کرے کہ فلاں شخص کو میں وزنہ گداز کرتا ہوں بعد ازاں ایک بڑا چراغ اور فلیتہ تیار کر کے روشن کرے اور آہنی ظرف میں رکھے اس نقش کو لکھ کر اُس ظرف کے نیچی خاک میں دفن کریں اور دشمن کی تصویر کھینچ کر چراغ میں رکھیں پس اس چراغ کو وزنے کے نیچے رکھ کر جلائیں وزنہ کا روشن چراغ میں ٹپکے گا اور اُسی روغن سے چراغ جلے گا پس جس قدر اُس وزنہ کا خون خشک ہو گا اُسی قدر دشمن بھی تحلیل ہو گا۔ جب چراغ بجھ جائے

گا دشمن مرجائے گا اور چراغ اُس وقت بجھے گا۔ دشمن مرجائے گا اور چراغ اُس وقت بجھے گا جب کہ دنبی میں روغن نہ رہے گا۔ عدد بنگالہ جو کہ اوپر لکھے گئے ہیں اس نقش میں زیادہ کرنے چاہیئے۔ نقش مثلثہ یہ ہے

۷۸۶

۱۱۳	۱۰۸	۱۱۵
۱۱۴	۱۱۲	۱۱۰
۱۰۹	۱۱۶	۱۱۱

دیگر! عورت کو ایذا دینے کے لیے اگر منظور ہو کہ عورت کا خون جاری ہو جائے تو پہلے اس منتر کی زکات ادا کریں یعنی گیارہ روز جنگل میں جا کر کنوئیں کے کنارے بیٹھ کر منتر مذکور ایک سو ایک مرتبہ پڑھیں مگر شام کا وقت ہو پس اُسی وقت عورت کا خون جاری ہو جائے گا منتر یہ ہے۔

جل کر منڈی دریا جائے کھول کھال لہو بہائے ارجن سرجن بھون ترجن ناڑہ ٹوٹے فلانی کا پیر چھوٹے۔

دیگر! بغض و عداوت کے لیے نیب کے قلم اور نیل کی سیاہی سے سیاہ مرچ منہ میں رکھ کر منگل کے دن دونوں دوستوں کے اور اُن کے ماؤں کے نام اس فلیتہ پر لکھیں اور بائیں دن جلائیں دونوں میں دلی عداوت ہو جائے گی۔ فلیتہ بنگالہ اگلے صفحہ پر ہے

دیگر! بغض و عداوت کے لیے سیاروں کے ان ناموں کو کہ ایک روحانی اور دوسرا جسمانی ہیں لکھ کر یہودی یا نصرانی مجوسی کی قبر میں دفن کریں۔ فی الفور ایک لمحہ میں اثر ہوگا۔ یہ اسماء ہر کام کیلئے



اسمائے روحانی سیارگان

زحل	یدبھاش طوش میوش صیعرش وہ نوش طاعیش ذہروش طاھنظروش ذھاھرش ذہاراش ھبطش صطش
مشتری	اذہرش حبطیس فروش وھنداش
مریخ	وھدلوش ھاذ بغیش عندوش ممراس اہ ذوعوش
شمس	ھبدبعلیش مھیراش وھندھاش ہبوبوش متدکاش وھنہاش وھنعاش اطمیعاش۔ متعوش۔ ھاذیش طبیعادیش اذھرش وھطاہرش اباش

زہرہ شہووش عنقاش انفاش
توھوناش امیراش صیطش شاھلیش

عطارد ذہانیش ملیش دھونش ملودیش امینس

قمر عذلوش ھاذیش ہراونوش ھلطاش
طھماہش ہرانا نیش میانوش نہ فانوش

اسماء جسمانی سیارگان

زحل اشراغات نیلانالاش تاھانوراش
لطراطلیاش وہ غاطاباث ذہ غاھولیش لناھونوشا
طشاثلہ لیتاحرکات دبدوانیا منفوذناھانیش

مشتری شبوہ رکتث باثونوویا احداہ ھطاطوما
اوہ وثاردی لصامات کشیرطوہ بامیثاثاھلو

مریخ بساتافیقی کیوکزاہ فیا
جھاکاموثوثیاتی مالونراطیوجلیوطیو

شمس انہ انہ افراناہ وہ ودفثاللولولودچناچنا کامالاکی کی منشودہ
اھواھ وہ طی قرباھوفھمناباوہ ماری ھطلثیاثاہ ھبطوطو

زہرہ سمیطوفاموطھیافی
دھناھی مالالاما لاتیاتیرراکیناط

قمر اھلاطافوش مھیثاماطلوسا ملیطی طو
ھیابیراطوکہ کوما اوموھی ھابی ششاماتبنی فوسا
ہریقوہ سطکشا شبرکاماطاث نہ انیدفہ ماطوھانسا

پس ان دونوں قسم کے اسماء کو محبت یا بغض جس امر کے لیے عمل میں لائیں
مجرب و مفید ہے۔

اگر کسی شخص کو سحر یا وسواس یا سودا ہوا ور اس کا علاج منظور ہو تو ان اسماء سونگ خام یا شیشے پر لکھ کر مریض کو دکھائیں اور اسی کو دھو کر رات گھونٹ کرکے پلائیں اور جو پانی باقی بچے اُسے سر اور چہرہ پر ملیں اور تھوڑا سا پانی دروازہ کی بائیں جانب چھڑک دیں اسی طرح سات دن تک صبح و شام عمل کریں اللہ صحت عطا کرے گا۔ نیز سحر زدہ کے لیے مشک و زعفران سے لکھ کر پلائیں مریض تپ کے لیے بھی عمل مفید ہے۔ دو شخصوں میں صلح کرانے کے لیے ان اسماء کو لکھیں اور مشک و زعفران سلگا کر بخور دیں۔ بعد ازاں راکھ چھوڑ دیں صلح ہو جائے گی

بادشاہوں کو مہربان کرنے کے لیے ان اسماء کو لوح کی قلم سے تانبے کی لوح پر لکھیں اور گردن میں حمائل کریں زبان بندی کے لیے سونے یا چاندی کی لوح پر لکھیں اور ڈبیا میں رکھ کر موم خام سے اچھی طرح بند کر دیں اور اس ڈبیا کو اپنے پاس رکھ چھوڑیں۔ جب تک وہ ڈبیہ رہے گی لوگ بدگوئی نہ کریں گے اور محبت دوستی پیش آئیگے۔

محبت کے لیے ان اسماء کو بکرے کے چمڑے پر لکھیں اور لکھتے وقت اُن لوگوں کے نام لیں جن کی محبت منظور ہو اور اس چمڑے کو آگ کے نیچے اس طرح رکھیں کہ آگ کی گرمی اُسے پہنچے انشاء اللہ کامل محبت ہوگی۔

(تمام شد)

طبِّ خلوت

یعنی

نئی و پرانی تحقیق کے مطابق مرد و عورت کی مختلف قسموں کا بیان اور اُن کے پہچاننے کے اصول۔ شادی کی ضرورت پر محققانہ بحث اور اس کے مفید قاعدے۔ اعضاء توالد کی تشریح۔ جماع کے طریقے۔ استقرار حمل کی دلچسپ کیفیت مع ضروری تشریح خوبصورت اور خوب سیرت اولاد کے پیدا کرنے کی ترکیب۔ والدین کا اثر اولاد پر اور اس کی احتیاط۔ آتشک۔ سوزاک۔ جریان سرعت انزال وغیرہ امراض کے مفید نسخے نہایت مرغوب اسلوب اور دلکش پیرائے میں۔

مشتاق بک کارنر الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور

فہرست

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۱	اعضائے تناسل	۱۱
۲	انسان اور اس کے اقسام	۱۶
۳	تجرد	۲۰
۴	شادی	۲۴
۵	حیض	۴۰
۶	حمل اور اس کا قرار پانا	۴۲
۷	خوب صورت اور خوب سیرت اولاد	۴۷
۸	والدین کا اثر اولاد پر	۵۲
۹	متفرقات	۵۷
۱۰	علاج مفلسی	″
۱۱	جریان سرعت انزال	۵۸
۱۲	سوزاک	۶۰
۱۳	آتشک	۶۲
۱۴	رسالہ معالجات	۶۴
۱۵	ادویہ مرکب دافع جریان منی	۶۶
۱۶	ادویہ مرکب نافع سرعت انزال	۶۹
۱۷	کثرت احتلام	۷۶
۱۸	ادویہ مرکب ممسک	۷۲
۱۹	روغن ہا	۷۸

تمہید

بچپن جوانی اور بڑھاپا انسانی عمر کے یہ تین حصے ہیں اور اگر انصاف کیا جائے تو ہر ایک اپنی اپنی جگہ دلکشی اور دلاویز ہے۔ لیکن نسبتہً بچپن کا زمانہ کچھ عجیب و غریب ہوتا ہے۔ وہ بے پرواہی کا عالم کسی کا خوف نہ کسی کا لحاظ نہ شرم۔ نہ معیشت کی فکر جانفرسا نہ عزیز و اقربا کی محبت نہ حسن و عشق کے جانگداز سرنگیوں سے غرض۔ نہ وصال کی تمنا دل میں جلوہ نما ہوتی ہے نہ فراق کی مصیبت جگر میں تیر بن کر کھٹکتی ہے غرض کچھ عجیب آزادی اور عیش و فراغت کا زمانہ ہوتا ہے۔ مجھے یاد کر کے ایک پابند شباب کی زبان سے بے اختیار نکل آتا ہے۔

اسیر پنجۂ عہد شباب کر کے مجھے،
کہاں گیا مرا بچپن خراب کر کے مجھے

یہ بھولا بھالا دلپذیر زمانہ بہت دنوں تک نہیں رہتا اور ہنستے کھیلتے چند ہی دن میں ختم ہو جاتا ہے۔ اگرچہ اس زمانے کی ہر ایک سینری انتہا سے زیادہ دل چسپ ہے اور اسکی جو بات ہے وہ دل لینے میں جادو کا اثر رکھتی ہے مگر اثر پذیری کا مادہ بھی حد سے بڑھا ہوا ہوتا ہے۔ چنانچہ بچپن کے زمانہ میں انسان کو جو باتیں معلوم ہوتی ہیں وہ تقریباً تمام عمر یاد رہتی ہیں۔ اور چونکہ ذہن بالکل صاف اور آئینہ کی طرح شفاف ہوتا ہے۔ اور جو صورت سامنے آتی ہے وہ منعکس ہو جاتی ہے۔ یہی کیفیت اسکی بھی ہوتی ہے اور جو باتیں کہ تلقین و تعلیم سے معلوم ہوتی ہیں وہ کالنقش فی الحجر کے محو کیئے سے محو نہیں ہوتی ہیں۔ اس لیئے اس مختصر زمانے کو فلاسفروں نے تعلیم و تربیت کے لیئے مخصوص کیا ہے اور اگر غور سے دیکھا جائے

تو فطرت کی طرف سے بھی یہ زمانہ تعلیم و تربیت کے لیئے خاص ہے اور اس بارہ سے زیادہ پندرہ برس کا یہ محدود زمانہ اسی لیئے ہے کہ انسان اپنی آئندہ عمر کے لیئے تجارب اور مشاہدات کا خزانہ جمع کرے۔ جسے اپنی ضروریات میں صرف کر سکے۔

چنانچہ پہلے پہل نیچرل آمایق ماں کا شفیق ہاتھ پکڑ کر خدا کو معدے میں پہچانے کا طریقہ بتاتا ہے۔ یہ قدرت کی پہلی تعلیم ہوتی ہے اس کے بعد رفتہ رفتہ جس قدر عمر بڑھتی جاتی ہے اُسی قدر تعلیم بھی زیادہ ہوتی جاتی ہے۔ اور یہ بچپن کی تعلیم ایسی مؤثر اور دیرپا ہوتی ہے۔ کہ مرتے دم تک نہیں بھولتی اور فطرت نے جو طریقے ضرورت کو پورا کرنے کے مقرر کیئے ہیں۔ وہ عمر کے ہر ایک حصے میں ضروری ہیں چونکہ نشوونما کے ساتھ ساتھ قدرتی تعلیم بھی ہوتی رہتی ہے اس سے صاف ظاہر ہے کہ طبیعت خود تعلیم حاصل کرنے کی مقتضی ہوتی ہے اور جلائے ذہن کی وجہ سے اخذ قبول کرنے کا مادہ بہت زیادہ ہوتا ہے اس لیئے تجربہ کار اور ضرورت شناس لوگوں نے ہمیشہ وقت دنیا کی ہر ایک تعلیمی ترقی کا ابتدائی زمانہ قرار دیا ہے۔ صاف معلوم ہوتا ہے۔

کہ اس زمانے میں انسان جسکی خلقت ابھی نشوونما کی حالت میں ہے اور کمال کو نہیں پہونچی۔ جس طرف مصروف کر دیا جائے اُس سے ایک خاص اندگرا تعلق پیدا کرے گا۔ اگر اطفال آٹھ دس برس کی عمر میں صنعت و حرفت کی طرف لگائے جائیں تو کچھ دنوں میں وہ بڑھئی لوہار یا جو صنعت انھیں سکھائی جائے اُس کے ماہر بن جائیں گے اسی طرح اگر اسے علم پڑھایا جائے تو جس علم میں اُسے مشغول کیا جائے گا کچھ دنوں کے بعد میں اُسے اُس علم سے ایک ضروری لگاؤ پیدا ہو جائے گا۔ اور نہ صرف انسان کی ظاہری زندگی پر اسکی ابتدائی کاموں کا اثر پڑتا ہے۔ بلکہ ابتدا سے عمر کے انتہائی

عمر تک بھی دل سے کبھی نہیں جاتے ۔ اور جو باتیں وہ دیکھتا ہے اور جس محبت میں وہ رہتا ہے اُن کے طریقے ایمان اور یقین بن کر اس کے دل میں جاگزین ہو جاتے ہیں ۔ چنانچہ ہمارے بانی اسلام علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ مولود کے والدین اگر مجوسی ہیں ۔ تو وہ مجوسی اگر یہودی ہیں تو وہ یہودی اگر نصرانی ہیں تو وہ نصرانی ہو گا ۔ اسی سے بھی یہ بات روشن ہے کہ اہل ہنود کے یہاں جس قدر اولاد ہوتی ہے وہ اپنے ماں باپ کے مذہب پر ہوتی ہے اور اہل اسلام کے یہاں جسقدر لڑکے پیدا ہوتے ہیں ۔ اُن کے خیالات اور اعتقادات بھی مسلمانوں کی طرح ہوتے ہیں ۔ حالانکہ مذہب کو اصل فطرت سے کوئی تعلق نہیں اور نہ مذہب کوئی ایسی چیز نہیں جسے انسان ماں کے پیٹ سے لے کر پیدا ہو بلکہ جب آدمی ہوش سنبھالتا ہے اور عقل و دین سے کام لیتا ہے اس وقت اپنے مذہب کا حسن قبح معلوم کر سکتا ہے ۔

بہرکیف ! یہ بات علوم متعارفہ کی طرح مان لینے کے قابل ہے کہ بچپن کا زمانہ قبولیت اثر کا ایک خاص زمانہ ہوتا ہے اور اس وقت انسان مولود کو جس کام پر لگائے اُس میں بہت جلد ایک نمایاں کامیابی حاصل ہوگی ۔

لیکن جب ہم ہندوستان کی غم ناک حالت کو دیکھتے ہیں تو بے اختیار آنکھوں سے غم کے آنسو نکل پڑتے ہیں ۔ اس کے ہونہار بچے تعلیم و تربیت سے بالکل محروم ہیں اور جس طرح جنگلی درخت بے تکے اور بے ڈھنگے ہو کر بڑھ جاتے ہیں ۔ اور کوئی ہمدرد باغبان نہیں ملتا ۔ جو انھیں کاٹ چھانٹ کر ہموار کرے یہی کیفیت گلشن ملک کے ان ناہموار پودوں کی ہے ۔

بعض روشن خیال گھرانوں میں اگر تعلیم کا انتظام کر بھی لیا ہے تو تربیت کی طرف توجہ نہیں ۔ حالانکہ تربیت اس سے بھی زیادہ اہم اور ضروری ہے ۔ اس کا دردناک نتیجہ یہی نکلتا ہے کہ روز بروز ہندوستان کی حالت خراب ہوتی جاتی ہے اور ہندوستانیوں کی جسمانی اور روحانی قابلیت بالکل محدود ہو گئی ہے یہی بچے جب اپنے بچپن کا زمانہ ختم کر کے جوانی کے عالم میں قدم رکھتے ہیں تو اُن کی حالت ناگفتہ بہ ہوتی ہے تعلیم کی کمی سے وہ احساب اعزا و اقربا کا بلکہ خود اپنا حق بھی نہیں جانتے اور تربیت کی کمی سے اُن میں اخلاقی کمزوریاں حد سے زیادہ ہوتی ہیں ۔

کس قدر افسوس کی بات ہے کہ ننھی ننھی بے زبان چڑیاں بھی اپنے بچوں کو نشو و نما کے ساتھ ہی اُن کی تعلیم و تربیت کا خیال رکھتی ہیں اور انھیں اپنی کفاف حیات اور اس کے استعمال کرنے کا طریقہ اپنے ساتھ ساتھ رکھ کر بتاتی ہیں اور کچھ دنوں میں وہ ہوائی مخلوق کا سب سے چھوٹا فرد ذرا سا بچہ چلنے پھرنے اور اُڑنے کے قابل ہو کر اپنی ضروریات کو خود انجام دیتا ہے ۔ اور اپنے نیک و بد کو اچھی طرح سمجھتا ہے اور نہ صرف سمجھتا ہے بلکہ اُن سے بچنے کی کوشش کرتا ہے لیکن انسان جو اشرف المخلوقات ہے اُس کے بچوں میں یہ بات نہیں ہوتی ۔

صاف ظاہر ہے کہ جس امر کی ابتداء خراب ہوگی اُس کی انتہا کسطرح اچھی نہیں ہو سکتی اور جس مکان کی بنا متزلزل ہو اُس کی پائداری کی اُمید نہیں کی جا سکتی ۔ اسیطرح جب پہلے ہی بچوں کی تعلیم و تربیت اچھی نہیں ہوتی اس سے عنفوان شباب کے زمانے میں بھی وہ طرح طرح کے نقصانات اٹھاتے ہیں ۔ ناتجربہ کاری کی وجہ سے انھیں اپنے نافع اور نقصان کی تمیز نہیں ہوتی اور اُن چیزوں کی طرف میلان طبع ہوتا ہے جس میں بظاہر وقت محسوس نہ ہو اور جسے زیادہ لذت حاصل ہو ۔

لذت کا لفظ بالکل عام ہے اور یہ کھانے پینے پہننے وغیرہ ہر ایک چیز میں ہے

لیکن بہت سی لذتیں ایسی بھی ہیں جو صرف انسانی جسم کی سکون و حرکت سے وابستہ ہیں۔

انسان جو لذیذ اور قیمتی غذا استعمال کرتا ہے اگر بظاہر بھی معلوم ہوتا ہے کہ وہ معدے میں پہونچکر ایک بڑی چیز بن جاتی ہے لیکن دراصل وہ اپنے پاک اور شیریں اجزا کا جوہر انسانی جسم کی نذر کرتی ہے۔ جس سے اعضا کی پرورش کے لیے خون طیار ہوتا ہے اور پھر اس خون سے ایک اور بھی زیادہ قیمتی چیز "منی" طیار ہوتی ہے منی انسان کے جسم کا ایک پوشیدہ خزانہ ہے اگر تھوڑی دیر کے لیے یہ خزانہ انسان سے چھین لیا جائے تو جس طرح آنکھیں نکال لینے سے بینائی کی قوت جاتی رہتی ہے۔ اور اگر زبان کاٹ لی جائے تو گفتگو کسی طرح نہیں ہوسکتی اسی طرح انسان تمام قوتوں سے محروم ہوجائے اس خزانے کے لیے صانع قدرت نے ایک خاص اور محدود جگہ بنائی ہے جس میں نہایت احتیاط کے ساتھ رہتا ہے اور تمام دنیا کے لطف اور زندگی کا مزا اسی پر موقوف ہے۔ اگر انسان کو ہفت اقلیم کی سلطنت مل جائے۔ اور اس خزانے سے محروم ہو تو وہ بالکل ہیچ ہے اگر ہر ایک سے اطمینان خاطر نصیب ہو اور کسی بات کی فکر نہ ہو لیکن یہ خزانہ ہاتھ سے جاتا رہے تو انسان ایک لحظہ بھر کے لیے بھی خوش نہیں ہوسکتا۔ اگر یہ قیمتی چیز نہ ہو تو آنکھوں کی بینائی فضول اور کانوں کی قوت سامعہ بالکل بیکار ہے۔

غرض زندگانی کی تمام کامرانی اسی خزانے پر موقوف ہے۔ تمام ولولے جو انسان میں ایک تازہ روح پھونک دیتے ہیں۔ تمام جوش جو دل کو بے تاب رکھتے ہیں صرف اسی کی وجہ سے ہیں اگر یہ نہ ہو تو تمام امنگیں تمام ارمان اور تمام آرزوئیں خاک میں مل جائیں۔

اگر زیادہ غور کیا جائے اور چشم انصاف سے دیکھا جائے تو یہ بات معلوم ہوجائے گی کہ [illegible] کی افزیش کا دارومدار صرف اسی بیش قیمت خزانے پر منحصر

ہے لیکن زیادہ تر افسوس یہ ہے کہ ایسی قیمتی چیز کی احتیاط کرنے والا فی صد ایک بھی نہیں پایا جاتا۔ اور بڑی بے دردی کے ساتھ صرف کرنے والے ہزاروں میں ملیں گے

آج کل عام طور پر بچوں کی تعلیم و تربیت کا یہ قاعدہ ہے کہ جہاں دیکھا کہ بچہ بات چیت سمجھنے لگا اور زبان کھلی بس مدرسے میں داخل کردیا اور بیس پچیس برس کے لیے فرصت مل گئی۔

یہ بالکل نہیں دیکھا جاتا کہ بچے کا دماغ کس قسم کا ہے اور اسکی عقل میں صانع مطلق نے کیا صلاحیت رکھی ہے اور اسے کس فن یا علم سے مناسبت ہے بس اندھا دھند تعلیم ہوتی چلی جاتی ہے تو خدا خدا کرکے انٹرنس پاس کیا اگر قسمت نہ ہوئی تو اسی پر تعلیم ختم ہوگئی اور کسی دفتر میں ملازم ہوگئے یا اگر والدین میں کچھ تمول اور روشن خیالی ہے۔ تو ڈگری پاس کیے بغیر تعلیم نہیں چھوڑی جاتی۔ پھر کبھی بھولے سے بھی اس کا خیال نہیں آتا کہ صاحبزادے کو کونسا کیا ہے۔ یہ ایک عجیب مرض ہندوستان میں پھیلا ہوا۔ یہ کون کہہ سکتا ہے کہ تعلیم بری چیز ہے لیکن ضرورت سے زیادہ جو چیز ہو خواہ کیسی ہی اچھی ہو مگر مفید نہیں کہی جاسکتی۔ اس طرح بے سوچے سمجھے کی تعلیم انجام کار غیر مفید بلکہ کئی صورت میں مضر ثابت ہوتی ہے

بہرکیف اسوقت ہم کو ہندوستان کی تعلیمی حالت سے بحث نہیں بلکہ ایک دوسرے دلچسپ مضمون پر کچھ خامہ فرسائی کرنا چاہتے ہیں۔ چنانچہ تعلیم کی طرف تو لوگوں کا یہ عام رجحان ہے لیکن تربیت کی طرف کچھ خیال نہیں ہوتا۔ بس ایک مرتبہ اسکول میں داخل کردیا اور بے خبر ہوگئے۔

انھیں بالکل خبر نہیں ہوتی کہ بچے کی اخلاقی حالت کیا ہے۔ اور اس عدم نگہداشت کی وجہ سے اُن کی پہلی علمی عیاشی یہ ہوتی ہے کہ جہاں ذرا کتاب پڑھ لینے کی استعداد پیدا ہوئی بس قصے کہانی کی کتابیں پڑھنی شروع کردیں۔ اور خاص کر اندرون میں تو مخرب

اخلاق ناولوں کی ہوا چل گئی ہے۔ یہ نئی صدی نوّے صرف نوعمر طالب علموں کے ا
ہیں رہتے ہیں۔ ان ناولوں میں حسن و عشق کی رنگ آمیزیاں ہوتی ہیں جوان ہونہار
طبیعتوں پر ایک غیر معمولی اثر پیدا کرتی ہیں اور پھر دل کو عشق و محبت کے خیالات کو
ایک چسکا پڑ جاتا ہے اور رفتہ رفتہ ایک خیالی معشوق کی تصور میں رہنے لگتی ہے اور
ناتجربہ کاری کی وجہ سے یہ اسی کو غنیمت سمجھتے ہیں۔ اور مفت کے عاشقی مزاج بن بیٹھتے
ہیں۔ نگاہیں جستجو میں رہتی ہیں اور دل بھی ایک حقیقی مجسم معشوق کی تلاش کرتا ہے
اور جب کبھی ایسے خفیف اسباب بھی پیدا ہو گئے تو وہ خیالی تصویر جو مدتوں تک
دل میں جاگزین رہ چکی ہے۔ عالم مثال میں نظر آجاتی ہے اور ناواقف نوجوان
رشک مجنون و حیرت وہ فرہاد بن بیٹھتے ہیں۔

افسوس یہ ایک وبا ہے۔ جسکی ہوا آج کل چاروں طرف چل رہی ہے اور
اگر چشم جہان بیں سے دیکھئے تو معلوم ہو کہ کتنے خاندان صرف ان فضول اور بے ہود
حرکتوں کی نذر ہو گئے۔ اکثر خاندان اسی نازو نیاز نے تباہ کر دیئے مگر افسوس کہ ہمارے
نوجوانوں کو اس کا خیال بالکل نہیں ہوتا۔ بجائے اس کے کہ وہ اپنی علمی کمال اور ترقی
سے اپنے خاندان اور قوم کے لیئے مایہ مخزن ناز ثابت ہوتے اور اپنے آباؤ اجداد
کا نام روشن کرتے وہ بدنامی اور رسوائی کا دھبہ نہ صرف اپنے دامن پر لگاتے ہیں
بلکہ اپنے ساتھ ہی اپنے نامور خاندان کو بھی رسوائے زمانہ کرتے ہیں۔

میرے اچھے غائبانہ دوستو! نصیحت کی بات بڑی معلوم ہوتی ہے اس
لیئے ممکن ہے کہ میری باتیں تمہیں بڑی معلوم ہوں۔ لیکن میں تمہیں سچے اور خیر خواہ
دل سے نصیحت کرتا ہوں کہ آپ کو سنبھالو اور اس محبت سے کوسوں دور ہو جی
پر تمہیں بڑا ناز ہے کہ یہ ہمیشہ رہے گی۔ تم نے ابھی نہیں دیکھا اور میں اچھی طرح
دیکھ چکا ہوں کہ اس محبت کا کوئی اعتبار نہیں یہ سائے کی طرح کہ ابھی ہے اور

ڈھل جائے گی۔ یہ صرف جوانی کا جوش ہے جس نے تمہاری آنکھیں بند کر دی ہیں اور
غفلت کی وجہ سے تمہیں کچھ نظر نہیں آتا اور سفید و سیاہ کی تمیز جاتی رہی ہے جہاں تم نے
غلط کاری کی ٹھوکر کھائی کہ آنکھیں کھل جائیں گی اور ہوشیار ہو جاؤ گے اس لیئے تمہیں
چاہیئے کہ نقصان اٹھانے سے پہلے ہی اپنی احتیاط رکھو۔ دیکھو تمہاری طرف اعزا
کی دوستوں کی وطن کی اور قوم و ملک کی محبت بھری نگاہیں لگی ہیں کہ اب تم ترقی کے آسمان
پر نامور ستارہ بنکر چمکو گے اور اسکی روشنی سے وہ منور ہو جائے گی۔

پیارے غائبانہ دوستو! تم گلشن ہستی کے ہونہار پودے تمہاری شادابی اور تر و
تازگی دیکھ کر ہر ایک کا دل خوش ہوتا ہے اور آئندہ کے لیئے امید پیدا ہوتی ہے کہ
اسکی سرسبز شاخوں میں خوش نما پھل لگیں گے اور پھر نسیم انہیں کھلا شگفتہ پھول
بنائے گی جن کی بھینی بھینی دلفریب خوشبو سے مشام جان معطر ہو جائے گا۔ دیکھو
کہیں ایسا نہ ہو کہ پھلنے سے پہلے تمہاری شاداب پتیاں مرجھا کر شاخیں سوکھ جائیں
اور تمہارے ساتھ ہی وابستگان امید کی آرزوئیں اور ارمانوں کا خاتمہ ہو جائے

جس طرح مذکورہ بالا شاہدے سے معلوم ہوتا ہے کہ مخرب اخلاق کتابوں
کا بڑا اثر طبیعت پر پڑتا ہے اسی طرح بری صحبتوں اور بدچلن لوگوں کے ساتھ
نشست و برخاست رکھنے سے اس سے بھی زیادہ برا اثر پڑتا ہے اور بہت
جلد برے برے خیالات پیدا ہو جاتے ہیں۔ اس لیئے کہ خراب کن امور کی تاثیر
دل پر شائستہ اور شستہ خیالات سے زیادہ ہوتی ہے چنانچہ چند ہی دن میں گمسن
جوان صحبت بد کے اثر بد سے متاثر ہو کر اور اکثر ناجائز گناہوں کے مرتکب ہو کر
نہ صرف خدا و خلق کو ناراض کرتے ہیں بلکہ اپنی صحت سے بھی ہمیشہ کے لیئے ہاتھ
دھو بیٹھتے ہیں۔ اور وقت آنے سے پہلے اپنی جوانی اور عیش و کامرانی کو کھو بیٹھتے
ہیں۔

اعضاء تناسل

نباتات کا ہمیں کچھ نہ کچھ علم ہے۔ حیوانات میں بہت سے جانور ہیں جنکو کم و بیش تشریح کی ہمیں خبر ہے۔ لیکن اپنے جسم اور اُس کی بناوٹ سے ہم بالکل ناواقف ہیں جب ہم اپنے اعضاء اور ان کی بناوٹ سے آگاہ نہیں تو بھلا اُن کی حفاظت کیا کرسکیں گے۔ یہ کتاب علم النساء اور علم اعضائے تناسل اور اُن کی حفاظت پر لکھی گئی ہے اسلیے ہم اُن کی تشریح اور بیانات بیان درج کرتے ہیں۔

خصیے۔ سفید اور پتلے گوشت۔ رگوں رودہ اور شریانوں سے مرکب ہیں۔ اِن کا گوشت نرم سوراخ دار ہے۔ اسکی رگوں کی بہت سی شاخیں اور بہت سے منہ ہیں اور ایک خشا پردہ صفاق سے اُکر دونوں خصیوں میں شامل ہوگیا ہے دونوں جلد اور عضلی کی جھلی میں رکھے ہوئے ہیں۔ اعضائے رئیسہ اور تمام اندام کی بہت سی رگیں ان دونوں میں آملی ہیں۔ ان کا کام یہ ہے کہ مادہ منی کو پکائیں۔ منی چوتھے ہضم کا فضلہ ہے جو اعضا تین غذا تقسیم ہونے کے وقت ترشح کے طور پر عرق سے پیدا ہوتا ہے۔ اعضائے اصلی اس سے غذا پاتے ہیں ہر خصیے سے ایک رگ نالی کے طور پر نکلی ہے اور بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ رگ جدا ہے حالانکہ وہ رگ خصیوں سے ملی ہوئی ہے یہ تمام رگیں اوپر کی طرف چڑھ کر شانے کے رقبہ کی جانب مائل ہیں اور پھر وہاں سے مجرائے پیشاب میں پہونچی ہیں۔ خصیے جھلی اور کھال کی تھیلیوں سے بنے ہیں۔ اور اُن میں کچھ رطوبت پیدا ہوتی ہے جو بیضوں کو چکنا کرتی ہے۔ منی کے ایک چھوٹے سے قطرے میں بہت سے کیڑے ہوتے ہیں۔ جو نازے پانی میں فوراً مرجاتے ہیں۔ مگر رحم میں جاکر تھوڑی دیر زندہ رہتے ہیں۔

قضیب: گوشت پٹھے رودہ شریان رباط عضلات سے بنا ہوا ایک جسم

قضیب ہے رباط اس کی جڑ ہے جو پیڑو کی ہڈی سے لگا ہے۔ دو ہڈیاں چار عضلے اسے حرکت دیتے ہیں جب یہ ہیجان خون و حرارت سے کھنچتے اور تنتے ہیں تو قضیب کو استادگی پیدا ہوتی ہے گوشت بہت نازک ہے اور مقدار کی نسبت رگیں بہت کشادہ ہیں اسی لیئے اپنی مقدار سے بہت زیادہ انتشار کے وقت بڑھ جاتا ہے۔

سبب یہ ہے کہ رباط کی جو خون میں ریاح بھرتے ہیں شرائین میں روح آتی ہے اور رودہ میں خون بھر جاتا ہے جس سے استادگی پیدا ہوتی ہے۔

اس عضو کے ابتدائی حصے کی جسے حشفہ یا سپاری کہتے ہیں حس بہت بڑھی ہوئی ہے اور خواہش کا امتیاز اُسے بہت جلد ہوجاتا ہے۔ اس نازک حصے پر قدرت نے ایک مضبوط غلاف چڑھا کر بھیجتی ہے گویا وہ اس تلوار کا نیام ہوتا ہے۔ قاعدہ ہے کہ ضرورت کے وقت تلوار کا نیام اُتار لیا جاتا ہے کہ استعمال کے وقت اس کا اثر کافی ہو اسی لیئے مسلمانوں میں ختنے کی مفید رسم ہے چنانچہ حال کے انگریزی اخباروں میں جن کے ہوشیار ڈاکٹروں نے اپنی رائے ظاہر کی ہے کہ ختنے کی رسم مفید اور ضروری ہے۔ لیکن بعض قوموں میں ختنے کا دستور نہیں اور وہ اسے معیوب سمجھتی ہیں۔ گویا تشبیہ اور تمثیلی الفاظ میں یوں کہنا چاہیئے کہ وہ تلوار کو نیام ہی میں رکھتی رکھتے کام لینا چاہتی ہیں۔ مگر حقیقت نامعلوم

بہرکیف یہ ذرا سی کھال طریق مباشرت میں خارج نہیں ہوتی۔ اور طبی و عقلی اصول والد سے قطع نظر کیا جائے تو اس کا ہونا نہ ہونا برابر ہے۔

بہرکیف! اس عضو کی قوت بہت تیز ہے اور اعصاب کے واسطے سے اس کا سلسلہ دماغ و نخاع تک جاری ہے یہی سبب ہے کہ خیالات سرت خیز کا فوری اثر اس پر پڑتا ہے۔ چنانچہ حس ہوتے ہی کل رگیں اسفنجی حصے کو خون سے بھر دیتی

ہیں جن سے استادگی پیدا ہوتی ہے اور صرف نعوظ اس ریاح سے حاصل ہوتا ہے جو منی غذا کے بخارات سے پیدا ہوتی ہے۔ چنانچہ روح اور خون شریانوں سے حصول لذت کے لیے اسکی طرف مائل ہوتا ہے اور اس جسم کو بھر دیتا ہے روح (ہوا) اعصاب کے ذریعے سے مساموں میں بھر کر طول عرض اور عمق کو بڑھا دیتی ہے اور اس کے سبب سے قوت کی شدت گولائی اور انتشار حاصل ہوتا ہے۔

اور حرارت غریزی غلبہ منی حبس بخارات رغبت دفع اور کثرت شغف بجہ لذت حرکت اور مواد گرم کی توجہ جوان مقامات کی جانب ہوتی ہے۔ یہ سب چیزیں مل کر براگیختگی سدا کر دیتی ہیں چنانچہ منی میں اثر ہوتا ہے اور اس سے بخارات پیدا ہوتے ہیں۔

اس نعوذ کے ساتھ ہی ساتھ انسان کو شہوت کا غلبہ ہوتا ہے اور جس وقت منی اپنی جگہ سے حرکت کر کے نہیں نکلتی اُس وقت تک یہ استادگی قائم رہتی ہے۔

رحم :۔ ایک عصبی نرم و سفید جسم ہے جو شانے رودے کے درمیان ناف کے نیچے واقع ہوا ہے اسکی ایک گردن ہے اور اس کی جڑ میں دو بیضے ہیں اس کا کام یہ ہے کہ حمل کو قبول کرے اس کا طول قریب سے اندام نہانی کے آخری منفذ تک ہے اس کی شکل کسی قدر امرود سے ملتی ہوئی ہے اس کا طول تقریباً تین انچ اور عرض دو انچ عمق ایک انچ ہوتا ہے اور جب حمل کا زمانہ قریب ہوتا ہے تو اپنی مقررہ اندازے سے بیس حصے بلکہ اس سے بھی کچھ زیادہ بڑھ جاتا ہے۔

رحم رحم یعنی رحم کا منہ ہمیشہ بند رہتا ہے۔ صرف جماع کے وقت کھلتا ہے ایام حمل میں رحم کا منہ بالکل بند ہوتا ہے۔ اور صرف بچے کی پیدائش کے وقت کھلتا

ہے۔ رحم کی گردن اور مرد کے عضو خاص کا طول تقریباً یکساں ہوتا ہے اگر یہ بالکل ساری ہو تو باہمی ارتباط اور استقرار حمل کا ذریعہ ہوتا ہے۔

نابالغ لڑکی کا رحم بالغہ سے بہت چھوٹا ہوتا ہے۔ جب حیض آنے لگتا ہے تو اس کے برابر ہو جاتا ہے اور جب حمل کا زمانہ ہوتا ہے تو جیسا کہ جم پیچھے لکھ آئے ہیں بہت بڑھ جاتا ہے۔ کبھی ایک رحم میں دو بچے بھی پیدا ہوتے ہیں جنہیں توام کہتے ہیں اور بعض جگہ تین تین اور پانچ پانچ نیز سات سات بچے پیدا ہونے کا بھی اتفاق ہوا جب کہ ہم اوپر لکھ آئے ہیں رحم کا منہ تمام وضع حمل کے وقت کھلتا ہے اسی طرح ایام حیض میں بھی کھل جاتا ہے۔ جب عضو خاص سے رس ہوتا ہے تو ایک لذت محسوس کرتا ہے اور عورت منزل ہو جاتی ہے۔ رحم کی اندرونی سطح میں بائیں دار جھلیاں لگی ہوئی ہیں اور داہنے بائیں دو جوف ہیں ان دونوں میں سے دونوں جانب دو نالیاں لگی ہوئی ہیں۔

رحم کا جسم سفید و نرم و بے حس ہے۔ زچی سے مقصود یہ ہے کہ بڑھنے کی حالت میں کمی ہو اور بے حسی اس غرض سے ہے کہ جنین کا بار محسوس نہ کرے رحم کا کام ایک یہ بھی ہے کہ تمام اعضاء کا قابل اخراج فضلہ خون حیض بنا کر خارج کر دے۔ عورت کا مادہ منی دونوں بیضوں میں رہتا ہے جس کا ذکر اوپر آ چکا ہے۔

پستان :۔ ایک متعلمل اور غدوے گوشت کھال کے اندر ہے اس میں بہت سی رگیں رحم میں ملی ہیں اور حمل کے زمانے میں رحم کا فضلہ ان رگوں کے ذریعے سے پستان میں آتا ہے چونکہ پستان کی طبیعت سفید کرنے والی ہے اس لیے اس خون کو سفید کر کے دودھ بناتی ہے۔ چونکہ عورتوں کے رحم میں جوف ہیں اس لیے ان کے پستان بھی ہوتے ہیں۔ اور یہ قاعدہ ہے کہ رحم میں جس قدر

جوف ہوں گے اُس قدر پستان بھی ہوں گے۔ چنانچہ اس حساب سے کم وبیش بچے بھی پیدا ہوتے ہیں۔

اس کا قاعدہ لذت بخش و پرورش اولاد ہے انھیں کے ذریعے سے بچے دودھ پیتے ہیں۔ شباب میں ان کا ابھار بہت زیادہ ہوتا ہے۔ سینہ میں روح کی حرارت کو پستان سے تشکین ہوتی ہے۔

اعضائے تناسل کا استعمال :

جس طرح خدا نے دیگر اعضاء کے لیے ایک نہ ایک کام سپرد کیا ہے مثلاً آنکھ کے لیے دیکھنا اور کان کے لیے سننا اس طرح اعضاء تناسل اس قاعدہ سے مستثنیٰ نہیں۔ لیکن ضرورت اور مقررہ عادت سے زیادہ جس عضو سے کام لیا جائے گا۔ وہ بے کار ہو جائے گا۔ مثلاً آنکھ اگر رات دن دیکھتی رہے اور کوئی وقت اُسے آرام پانے کا نہ ملے تو بہت جلد وہ بیکار ہو جائے گی اسطرح اگر اِن خاص اعضاء کی طاقت سے بڑھ کر ان سے کام لیا جائے گا تو ان میں بھی کمزوری پیدا ہو گی۔ اور وقت سے پہلے بیکار ہو جائیں گے۔ پندرہ برس کی عمر میں اعضاء تناسل کے استعمال کا خیال پیدا ہوتا ہے۔ اور بیس برس میں یہ شوق خوب پختہ ہو جاتا ہے

چونکہ خالق ارض وسما کو اپنی خلقت کی ترقی مقصود ہے اس لیے اُس نے جماع میں ایک خاص لذت رکھی ہے کیا تعجب کی بات ہے کہ لکھے پڑھے ہوشیار اعلیٰ تعلیم یافتہ حیادار حجاب والے اس فطری شوق میں ایسے منہمک ہوتے ہیں کہ شرم باقی رہتی ہے۔ نہ حیا اپنی ذاتی تہذیب و شائستگی کا لحاظ رہتا ہے اور ایک شرم ناک ہیئت کے ساتھ حرکات جماعی کے لیے تیار ہو جاتے ہیں انسان غور کرے تو معلوم ہو گا کہ اعضائے تناسل کے استعمال میں کیسی عام پسند لذت مخفی ہے۔

اسکی مصلحت بھی ظاہر ہے کہ کوئی شخص اہل وعیال کے اخراجات کی کفالت

اور اس کے دشوار بار کو پسند نہ کرتا اور نہ عام لوگ تمدن کی ضرورت کو محسوس کر کے شادی کرتے عورت کو اگر اس میں انتہائے زیادہ لذت محسوس نہ ہوتی تو نو مہینے بچے کا بار ہرگز نہ اٹھاتی اور اسے جان سے زیادہ عزیز سمجھ کر اٹھتے بیٹھتے کھانے پینے سونے جاگنے کی تکلیف اور احتیاط کو گوارا نہ کرتی پھر آگے چل کر وضع حمل کی جانفرسا تکلیفیں۔ سچ تو یہ ہے کہ یہ انھیں بیچاریوں کا کام ہے کہ ایسی تکلیفیں اٹھاتی ہیں۔ مردوں کو کیا۔ وہ تو بس مزے بھرے ہیں بقول شخصیکہ "آگ کے جمال الگ"

بہرکیف!

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جماع میں عورت و مرد کو انتہائی لطف حاصل ہوتا ہے مرد میں تولید کا مادہ بیس برس سے شروع ہوتا ہے اور تیس برس کمال کو پہونچتا ہے عورت میں قبولیت تولید کا مادہ پندرہ برس سے شروع ہو کر پچیس برس میں کمال کو پہنچتا ہے۔

جب تک تولید کا مادہ پیدا نہ ہو اُس وقت تک اولاد کمزور پیدا ہو گی۔ بعض مردوں میں مادہ تولید بیس برس اور عورتوں میں پندرہ برس سے پہلے بھی ہو جاتا ہے بشرطیکہ نشوونما اچھی طرح پائیں۔ بعض فطری طور پر بھی اس کلیہ سے مستثنیٰ ہیں کہ جس طرح ایک انسان کی صورت دوسرے انسان سے جدا ہوتی ہے اسی طرح اُسکی باطنی خلقت میں بھی فرق ہے

انسان اور اس کی اقسام

اللہ جل شانہ کی مخلوقات میں انسان ایک ایسی چیز ہے کہ اگر غور کی نگاہ سے دیکھا جائے تو بے اختیار اُس کی قدرت کاملہ کا اعتراف کرنا پڑتا ہے اور جس طرح ہر ایک جنس کے تحت میں بہت سی نوعیں نکلتی ہیں اس طرح ہر ایک نوع کے افراد میں جدا جدا خصوصیتیں پائی جاتی ہیں۔ کہ اگر ان کی طرف مجموعی حالت کے اعتبار سے

دیکھیں تو کثرت افراد کی وجہ سے چند خاص نام مقرر کرنا پڑتے ہیں۔ اگرچہ عورت کی شناخت اور اُن کی اقسام کی تعیین کا انحصار بہت مشکل ہے لیکن اگر غور سے کام لیا جائے اور جس قدر واقفیت کو مستند کتابوں سے ہو سکتی ہے اس پر عمل ہو تو بہت فائدہ ہو سکتا ہے اسی لیئے کہ جس قسم کے مرد ہیں جبیہ عورتوں کے بھی وہی اقسام ہیں پس اگر جس قسم کی عورت ہو اُسی قسم کا مرد ہو اور دونوں کا ازدواج ہو تو اولاد بہت اعلیٰ درجے کی پیدا ہو گی اگر لڑکی ہو گی تو وہ اُسی قسم کی ہو گی جیسی کہ اس کی ماں ہے اور اگر لڑکا ہو گا تو اپنے باپ کی قسم میں شامل ہو گا۔

ششک ۔ مرد کی ایک قسم ہے ۔ نازک اندام ، خوبصورت سچائی کو پسند کرنے والا ، مذہبی قیود کا پابند ، مرنجان و مرنج ۔ نیک مزاج

مرگ ۔ خوبصورت عقل مند مگر بزدل ۔ آنکھیں بڑی بڑی ۔ خوش نما ۔ ابرو کمان قد کس قدر کشیدہ ، ہنس مکھ ۔ شیریں زبان ۔ موسیقی سے دل چسپی رکھنے والا ۔ زود آور اور تیز طبع

برشب ۔ میانہ قد ۔ جسم فربہ ۔ پاؤں کسی قدر چھوٹے چھوٹے ، نڈر ، شجاعت پسند کسی قدر ، طاقت ور ۔ سچائی پسند کرنے والا ۔ کم سونے والا ۔ شہوت ناک ۔

اشو ۔ قوی اندام ۔ سخت جسم ۔ سیاہ فام ۔ اپنی پسند خواہش کے مطابق ہو نیک کام کرنے والا ایسے شخص کو نیند کم آتی ہے اور شہوت کا مغلوب ہوتا ہے

جس طرح مردوں کی قسمیں ہم نے اوپر بیان کیں عورتوں کی قسمیں بھی ہیں اور جو اوصاف کہ مردوں میں پائے جاتے ہیں وہی اوصاف اُس قسم کی عورتوں میں پائے جاتے ہیں ۔ اور ایسے ہی جسم کی ظاہری بناوٹ بھی عورت و مرد میں باہم ملتی جلتی ہے ۔

پدمنی ۔ عورت کی ایک نہایت دلفریب قسم ۔ شکل و صورت کی پسندیدہ عصمت مآب عفت کی پابند ۔ مذہب کی دلدادہ ۔ اور اس کے فرائض کو سرگرمی سے ادا کرنے والی

ناک سوتواں لپستان گداز اور کرخت ۔ زلفوں کے بال دراز اور سیاہی مائل ۔ آواز دلکش طرز گفتگو شیریں نازک بدن ۔ اور ناک مزاج

چترنی ۔ میانہ قد ۔ کھلتی ہوئی رنگت ۔ بدن گدرایا ہوا ۔ ناک باریک ۔ لپستان سخت عفت مآب ۔ مذہب کی پابند ۔ رنگین مزاج ۔ محبت والی ۔ موسیقی سے شوق رکھنے والی ۔ بلند ہمت ۔ و بلند حوصلہ ۔ شوخ و طناز ۔ سلیقہ شعار ۔ آرام پسند کم شہوت رنگین اور بسنتر سے لباس سے شوق رکھنے والی ۔

سنکھنی ۔ نازک اندام ۔ کشیدہ قامت ۔ زیادہ کھانے والی ۔ شہوت ناک عیش و راحت کی دلدادہ آزاد خیال ۔ قہقہہ مار کر ہنسنے والی ۔ ناک بلند ۔ پسینہ بدبو آتی ہے ۔

ہستنی ۔ جسم کی موٹی نازی سیاہ فام ۔ شہوت پرست زیادہ کھانے والی اعضاء غیر متناسب ۔ نشے کی شوقین ۔ اور آرام کی طلب گار ۔ ہونٹ موٹے موٹے ۔ لپستان بڑے بڑے

واضح رہے کہ پدمنی اور چترنی دو قسم کی عورتیں نہایت اعلیٰ درجے کی ہوتی ہیں ان دونوں کے خواص اور حالت تقریباً یکساں ہے صرف چھوٹی چھوٹی باتوں میں فرق ہے ۔ پدمنی نیک بخت زیادہ ہوتی ہے اور چترنی میں تیزی ذکاوت اور ہوشیاری کا مادہ بہت ہوتا ہے یہ دونوں قسم کم خوراک کم شہوت کم سونے والی اور سریع الانزال ہیں ۔ سنکھنی عورت کی متوسط درجے کی قسم ہے متوسط درجے کا کھانا پینا ۔ متوسط درجے کا خواب ۔ متوسط الانزال ہے ۔ ہستنی عورتوں کی سب سے بڑی قسم ہے ۔ ظاہری شکل و صورت اچھی نہ ہونے کے علاوہ زیادہ کھانے والی زیادہ سونے والی اور زیادہ شہوت ناک اور بطی الانزال ہے جس طرح اوپر مردوں کی چار قسمیں ترتیب وار بیان کی گئی ہیں اگر کبھی انسانی خوش قسمتی

سے ایسا ہو کہ پدمنی کو جوڑا بھی ششک ملے تو اولاد میں جو لڑکی پیدا ہوگی وہ ہے کارت پدمنی ہوگی اور جو لڑکا ہوگا وہ اپنے باپ کی طرح اوصاف میں ششک کہلائے گا اور اسی پر باقی قسموں کو بھی قیاس کر لینا چاہیئے

عورت و مرد کی یہ ضروری علامتیں لکھ دینے سے ہمارا یہ مطلب نہیں کہ لوگ عورت انہیں تھوڑی دیر کی پرکھ پسی کے لیے پڑھیں اور پھر اٹھا کر نسیان پرشیہ کے لیے رکھ دیں نہیں بلکہ ہم چاہتے ہیں کہ ان پر غور کر کے عملدرآمد کی کوشش کی جائے اس لیے کہ اگر آج ہندوستان کے رہنے والے شادی بیاہ کے اصول کو اچھی طرح سمجھ لیتے تو یہ خرابیاں نہ پیدا ہوتیں کہ اولاد نافرماں بدخلق اور ساتھ ہے۔ بدچلن بدشکل پیدا ہوتی ہے نیز اگر باپ دادا سے اچھی نہ ہو تو صورت و سیرت میں باپ دادا ہی کی طرح ہونی چاہیئے

چونکہ شادی کے اہم مسئلے کی طرف زیادہ توجہ نہیں کی جاتی اور بالکل سرسری ٹال دیا جاتا ہے یہی وجہ ہے کہ عجیب عجیب شکلوں کے انسان ہندوستان میں روز افزوں ترقی پا رہے ہیں۔

ہم نے جو علامتیں اوپر لکھی ہیں اُن سے یہ مقصود ہے کہ پہلے انسان اپنے آپ کی شناخت کرے کہ میں ان چاروں قسموں میں سے کون سی قسم میں شامل ہوں اس کے بعد جہاں تک ممکن ہو اسی قسم کی بیوی بھی تلاش کرے تاکہ آئندہ اولاد ایک ترتیب اور خصوصیت کے ساتھ پیدا ہو

اور اگر ترتیب کے خلاف شادی ہوئی جیسا کہ آج کل عموماً ہو رہا ہے تو اولاد بھی اُسی طرح بے ترتیب پیدا ہوگی مثلاً ششک کے لیے ہر طرح پدمنی موزوں ہے اور دونوں ایک پائے کے انسان ہیں تو اولاد میں ششک و پدمنی پیدا ہوگی اور اگر اس کے خلاف ہو فرض کیجیے ششک اور سنکھنی کا جوڑ ملا تو اولاد بھی اس باطنی دوغلے پن کے ساتھ پیدا ہوگی۔ جس طرح کہ سیاہ سپید ملا دیجیے تو ایک تیسرا رنگ پیدا ہو جائے

گا اور پھر آگے چل کر اس میں جس قدر اور رنگ مختلف صورتوں کے ملتے جائیں گے اُسی طرح اولاد میں رنگت میں ایک تغیر پیدا ہوتا جائے گا۔

اسی ہوسی رنگت میں ایک تغیر پیدا ہوتا جائے گا۔

ظاہری طور پر یہ دیکھا جاتا ہے کہ شادی کرتے وقت ظاہری باتوں کی چھان بین میں بہت کثرت کے ساتھ کیجاتی ہے چنانچہ یہ کہیں نہیں ہو سکتا کہ کوئی ہندو لڑکی مسلمان لڑکے کے ساتھ منسوب ہو جائے بلکہ یہ تو ایک بڑی بات ہے یہ بھی نہیں ہو سکتا کہ شیخ سید مغل پٹھان جولاہے دھنے قصاب کمبوہ سے اور برہمن چھتری کائستھ کوئی چمار وغیرہ جو تقریباً ایک ہی مذہب رکھتے ہیں۔ ان کے آپس میں شادی بیاہ کی رسمیں کسی طرح جاری نہیں ہو سکتیں بلکہ عموماً یہی کوشش کیجاتی ہے اور ایسا ہی ہوتا ہے کہ سید کی لڑکی سید کے لڑکے کے ساتھ برہمن کی لڑکی برہمن کے ساتھ منسوب ہو یہ ذاتیں اور قومیں حضرت انسان کی اپنی اصطلاحی اور اعتراضی ذاتیں ہیں جب اس کی اس قدر پابندی کیجاتی ہو تو پھر کیا وجہ کہ ششک مرگ۔ برشب۔ اشو۔ اور پدمنی۔ چترنی۔ سنکھنی۔ جو خاص قدرت کی بنائی ہوئی ذاتیں ہیں۔ ان کی پابندی کیوں نہ کی جائے ضرور اور ضرور کرنی چاہیئے

تجرد

رسم و رواج کے مطابق شادی نہ کرنے اور تنہائی کے عالم میں رہنے کا نام تجرد ہے اگرچہ ظاہر میں نگاہ میں تجرد ایک لعنت عظمیٰ معلوم ہوتا ہے اس لیے کہ اس میں انسان بالکل خوشی اور آزاد ہوتا ہے۔ کسی بات کا اُسے غم و فکر نہیں۔ وہ جہاں چاہے حقیقی مسرت اور سچی آزادی کے ساتھ جا سکتا ہے اس لیے کہ اُس کے پاؤں میں رسم و رواج کی یہ نہ کٹنے والی اور نازیبا ہمیشہ رہنے والی بڑیاں نہیں ہوتی ہیں۔

ہمیں بھی اس سے قطعی انکار نہیں کہ تجرد کسی حالت اور کسی وقت میں مناسب نہیں بلکہ ہر ایک کام کے لیئے فطرت نے ایک وقت ایک اندازہ اور ایک ضرورت پیدا کی ہے کہ اگر اس کے مطابق عمل نہ کیا جائے تو نقصان کا ہمیشہ احتمال ہوتا ہے

جسطرح ایک دائم المرض کمزور قلیل الشہوت بلکہ عدیم الباہ کے لیئے شادی کرنا ایک عذاب جان اور طرح طرح کی مصائب کا باعث ہے۔ اسی طرح اُن لوگوں کے لیئے جو شباب کے پُرجوش زمانے میں قدم رکھ چکے ہوں اُن کی صحت درست ہو۔ اور کسی قسم کے مرض یا کمی باہ کی شکایت نہ ہو اُن کے لیئے تجرد ایک زہر قاتل ہے۔

یہ بدیہی بات ہے کہ جو چیز جس لیئے بنائی گئی ہے اگر اُس سے وہ کام نہ لیا جائے اور بے کار چھوڑ دی جائے تو وہ ایک دن ہمیشہ کے لیے بے کار ہو جائے گی۔

اسی طرح جو نعمتیں قدرت نے ہم کو عطا کی ہیں۔ اگر اُن سے کام لے کر انعام خداوندی کا شکریہ نہ ادا کریں تو کیا عجب ہے کہ وہ نعمتیں زائل ہو جائیں۔ مثلاً۔ ہاتھ ہمکو اس لیے دیئے گئے ہیں کہ ہم اِن سے چیزوں کو اٹھائیں اور ان میں قوت لامسہ ودیعت رکھی ہے۔ لیکن اگر یہی ہاتھ دو چار سال تک ساکن چھوڑ دیئے جائیں اور ان کو مطلق حرکت نہ دی جائے تو ایک روز یہ بالکل ہاتھ سے جاتے رہیں گے۔ نہ ان میں لمس کی قوت باقی رہے گی۔ اور نہ یہ ہمارے محکوم ہو کر کوئی چیز اٹھا سکیں گے۔ جیسا بعض سا دھوؤں کی کیفیت دیکھی گئی ہے کہ وہ اپنے ہاتھ کو اوپر اٹھائے ہوئے ہیں جس میں بالکل طاقت نہیں اور لکڑی کے مانند خشک ہو جاتا ہے اس کے ذریعے سے یہ جاہل فقیر معمولی سے زیادہ بھیک وصول کر لیتے ہیں اس لیئے کہ ناواقف سیدھے سادھے لوگ اُسے دیکھ کر ایک بڑے کمال کی بات سمجھتے ہیں۔ حالانکہ یہ ایک قدرتی جرم ہے۔ اور ایسے سادھو نہ صرف دنیاوی لطف سے محروم رہتے ہیں بلکہ خدا کے

گنہگار ہوتے ہیں۔

آنکھیں ہمیں دیکھنے کے لیے ملی ہیں اور کان سننے کے لیئے۔ کیا یہ ہماری بیوقوفی اور نادانی نہ ہوگی اگر ہم ان سے کام نہ لیں اور کانوں اور آنکھوں کو بند کر دیں تو یہ کیسی غلطی بلکہ گناہ ہوگا۔

ہر کیف یہی حالت تمام اعضا اور خاص کر عضو تناسل کی ہے۔ اگرچہ یہ نام فحاشی ہے شرمناک معلوم ہوتا ہے۔ لیکن اگر غور کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ اس کے افعال پر انسانی کائنات کا دارومدار ہے۔

ظاہری آرام و راحت سے قطع نظر اگر تجرد کو ایک طبی نگاہ سے دیکھے تو بھی بہت خوفناک حالت میں نظر آتا ہے ایک بدیہی اصول ہے کہ جو چیزیں اصل فطرت کے خلاف ہوں وہ کبھی مفید نہیں ہوتیں بلکہ اُن سے اکثر نقصانات پیدا ہوتے ہیں۔ تجرد بھی وضع فطری کے خلاف ہے اس لیے یہ بھی کسی طرح مفید نہیں ہو سکتا۔ بلکہ مضر ہے حکیموں کے نزدیک یہ بات مسلم ہے کہ اگر ایک عرصے تک تر کہ جماع کیا جائے تو تجرد کا پہلا لازمی نتیجہ ہے کہ اُس سے دماغی اعصاب میں ضعف پیدا ہوگا۔ حرارت غریزی فرو ہو جائیگی۔ اور پھر رفتہ رفتہ تمام بدن پر رطوبت اور برودت غالب آجائے گی۔ جس سے انسان کسی کام کا نہیں رہتا۔

جالینوس نے لکھا ہے کہ چند لوگ میرے پاس پڑھا کرتے تھے وہ تجرد کے عالم میں تھے اور ہمیشہ جماع سے پرہیز کیا کرتے تھے چند ہی دنوں میں یہ کیفیت ہوئی کہ وہ روز بروز افسردہ رہنے لگے۔ اعضا میں سستی اور کاہلی پیدا ہوگئی اور طبیعت حزیں و غمگین ملول و آنکھ بند رکھنے لگے۔ مگر حیران تھے کہ اس کا سبب کیا ہے اس لیئے کہ بجز شغل تعلیم کے اور کسی قسم کی بے عنوانی عمل میں نہیں آتی تھی۔ آخر جالینوس نے انہیں مباشرت کا حکم دیا اور چند روز میں وہ اُن کی سستی اور کاہلی چستی اور چالاکی

بدل گئی اور وہ پہلے کی طرح شگفتہ و بشاش رہنے لگے۔

طبعی حزن و ملال کے سوا تجرد میں دوسرے عوارض مثلاً۔ مرگی۔ دق۔ جریان وغیرہ کے پیدا ہو جانے کا بھی اندیشہ ہے اور پھر کس قدر افسوس کی بات ہے کہ انسان تجرد میں رہکر قوم و ملک کو کمی تعداد اور قلت افراد کا نقصان پہونچاتا ہے۔ وہ کیسے بدنصیب لوگ ہیں جو تجرد میں محبت جیسی چیز سے محروم رہتے ہیں۔ وہ محبت جو انسان کے لئے مایہ روح ہے اور دوزخ کو جنت سے بدل دیتی ہے۔ وہ محبت جسکی وجہ سے دنیا کی تمام مصائب اور تکالیف فرحت اور مسرت سے تبدیل ہو جاتی ہیں۔

ایک محنتی اور جفاکش جس نے صبح سے اپنا گھر چھوڑا ہوا ور انتہا کی محنت کے بعد شام کو اپنے گھر واپس جائے۔ جب کہ اُس کے بدن میں شدت سے درد ہو رہا ہو اور دن بھر ریاضت سے اُسے بخار سا محسوس ہوتا ہو لیکن جیوقت وہ اپنے گھر میں پہنچتا ہے۔ اور اسکی پیاری بیوی نگاہ اٹھا کر محبت سے دیکھ لیتی ہے یا وہ تھکا ماندہ محض اُس کے محبت بھرے دل سے نکلا ہوا ایک الفت کا جملہ سُن لیتا ہے تو اس کا تمام تکان اُسی وقت دور ہو جاتا ہے اور وہ اُسی وقت دنیا کے مشکل سے مشکل کام کے لئے تیار ہو بیٹھتا ہے۔

مجرد لوگوں کو چاہیئے کہ وہ اپنے خام خیالات سے باز آئیں اور ملک و قوم کے حق کو اپنے تاہل سے ادا کریں اور نیز دنیا کے سلسلہ لطف زندگی سے بہرہ اندوز ہوں تاکہ اُن کی سمجھ میں آئے کہ ہمیں پروردگار نے کس لئے پیدا کیا ہے اور اُس کارساز حقیقی نے ہمیں کیسی کیسی نعمتیں عطا فرمائی ہیں۔

شادی

ایک ہی نوع کے نر مادہ کا جائز طور پر ملنا" اسکو مہذب اور شائستہ نام "شادی" ہے۔ دنیا میں کوئی چیز ایسی نہیں جو غیر مفید یا غیر ضروری ہو۔ خاص کر جن چیزوں کا استعمال اور اُسکی ضرورت ہم جانتے ہیں اگر ہم اُن کے ہوتے ہوئے اُن کا استعمال نہ کریں یا اُن کو ضروری نہ سمجھیں تو یہ فطرت کا ایک بڑا جرم ہوگا۔

انسان کا طبعی مقتضا ہے کہ شہروں میں رہے اور اپنی ضرورت میں لوگوں سے مدد لے اور دوسروں کی ضرورت میں خود مدد کیا کرے

انسان کی ضروریات تمام حیوانات سے بڑھی ہوئی ہیں۔ فطرتی حاجت۔ کھانا پینا اور اپنے بدن کو سردی گرمی سے محفوظ رکھنا یہ دو ایسی نیچرل ضروریں ہیں کہ صرف ان کے پورا کرنے کے لئے انسان کو اپنے بہت سے ہم جنسوں کی طرف رجوع کرنا پڑتا ہے۔

اور چونکہ انسان کے جو متعلقہ فرائض ہیں وہ دوسروں کی مدد بغیر ادا نہیں ہو سکتے اس لئے اُسے ایک ایسے رفیق کی ضرورت ہے جو ضروری کاموں میں اُس کا ہاتھ بٹایا کرے اور ایسا رفیق بیوی کے سوا کوئی نہیں ہو سکتا۔

عقلی فوائد:۔ بقاء دوام" یہ ایک ایسا دل خوش کن امر ہے کہ کسی کو اسکی نسبت عام سے انکار نہیں ہو سکتا اور کوئی ایسا نہیں جو دل سے اس کا خواہاں نہ ہو۔ اور بقائے دوام کا تناسل و توالد ہی ایک اعلیٰ ذریعہ ہے اور تناسل و توالد شادی کے بغیر میسر نہیں ہو سکتا۔ جس طرح ایک اولوالعزم تاجدار کے کسی قسم کا خم دامن گیر نہ ہو اور وہ اپنے وسیع قلمرو میں عیش کی زندگی بسر کر رہا ہو لیکن بقائے دوام کا خیال ضرور پیدا ہوگا۔ اور یہ دل آرزو ہوگا کہ میرے بعد

ایک لائق اور شجاع شہزادہ تخت نشین ہوا اور اُس سے میری سلطنت ابدالآباد تک قائم رہے اسی طرح وہ غریب فقیر بھی بقائے نسل کا آرزومند ہے جو انسانوں کی بسائی ہوئی بستیوں کو کوسوں دور چھوڑ کر ایک غیر آباد جنگل میں جا پڑا ہے۔ جس وقت رات ہو گئی ہو اور چاند کی نورانی نسوں آسمان پر اپنے جلوے میں لاکھوں چمکدار ستاروں کو لیے ہوئے نمودار ہو چکا ہو۔ جبکہ اس کا فرحت بخش نور عالم میں چاروں طرف پھیلا اور سہانی سرد ہوا نے ہلکے ہلکے جھونکے چل رہے ہوں اور جنگلی درختوں کے پتے ہوا سے ہل کر ایک دلچسپ خیز صدا کے ساتھ گونج کر موسیقی کا ارگن بن گئے ہوں اور وہ یکتا معبود کی پرستش کرنے والا تنہائی پسند فقیر محویت کے عالم میں اونچے سروں کے ساتھ وحدت کے گیت گا رہا ہو گا۔ گاتے گاتے یکایک اس ٹوٹی پھوٹی جھونپڑی کی روشنی سے آنے والا شعاعیں اُسے اپنی طرف متوجہ کر لینگی اور تھوڑی دیر کے لیئے وہ خاموش ہو جائے گا۔ اُسی وقت اُس کے دل میں یہ خیال ضرور پیدا ہو گا کہ اس سنسان جنگل میں کوئی ایسی جان بھی ہوتی جو اس کے بعد اس کا نام روشن کرتی۔ اور اس ٹوٹی پھوٹی جھونپڑی میں اس کے مر جانے کے بعد بھی چراغ روشن ہوتا۔

غرض کہ غریب و امیر بادشاہ و فقیر کوئی ایسا نہیں جس کے دل میں بقائے دوام کا خیال دامن گیر نہ ہو۔ اور ہم یہ پہلے کہہ آئے ہیں بقائے دوام جو بقائے نسل پر موقوف ہے شادی کے بغیر حاصل ہو نہیں سکتا۔

۲۔ تمدن جو انسان کا طبعی مقتضا ہے شادی کے بغیر کسی طرح نہیں ہو سکتا۔

۲۔ وہ انسانی مسرت کا حقیقی جوہر ہے جس کے بغیر زندگی کا لطف نہیں آسکتا

شادی کے بغیر میسر نہیں ہو سکتا۔ اگر آج تھوڑی دیر کے لیئے شادی کے مسئلے کو غیر ضروری سمجھکر قطع نظر کر لیا جائے اور عورتوں کو جو قدرت ایزدی کا ایک اعلیٰ نمونہ اور تمدنی فروغ کی اصل ہیں بے کار سمجھا جائے تو آئندہ

کے لیے تمام دنیا کی انسانی مخلوقات کا انقطاع ہو جائے گا۔ اور بنی آدم کا سلسلہ پھر کسی آئندہ زمانے میں نظر نہ آئے گا۔

۴۔ شادی کے بغیر انسانی ترقی بالکل ناممکن ہے۔ اور مذہبی و قومی دلکی نقصان ہے مذہب کا نقصان تو یہ ہے کہ اس کی عقیدت رکھنے والوں کی تعداد میں ایک نمایاں کمی پیدا ہوتی اور ممکن تھا کہ اگر شادی کی جاتی اور اولاد پیدا ہوتی تو اُس میں ایسے جوان بھی ہوتے جو مذہبی فرائض کو سرگرمی کے ساتھ ادا کرتے اور اسکی خدمت کر کے اُسے عروج کے آسمان پر آفتاب کی طرح چمکاتے۔

قومی نقصان بھی یہی ہوا کہ اس کے افراد میں کمی پیدا ہوئی اور اُسے ایسے ہونہار اور لائق افراد سے محروم ہونا پڑا جو غالباً اسکی بہت کچھ خدمت کرتے اور اپنے ذاتی اوصاف اور جوہر قابلیت کی وجہ سے فخر و ناز ثابت ہوتے۔

ملک نے بھی قوم و مذہب کی طرح قلت افراد کا ناگوار نقصان اٹھایا اگر وہ عدم سے وجود میں آنے والے افراد صنعت و حرفت سے تعلق رکھتے تو ملک کو اپنی صنعت و حرفت سے ایک اعلیٰ ترقی کے زینے پر پہنچاتے

اگر وہ شجاع اور سپاہی ہوتے تو اپنی بہادری اور جوانمردی کو استعمال کر کے ضرورت کے وقت اپنے ملک کی عزت بچاتے

اگر وہ علم فضل کے ماہر ہوتے تو ملک کے اکثر افراد کو اُن کے علم فضل سے فائدہ پہنچتا اور ملک اُن کے نام سے نامور ہوتا۔

اس لیے جو شخص شادی نہیں کرتا وہ گویا اپنے مقدس مذہب اپنی عزیز قوم اور پیارے ملک کو سخت سے سخت نقصان پہنچاتا ہے

۵۔ ایسے شخص سے خدا بھی خوش نہیں ہو سکتا۔ جب کہ وہ اُسکی وسیع مخلوقات کو کم کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ غور سے دیکھیے کسی مذہب اور کسی ملت نے اس

کی اجازت نہیں دی کہ آدمی ہمیشہ تجرد کے عالم میں رہے اور کبھی شادی نہ کرے
نصرانیوں میں راہب ہوتے ہیں مگر دین نصرانی سے آگے کو وہ تعلق نہیں بلکہ
وہ راہبوں کی آزادی عبادت ہے جسے وہ عبادت کہتے ہیں جو شخص شادی کی مخالفت
کرے گا۔ وہ گویا جمہور کی مخالفت کرے گا اور ایسا شخص عقل مند کبھی نہیں جا سکتا۔
شادی کے متعلق عام طور پر یہ خیال کیا جاتا ہے کہ شادی کرنے سے پیروں میں
بیڑیاں پڑ جاتی ہیں اور آدمی کو ناگوار پابندی کرنی پڑتی ہے۔
غریب آدمی کہتے ہیں کہ صاحب ہم کسطرح شادی کر سکتے ہیں آمدنی اس قدر
کم ہے کہ اپنے ہی اخراجات کو کافی نہیں ہوتی پھر بھلا بیوی کا خرچ کسطرح اُٹھا
سکتے ہیں۔ غرض اسی قسم کے عذر پیش کیے جاتے ہیں۔ صاف ظاہر ہے کہ رزاق عالم
خداوند کریم ہے اور اپنے بندوں کو روزی پہنچانا اُس کا کام ہے۔ لیکن اُس نے وسائل
مقرر کیے ہیں۔ اور ہر ایک شخص تک ایک وسیلے کے ساتھ رزق پہنچاتا ہے۔ ایک صورت
میں کسی شخص کا یہ خیال کرنا کہ میں خود اپنے متعلقین کو رزق پہنچاتا ہوں بڑی غلط فہمی ہے
دوسرے غریب آدمیوں کا یہ خیال کہ ہماری آمدنی کم ہے اس لیئے ہم شادی نہیں کر
سکتے۔ بالکل صحیح نہیں۔ اس لیے کہ آمدنی کے ذریعے قسمت اور ضرورت سے بڑھا
کرتے ہیں۔ میرا ذاتی خیال اور ذاتی تجربہ یہ ہے کہ شادی کرنے سے ایک غریب انسان
دولت مند بن سکتا ہے اور نیک نہاد ہوشیار اور عصمت مآب بیوی اُسے دنیا کی ساری
فکروں سے مدۃ العمر کے لیے سبکدوش کر سکتی ہے۔ سعدی شیرازی نے کیا خوب
کہا ہے۔

زنے نیک دل خوبرو پارسا
کند مرد درویش را پادشا

اگرچہ ایک [illegible] شادی کرنے سے دولت مند

بجائے ایک تعجب کی بات معلوم ہوگی لیکن ہم اپنے ناظرین کی تسلی خاطر کے لیئے ذیل
میں ایک دو حکایت درج کرتے ہیں۔
ہمارے پڑوس میں ایک غریب اور بہت ہی غریب کا مکان تھا۔ اگرچہ غربت
نے اُس کی حالت بہت خراب کر دی تھی۔ لیکن وہ ایک نیک نہاد اور شریف
دل عورت تھی بیچاری ضعیفہ عورت کا ایک پندرہ سولہ برس کا خوبصورت لڑکا
تھا۔ جسکی تعلیم و تربیت بالکل ناقص تھی۔ کیونکہ وہ غریب عورت ناداری کی وجہ سے
کچھ لکھا پڑھا نہ سکتی تھی۔ یہ لڑکا ایک امیر گھر میں تین روپے مہینے کا نوکر تھا
اور اُسی سے یہ غریب ماں بیٹے اپنی گذر اوقات کرتے تھے۔ جب لڑکا جوان
ہوا تو ان نے خیال کیا کہ اُسکی شادی کر دے۔ مگر غریب شادی کیسے کرتی۔ گھر میں ایک پیسہ
نہ تھا جو تنخواہ ملتی تھی وہ ماہواری خرچ کو بھی بمشکل کافی ہوتی تھی۔
لڑکا جن امیر کے پاس ملازم تھا اُن کے پاس ایک اور شخص بھی نوکر تھا۔ اگرچہ وہ
اکثر پریشان حال رہتا تھا۔ لیکن ذاتی شرافت اُس کے ہر ایک کام سے ظاہر ہوتی تھی اس
کس رسیدہ آدمی کی ایک لڑکی تھی جسے ماں باپ دل و جان سے عزیز رکھتے تھے اور
خود بھی اُس لائق بڑی ہوشیار اور شرمیلی لڑکی تھی اُس کے روشن خیال باپ نے بالکل
لڑکیوں کی تعلیم کی تھی کہ اُسے قریب کے اسلامی گرلز اسکول (لڑکیوں کی مدرسہ) میں
داخل کر دیا تھا۔ اسی مدرسے میں دینیات اور اُردو کتابوں کی تعلیم بہت اچھی طرح دی
جاتی تھی۔ ساتھ ہی ہر طرح کھانا پکانا سینا پرونا۔ اور کشیدہ کاڑھنا موزے جالی
وغیرہ بنانا بھی سکھایا جاتا تھا۔ اور اس ذہین لڑکی نے اچھی طرح اِن سب باتوں میں
مہارت حاصل کر لی تھی۔ قصہ تو طول ہے۔ مگر ہم مختصر کر کے بیان کرتے ہیں کہ چند
دنوں میں اُس جوان لڑکے کے ساتھ اس سلیقہ شعار لڑکی کی شادی ہو گئی۔ ذہین
لڑکی نے جب گھر کی طرف نگاہ کی تو اُس میں خاک نہ تھی پہلے تو افسوس کیا جو کہ قدرتی

تھا۔ مگر دل کو سنبھالا اور مطمئن ہو کر ایک دن اپنے نوجوان میاں سے جو بالکل جوان تھا بولی!

بیوی۔ تمہیں کام سے کس وقت چھٹی ہو جاتی ہے۔

میاں! پانچ بجے بالکل فرصت ہو جاتی ہے۔

بیوی۔ لیکن یہاں تو تم چراغ جلے آتے ہو

میاں! ہاں اِدھر اُدھر پھر پھرا کر گھر میں آتا ہوں

بیوی! (مسکرا کر) برا نہ مانو تو ایک بات کہوں

میاں۔ ہاں شوق سے کہو!

بیوی! کل سے تم اپنے گھر ہی آجایا کرو۔ مگر یہ بتاؤ میں اگر کوئی فرمائش کروں تو پوری کرو گے؟

میاں۔ بے شک اگر مجھ سے ہو سکے۔

بیوی نے ایک چونی نکال کر دی کہ کل جب واپس آنا تو دو آنے کا ریشم اور دو آنے کی ململ لیتے آنا،، چنانچہ دوسرے دن جوان آدمی نے اپنی بیوی کی فرمائش پوری کر دی اور ایک دن اس محنتی لڑکی نے ایک دستی رومال بنا کر اس پر نہایت خوشنما ریشمی پھول کاڑھے اور جب شوہر مکان پر آیا تو کہا کہ بازار میں جا کر اسے بیچ دو۔ رومال نہایت خوبصورت اور قیمتی معلوم ہوتا تھا۔ خریدار نے بہت پسند کیا اور آٹھ آنے کو خرید لیا۔ ہوشیار لڑکی نے رومال کی قیمت سے اور مصالحہ منگوایا اور دوسرے دن دو رومال طیار کیئے۔ پھر تو چند ہی دن میں چالیس پچاس روپے جمع ہو گئے بیوی نے میاں سے کہا اب تم نوکری چھوڑ کر ایک چھوٹی سی دوکان کرائے پر لو اور اس روپے سے بجارتی مال کی چھوٹی چھوٹی چیزیں خرید کرو۔ شوہر اپنی بیوی کو بہت عقل مند سمجھتا تھا۔ اُس نے جو کہا وہی کیا۔

دوکان بالکل نئی وضع کی تھی۔ اسکی چیزیں بڑی قدر کی نگاہ سے دیکھی گئیں اور چند روز میں دوکان میں ایک سرمایہ جمع ہو گیا۔ جب خدا دولت دیتا ہے تو عقل کی روز افزوں ترقی ہوتی ہے۔ جوان آدمی نے لکھنا پڑھنا بھی شروع کر دیا جس سے تجارت نے اور جلا پکڑی اور دن دونی رات چوگنی ترقی ہونی گئی اور آج وہ غریب آدمی ایک بڑا دولت مند ہے۔ بہت سے مکانات ہیں۔ ہزاروں روپے کی تجارت ہے۔ اور شہر میں اُسے بڑا اقتدار حاصل ہے۔

مذکورہ بالا مثال سے یہ بات اچھی طرح معلوم ہو گئی ہو گی کہ غریبی اور ناداری شادی کی مانع نہیں ہو سکتی اور جس طرح سعدی شیرازی کا قول ہے کہ "کند مرد درویش را بادشا،، اسی کا ثبوت بھی مل گیا اس لیئے اُن لوگوں کو اپنے خیالات بدل دینا چاہیئے جو ناداری کے خوف سے شادی نہیں۔

بعضے لوگ کہتے ہیں کہ بیوی ہماری مرضی کی نہیں ملتی اس لیئے ہم شادی نہیں کرتے۔ لیکن میں کہتا ہوں کہ ایسی کوئی تخصیص ہو سکتی ہے کہ وہ کسی نہ کسی عورت میں نہ پائی جاتی ہو۔ یہ صرف ایک غلط خیال ہے جو غلط فہم دلوں میں جما ہوا ہے ورنہ کوشش سے پسند کی بیوی مل سکتی ہے۔

طبی فوائد! چونکہ شادی اور جماع دو مستلزم امر ہیں اور شادی کا منشاء اصلی جماع ہے اس لیئے طبی فوائد بھی شادی میں بے شمار ہیں بلغمی و سوداوی امراض جماع سے خود بخود دور رہتے ہیں۔

انسانی جوہر یعنی منی اگر تعداد سے زیادہ جمع رہے تو صحت میں اعتدال قائم نہیں رہتا اور اگر اسے مقررہ اوقات میں تحرک و جنبش نہ ہوتی رہے تو چند روز میں وہ زہریلا مادہ بن کر تمام جسم میں پھیل جاتی ہے جس طرح کہ ایک خم میں کوئی جوش مارنے والی چیز بھر دی جائے اور اُس کا منہ سربمہر ہو تو کبھی کبھی وہ خم

ایکا ایکی پھٹ پڑتا ہے۔ آپ نے اپنی آنکھ سے دیکھا ہوگا کہ سوڈا اور لیمونیڈ کی بوتلیں رکھے ہی رکھے ٹوٹ پڑتی ہیں۔ یہی کیفیت اس مادے کی ہوتی ہے کہ اگر حرارت کی طرف میلان ہوا تو بس جسم پھٹ جاتا ہے۔ اور اگر رطوبت و برودت پیدا ہوئی تو حرارتِ غریزی تک فرو کر دیتی ہے اور انسان کو ہر وقت تکان سا محسوس ہوتا ہے۔ طبیعت افسردہ رہتی ہے اور دل کبھی خوش نہیں ہوتا خواہ کیسے ہی سامان عشرت مہیا ہوں لیکن کسی دل خوشی کی بات واقع نہیں ہوتی۔ رفتہ رفتہ یہ افسردگی اور پژمردگی بہت بڑھتی جاتی ہے اور پھر دماغ اور بلکہ کل اعضاء میں انتہا کا ضعف پیدا ہو جاتا ہے

ایک قوی انسان کمزور ہو جاتا ہے اور خوش دل شگفتہ خاطر اور ہمیشہ بشاش رہنے والے آدمی کو کبھی انبساط اور سرور و نشاط میسر نہیں ہوتا۔ دل کی تمام امنگیں مٹ جاتی ہیں اور لو سے جاتے رہتے ہیں۔ نہ اچھا کھانے کو دل چاہتا ہے نہ اچھا سننے کو۔ وقت آنے سے پہلے ایسے آدمی بڈھے ہو جاتے ہیں اور دنیا کی نعمتیں جو خدا نے اپنے بندوں کو عنایت کی ہیں۔ اُن سے سراسر محروم رہتے ہیں ایسے لوگوں کی حالت قابلِ افسوس ہے اور ہر ایک کو ایسے خیالات سے احتراز کرنا چاہیئے۔

اخلاقی فوائد:۔ شادی کا اثر اخلاق پر بہت پڑتا ہے۔ غصہ ناک اور ہمیشہ خفا رہنے والے انسان شادی کے بعد اپنے غصہ اور خفگی میں بہت بڑا فرق پائیں گے۔ مسرف اور فضول خرچ شادی کر لینے سے کم خرچ اور موقع محل کو دیکھ کر صرف کرنے والا آدمی بن جاتا ہے۔ اس کے علاوہ تجرد کے عالم میں بہت سی برائیاں انسان میں پیدا ہو جاتی ہیں اگرچہ شادی نہ کی جائے لیکن وہ قوت جو قدرتی ہے اور ہر ایک انسان کو کم و بیش عطا کی گئی ہے۔ کسی طرح کم نہیں ہو سکتی اس لیے وہ دل کو اپنا مغلوب بنائے گی اور پھر دل سامان لذت تلاش کرے گا۔ خانچہ اُن لوگوں کو جو شادی نہیں کرتے اور تجرد کے عالم میں رہتے ہیں، مذکورہ ذیل عوارض

ہی سے کوئی نہ کوئی عارضہ لاحق ہو جاتا ہے

جلق۔ خلاف وضع فطرے ہاتھ کی حرکت سے منی نکالنا

اغلام۔ خلاف وضع فطری ..... فعل کرنا

زنا۔ ناجائز جماع .....

جو لوگ فطرۃً حیا و شرم رکھتے ہیں اور کھلم کھلا اپنی خواہش پوری نہیں کر سکتے یا ظاہری اخراجات کی کفالت کسی دوسرے کے اختیار میں ہے۔ یا بُری صحبت نے اُن کے اخلاق پر اثر پیدا کیا۔ وہ جلق لگایا کرتے ہیں جس سے چند ہی دن میں اُنھیں سخت نقصان اٹھانا پڑتا ہے۔ چونکہ عضو خاص جسم کے تمام اعضاء سے زیادہ نازک حصہ ہے۔ اور ایک ذرا سی رگڑ بھی اسے تکلیف پہونچاتی ہے۔ اس کے لیے جماعی حرکات کے سوا اور تمام قسم کی حرکتیں اور جنبشیں مضر ہوتی ہیں۔ جماعی حرکت اس لیے مضر نہیں کہ اصل فطرت کا مقتضا یہی ہے اور چونکہ محلِ جماع جو اسی لیے صناع قدرت نے پیدا کیا ہے خود بھی انتہا کا نازک جسم ہے اس لیے حرکت جماعی سے کوئی نقصان نہیں پیدا ہوتا۔

جلق سے چند ہی دن میں رگیں سست پڑ جاتی ہیں اور حس بالکل جاتی رہتی ہے عضو خاص بالکل ڈھیلا ہو جاتا ہے۔ انتشار نہیں پیدا ہوتا ہے اور منی بھی چونکہ خلاف فطرت خارج ہوتی ہے۔ اس لیے اُس میں نقصانات پیدا ہو جاتے ہیں۔ چند دن میں یہ کیفیت ہوتی ہے کہ اگر اس نازیبا حرکت پر ہدایت رہے تو عضو خاص چڑے سے بہت کمزور اور پتلا ہو جاتا ہے سر بڑا سا نکل آتا ہے۔ جس طرح ایک تسمے میں پیاز کا انٹا باندھ دیا جائے۔ پھر جبریان پیدا ہوتا ہے۔

اغلام۔ کی حالت بھی بجنسہٖ جلق کی طرح ہے۔ اور اس میں وہی نقصانات پیدا ہوتے ہیں۔ یہ دراصل ایسی ذلیل حرکت ہے کہ اگر اس کا عامل بھی تھوڑی دیر کے لیے اپنے دل میں سوچے تو اُسے سخت ندامت حاصل ہو۔ کیسی شرم کی بات

کو ایک سیدھی راہ چھوڑ کر انسان کج راستے پر چلے چنانچہ اپنی ہی شکل اور اپنے ہی ہم جنس کے ساتھ کے ساتھ یعنی مرد مرد کے ساتھ ایسی نازیبا حرکت میں لگ گئے جا! حیا! حیا!

تیسری خوفناک صورت زنا کی ہے؛ اور یہ سب سے زیادہ شرم ناک اور بدتر حرکات ہے۔ کانٹ ناخشتہ دساں

یہ دوسری بات ہے کہ انسان اپنی شادی نہ کرے۔ لیکن شہوت انسانی مٹ نہیں سکتی آخر مجبور ہو کر انسان اس کے ناجائز وسائل اختیار کرتا ہے۔ خیالات بجا نہیں رہتے اور نیت غیر مستقل ہو جاتی ہے۔ جہاں کوئی صورت دیکھی اور دل للچا گیا۔ اکثر پرائی بیٹیوں کی طرف بری نگاہ سے دیکھنے لگتا ہے۔ جو عرفی۔ عقلی یا شرعی اعتبار سے گناہ ہے کوئی خانگی عورتوں سے تعلقات قائم کرتا ہے۔ اگرچہ بہت سے شادی شدہ نوجوان بھی ایسے ناپاک خیالات رکھتے ہیں اور یہ ضروری نہیں کہ شادی سے آدمی پورا پورا پرہیز گار اور عابد و زاہد بن جائے۔ لیکن ہم پہلے کہہ آئے ہیں کہ تمام بری عادات میں نمایاں کمی ضرور پیدا ہو جاتی ہے۔ اور بسا اوقات بری خصلتیں بالکل جاتی رہتی ہیں۔ لیکن کلیہ دعویٰ نہیں کیا جا سکتا۔ اگر بیسہ کی شادی میاں بیوی کی خوش نصیبی سے ہو جائے تو پھر یہ بات بھی کچھ مشکل نہیں کہ آدمی تمام قبیح خصال کو ہمیشہ کے لیئے ترک کر دے

بہر کیف زنا ایک سب سے خطرناک عادت ہے۔ خدا اس سے ہر ایک کو محفوظ رکھے اور زنا میں بھی سب سے زیادہ خراب کن خواہش طوائفوں کی محبت ہے۔

شاہد بازی کے نتائج بہت ہی خراب نکلتے ہیں اور ایسے لوگ کثرت جماع کے عادی ہو جاتے ہیں۔ جسطرح کہ قلت جماع سے ایک قسم کی صورت

پیدا ہوتی ہے۔ اسی طرح جماع کی کثرت بھی بہت نقصان پہنچاتی ہے۔ صاف ظاہر ہے کہ جس شخص کو مہینہ بھر کے خرچ کے لیئے دس روپے ملے ہوں اور وہ مہینے کے بجائے دس دن میں وہ دس روپے خرچ کر دے گا۔ تو بیس دن تک خالی ہاتھ رہے گا۔ یہی کیفیت منی کے خزانے کی ہے کہ اگر یہ غیر ضروری صرف کیا گیا تو پھر آئندہ کے لیئے انسان صرف سے محروم رہ جاتا ہے۔

ساتھ ہی بہت جلد امراض آگھیرتے ہیں مثلاً عارضہ سرعت انزال کا ہوتا ہے باہ میں کمی پیدا ہوتی ہے۔ اور چونکہ بازاری عورتیں مجسم آتش ہوتی ہیں اس لیئے کبھی کبھی اس آگ میں بداحتیاط شاہد پرست بھی جل اٹھتے ہیں اور سوزاک آتشک۔ جیسے شرمناک مرض پیدا ہو جاتے ہیں دوسرے شاہدان بازی کی صحبت کا ایک برا اثر یہ پڑتا ہے کہ انسان شراب کا عادی ہو جاتا ہے۔ اس لیئے کہ تمام بازاری عورتیں شراب کی عادی ہیں۔ اور جو شخص ان کی صحبت میں شریک ہوتا ہے اُسے بھی عادی بنا لیتی ہیں۔ بغیر اس کے وہ ظاہری محبت بھی نہیں کرتیں۔ اور عیش پرستوں کو شراب کے بغیر اس کا لطف بھی نہیں آتا۔ شراب خواری علاوہ اس کے کہ ایک گناہ کبیرہ ہے اور کسی ملت میں اس کی اجازت نہیں طبی اصول کے مطابق بھی صحت کے لیے بہت مضر ہے

عقل جو انسان کو سب سے بیش بہا جوہر اور اعلیٰ نعمت عطا کی گئی ہے جسکی وجہ سے اسنے طرح طرح کا علم و فضل کیا اور اشرف المخلوقات کا معزز لقب ملا وہ ہاتھ سے جاتی رہتی ہے۔ انسان کے حواس بجا نہیں رہتے۔ سیاہ سپید اچھے برے کی تمیز باقی نہیں رہتی۔ اعضاء میں سستی اور کاہلی پیدا ہونے لگتی ہے اور دل و دماغ بہت کمزور ہو جاتا ہے۔ ایسے لوگ بہت کم زندہ رہتے ہیں۔ اور وقت سے پہلے دل و جگر کی کمزوریوں کی وجہ سے مر جاتے ہیں۔

جو لوگ اس قسم کی عیش پرستی میں گرفتار ہوتے ہیں۔ وہ دنیا و مافیہا سے گذر جاتے ہیں دینی احترام تو درکنار ہا چنانچہ انسانی فرائض کے ادا کرنے سے وہ سبکدوش نہیں ہو سکتے۔

احباب اعزا اقربا کے حقوق بالکل فراموش ہو جاتے ہیں۔ یہ حقوق تو ایک طرف رہے۔ خدا کے حقوق بلکہ خود اپنا حق بھی نہیں سمجھتے

لوگوں کو چاہیئے کہ تجرد کے زہریلے اثر سے محفوظ رہیں تاکہ ان غلط کاریوں کی دستبرد میں نہ آجائیں۔

بعض طوائفیں افیون چانڈو کی دلدادہ ہوتی ہیں اور ان کے یہاں جانیوالے اور ان کے ظاہری اور بناوٹی حسن کے فریفتہ بھی آخر کار اسکی عادت کر لیتے ہیں۔

دراصل جسقدر نشہ کی چیزیں ہیں انھیں نہ صرف مسلمانوں نے بلکہ دنیا کے تمام معقول مذاہب نے ناجائز قرار دیا ہے اور مذہبی جرم کے علاوہ اگر تجربہ اور طبی فلسفی پر غور کیجئے تو بھی ان سے بے شمار نقصانات پیدا ہوتے ہیں۔

نشہ چیزوں کا اثر اعضائے رئیسہ پر پڑتا ہے۔ یہ دماغ کو کمزور کر دیتی ہے اور جب دماغ کمزور ہو گیا تو احساس و ادراک کی قوت میں کمی پیدا ہو گی۔ جس پر کہ عقل انسانی کا دارومدار ہے اور بھلے برے کی تمیز نہ رہے گی۔ دوسرے دل کمزور ہو گا اور اسکی حرکت میں اعتدال نہ رہے گا۔ دراصل ایک دل ہی کی حرکت پر تمام بدن کا نظام موقوف ہے۔ جگر کی کمزوریاں اور مختلف عوارض پیدا کرینگی۔ چنانچہ عام طور دیکھا جاتا ہے کہ نشے باز لوگ نہایت پتلے پتلے لاغر ہوتے ہیں۔ چہروں پر مطلق رونق نہیں ہوتی۔ جسم کا مادہ نشو و نما بالکل سوخت ہو جاتا ہے۔ بدن میں خون کا نام نہیں ہوتا صرف ہڈی اور چمڑا باقی رہ جاتا ہے اور جس طرح جسم کی کمزوریاں لاحق ہوتی ہیں یہی حالت ہوتی ہے۔ اور وہ دنیا اور دین کا کوئی کام کرنے کے قابل نہیں رہتے۔ خدا محفوظ

شادی کس طرح ہونی چاہیئے؟

یہ سوال نہایت دلچسپ ہے جسے وہ لوگ بہت غور کے ساتھ پڑھیں گے جنکی شادی ابھی نہیں ہوئی اور عنقریب ہوا چاہتی ہے۔ بلکہ ایسے تعلیم یافتہ گروہ کے دل میں یہ خیال اور یہ سوال مدتوں سے کھٹکتا ہو گا۔

دراصل ہمارے ملک میں شادی بیاہ کی جو رسمیں ہیں اور جس طریقے پر ضروری رسم ادا ہوتی ہیں۔ وہ نہایت غیر مفید بلکہ مضر ہے۔

اہل منود میں تو جہاں بچے کی عمر پانچ چھ برس کی ہوئی کہ اس کی شادی کر دی جاتی ہے۔ دراصل اس بچپنے کی شادی سے یہ مقصود نہیں ہوتا کہ دولھا دلھن خوش ہوں اگرچہ شادی کا نام اس وجہ سے شادی ہے کہ وہ دولھا دلھن کے خوش ہونے کا ذریعہ ہے اور پھر دولھا دلہن کو خوش دیکھ کر والدین اعزا اقربا اور احباب خوش ہوتے ہیں۔ لیکن بچپنے کی شادی کا صرف یہ مطلب ہوتا ہے کہ والدین چھوٹے سے بیٹے کی جو یہ بھی نہیں جانتا کہ شادی کسے کہتے ہیں۔ اور دلھن کس کا نام ہے چھوٹی سی دلھن دیکھ کر اپنا دل خوش کریں۔

پھر نسبت کا انوکھا طریقہ یہ ہے کہ صرف نائی کی رائے پر چھوڑ دی جاتی ہے دیکھ بھال پر ہوتا ہے اور جو کچھ وہ آکر بھلائی برائی بیان کرتا ہے اسی کا یقین کر لیا جاتا ہے۔

بچپن کے زمانے میں لڑکی والوں کو کچھ معلوم نہیں ہوتا کہ لڑکا کیسا نکلے گا۔ چال چلن کا کیسا ہو گا کمائی دھمائی بھی کچھ ہو گی یا نکھٹو ہو گا۔

غرضیکہ بچپن کے زمانے میں کوئی حکم نہیں لگا سکتا کہ فلاں لڑکا عقل مند ہو گا کہ بے وقوف جاہل ہو گا کہ عالم فاضل۔ محبت والا ہو گا کہ بے مروت۔ عیاش ہو گا کہ نیک چلن۔ غرض کچھ معلوم نہیں ہوتا اسی طرح لڑکیوں کا حال بھی دریافت ہو

سکتا کہ جوان ہو کر نیک مزاج ہوگی کہ بد مزاج سگھڑ اور با سلیقہ ہوگی یا پھوہڑ
اپنے میاں کو خوش رکھے گی یا ناراض رکھے گی ماں باپ تو خوش خوش جس طرح چاہتے
ہیں اپنی بے زبان اولاد کی شادی کر دیتے ہیں اب اگر بیوی اور میاں حوان ہو کر ایک
دوسرے کے مخالف مزاج ہوئے تو تمام عمر ایک مصیبت رہتی ہے ہم خیال زوجہ
کی تکلیف خدا دشمن کو بھی نہ دے انسان تو بھلا اشرف المخلوقات صاحب ادراک
اور بڑے احساس والا ہے۔ بے زبان پرندے جن میں فطرت نے حس کا مادہ
بہت کم رکھا ہے انھیں بھی ناجنسی پسند نہیں چنانچہ کسی طوطی شکر فشاں شیریں بیاں
کو زاغ بیابان کے ساتھ ایک قفس میں بند کر کے دیکھ لیجئے کہ کیا تکلیف دہ کیفیت
محسوس ہوتی ہے۔ اگر غور کیا جائے تو غیر جنسی کا ناگذار اثر بے جان چیزوں کی باہمی
آمیزش سے بھی محسوس ہوتا ہے۔ کوئی شاعر کہتا ہے۔

آب چوں در روغن اُفتد نالہ خیزد از چراغ
صحبتِ ناجنس باشد مثمر آزار ہا

اہلِ ہنود اس طریقے پر کچھ ایسے جمے ہوئے ہیں کہ اُسے چھوڑنے کا نام ہی
نہیں لیتے اگر طبی نظر کسنی کی شادی پر ڈالیئے تو بھی صدہا نقصانات ہیں۔
یہ ضروری بات ہے کہ جب ماں باپ چھوٹی سی بہو کو بیٹے کے پاس زبردستی
ٹاکر اپنی رسم پوری کرتے ہیں تو وہ خاموش نہ رہے گا اور رفتہ رفتہ اُسے کوئی نہ
کوئی طریقہ حصولِ لذت کا فطرت خود بتا دے گی اور یہ صاف ظاہر ہے کہ جب
تک اعضائے تناسل کی خلقت تمام نہ ہو اور نشوونما کمال کو نہ پہونچے اُس وقت
اس کا استعمال کرنا بعینہٖ ایسا ہے کہ کسی درخت کے کچے پھل توڑ کر اسکی نشوونما کو خاک
میں ملا دیا جائے۔ چند ہی دن میں قوت زائل ہو جاتی ہے۔ رگیں ڈھیلی پڑ جاتی
ہیں۔ باہ میں نمایاں کمی ہوتی ہے۔ بلکہ کبھی کبھی کوئی بیماری بھی پیدا ہو جاتی ہے۔ دردِ سر

اور ضعفِ معدہ تو لازمی ہو جاتا ہے۔ اور تھوڑی سی عمر میں انسان ضعیف ہو جاتا ہے۔
اولاد اوّل تو پیدا نہیں ہوتی اور اگر پیدا بھی ہوئی تو نہایت ضعیف القوی دائم
المریض ہوتی ہے اور بہت کم زندہ رہتی ہے غرض یہ تمام مصائب بیماری اولاد کو والدین
کی غلط کاری کی وجہ سے اٹھانا پڑتی ہیں جن کا اثر آئندہ نسلوں میں بڑھتا ہی جاتا ہے۔
مسلمانوں میں اگرچہ طریق تو نہیں کہ بچپن ہی کے زمانے میں شادی ہو جائے
لیکن وہ جس طریقے سے ہوتی ہے۔ اُس کا اثر متمدن پر بہت خراب پڑتا ہے
موجودہ طریق یہ ہے کہ ڈومنی یا کوئی عورت پیام لے کر جاتی ہے۔ اور کسی بہانے
سے لڑکی کو دیکھ آتی ہے اگر اس کی مرضی ہوئی تو خوب نمک مرچ لگا کر گھر کی تعریف
سلیقہ کی توصیف اور لڑکی کی خوبصورتی بیان کی اور اگر مرضی ہوئی تو اُسی گھرانے کی برائی
کر دی۔
ہر کیف ذات اور نمول اور گھر کے لوگوں کا باہمی برتاؤ غور سے دیکھا جاتا ہے
اور اس کے سوا کوئی بات نہیں پوچھی جاتی۔ حالانکہ سب سے زیادہ ضروری بات یہ ہے
کہ نوشاہ و عروس کی ذاتی صفات اور عادات پر بحث کی جائے اور سب سے زیادہ حاجت
اسی چھان بین کی ہے۔
ذات، البتہ ایک ضروری بات ہے لیکن نہ اس قدر جتنی محسوس کی جاتی ہے۔ یعنی ایک
دادا کی اولاد ہو۔
نمول۔ اگرچہ ایک اچھی چیز ہے اور دنیا میں اسی کی قدر ہے۔ لیکن دوسری خوبیوں کے
مقابلے میں اگر یہ میسر نہ آئے تو کچھ پروا نہیں
نوشاہ کی ذاتی قابلیت۔
سب سے زیادہ اس کا خیال کرنا چاہیئے اور یہی ایک چیز ہے جس پر انسان
کی آئندہ زندگی کا دارومدار ہوتا ہے۔ میرا ذاتی تجربہ ہے کہ مصیبت اور تکلیف

کے وقت خدا کی ذات کے بعد اگر کوئی چیز کام آنے والی ہے تو وہ انسان کی ذاتی لیاقت ہے۔

لیکن ایک بات ان تمام باتوں سے زیادہ ضروری ہے اور وہ نوشاہ و عروس کا باہم ایک دوسرے کو پسند کر لینا ہے۔ لیکن اسکی طرف ہندوستان میں بالکل توجہ نہیں کی جاتی۔ بلکہ انتہا کا معیوب سمجھا جاتا ہے۔ اگر کوئی شخص یہ کہے کہ میں شادی کرنا چاہتا ہوں مجھے اپنی لڑکی دکھا دیجئے تو لڑکی والا کس قدر برا سمجھے گا اور تمام عمر رشتہ داری کا روادار نہ ہوگا۔

حالانکہ مذہبی کتابوں سے یہ بات ثابت ہے کہ جس عورت سے شادی کرنی چاہو اُسے اطمینان خاطر کے لیے دیکھ سکتے ہو۔

اگر نوشاہ و عروس کو یوں دیکھنا محال ہو تو کم از کم اُن کی تصویریں تو ضرور دیکھ لینی چاہئیے جن پر لیاقت قابلیت وغیرہ ضروری باتوں کا سچا سچا حال درج ہو۔

خیر لڑکوں کو تو زمانے کی روشنی سے کسی قدر نام کو آزادی نصیب بھی ہو گئی ہے مگر بے کس لڑکیاں ابھی تک بے زبان پرندوں کی طرح ذبح کی جاتی ہیں لڑکی سے ہرگز نہیں پوچھا جاتا کہ فلاں جگہ تمہاری شادی ہوتی ہے تمہیں منظور ہے کہ نہیں؟ صرف شادی کے دن اذن لیتے وقت ایک رسم ادا کی جاتی ہے اُس میں بھی یہ بات مقرر کی ہے کہ اگر لڑکی روئی تو بس اذن ہو گیا۔ حالانکہ جب تک کھلے لفظوں میں نہ سن لیا جائے اُس وقت تک نکاح نہیں ہو سکتا۔ پھر لطف یہ کہ بالغ بلکہ بالغ سے بھی کچھ زیادہ لڑکیاں اپنی مرضی کی مختار نہیں اور والدین انکی دلی آرزوں اور جائز خواہشوں کی طرف سے وکیل ہیں۔

بعض گھرانوں میں اگر یہ دستور بھی ہے کہ لڑکی سے اُس کے ازدواج کے متعلق رائے لے لی جائے تو اب اگر اس سے انکار کیا اور والدین کی مرضی کے

خلاف ہوا تو وہ کسی طرف کی نہیں رہتی اوّل تو اس کا انکار سنتا ہی کون ہے یا اگر اصرار سے سن بھی لیا گیا تو رات دن کے طعنے دیئے جاتے ہیں بے حیا بے شرم بدلحاظ کے لقب ملتے ہیں۔

غرض شادی کی ایک نہایت ضروری رسم ہندوستان میں جس بے توجہی اور بے اصولی کے ساتھ ادا کی جاتی ہے اُس کی نظر شاید کسی ملک میں مشکل سے ملے گی۔

افسوس ہے ایسے ماں باپ پر جو اپنے ہاتھوں سے اپنی اولاد کا خون کرتے ہیں اگرچہ صدہا نظریں ایسی موجود ہیں کہ ہزاروں بھرے گھر تباہ و برباد ہو گئے۔ بہت لڑکیاں زہر کھا کر مر گئیں۔ جو بچیں اُن کی تمام عمر ایک عذاب میں بسر ہوئی۔ بعینہٖ یہی کیفیت نوجوان کی ہوگی اور اب بھی ہوتی ہے۔ لیکن غور نہیں کرتے افسوس دیکھتے ہیں اور نہیں دیکھتے غرض ہم اس طولانی بحث کو یہ کہہ کر تمام کرتے ہیں کہ جب تک مرضی کی شادی نہ ہوگی اور نوشاہ عروس کو عروس نوشاہ کو پسند کریں گے اُس وقت تک تمدن کی حالت نہایت خراب رہے گی اور ایسے لوگوں کو حقیقی مسرت نصیب نہ ہوگی۔ فاعتبروا یا اولی الابصار۔

حیض

ہر مہینے جوان عورتوں کو حیض آتا ہے۔ اور جس طرح مرد کے بلوغ کی علامت احتلام ہے عورتوں کا بلوغ خون حیض کے جاری ہونے سے سمجھا جاتا ہے۔

حیض کا خون عموماً بارہ برس کی عمر میں سے کہیں برس کی عمر تک شروع ہوتا ہے اور جب مزاج پینتالیس یا پچاس سال تک رہتا ہے۔ جس وقت تک خون جاری رہتا ہے اُس وقت تک تولید کا مادہ موجود ہوتا ہے۔ پھر عورت آئسہ یعنی ناامید کہلاتی ہے۔ حیض تین دن سے کم اور دس دن سے زیادہ مدت تک کسی عورت

کو نہیں آتا اور اگر آئے تو اُسے کسی بیماری پر محمول کرنا چاہیئے۔ ہر ایک عورت کے حیض مقرر ہے اُسے تین دن یا پانچ دن اس سے زیادہ دنوں تک حیض آئے گا اگر اس کے خلاف کبھی غیر معمول خون آئے تو اس کا علاج کرنا چاہیئے۔

جن دنوں عورت کو حیض آتا ہے اُس کا رنگ کسی قدر متغیر ہو جاتا ہے۔ اکثر کی سفیدی میں کچھ ملاہٹ ہوتی ہے۔ مزاج میں کسی قدر گھبراہٹ اور اضطراب پایا جاتا ہے۔

حیض کے ایک سلسلے میں پانچ چھ چھٹانک خون حسب مزاج خارج ہوتا ہے موٹی تازی عورتوں کے خون بہت نکلتا ہے۔ جن عورتوں کا مزاج دموی ہوتا ہے ان کے حیض میں خون کم نکلتا ہے خون کا کم نکلنا اچھا ہے بشرطیکہ عادت پر ہو

اگر کسی بے عنوانی یا عارضہ کی وجہ سے حسب عادت حیض کا آنا بند ہو جائے تو اُس کا فوراً علاج کرنا چاہیئے کیونکہ خون کے رُک جانے سے بہت سخت نقصان پیدا ہوتا ہے۔ تمام جسم میں ایک آگ سی لگ جاتی ہے۔ خاص کر دماغی قوتوں کو سخت نقصان پہنچتا ہے۔ اور اس طرح خون حیض کا عادت کے خلاف جاری ہونا ایک ہی سلسلہ میں بہت دنوں تک جاری رہنا بھی بہت مضر ہے۔ چنانچہ کبھی کبھی چھ چھ ماہ تک حیض کا خون جاری اور بند ہو جاتا ہے۔ اس کا علاج بہت ضروری ہے۔ اور جلد ہونا چاہیئے۔

ایام حیض میں جماع مطلقاً ناجائز ہے۔ مسلمانوں میں مذہبی جرم ہے چنانچہ حائضہ عورت نماز روزہ جیسے فرائض سے بالکل سبکدوش ہوتی ہے۔ وہ مسلمانوں کی مذہبی مقدس کتاب چھو نہیں سکتی۔ اِن ایام میں اگر جماع کیا جائے تو علاوہ مذہبی رُکاوٹ کے طبی نقصان بھی ہیں۔ اور آتشک ہو جانے کا خوف ہے۔ اس لیئے کہ حیض کے خون میں شدت کی گرمی ہوتی ہے۔ اس لیئے اِن

دنوں کا فی احتیاط رکھنی چاہیئے۔ اور اگر ممکن ہو تو میل جول بھی کم رکھیں۔

حمل اور اُس کا قرار پانا

جب مرد و عورت کی منی رحم میں ٹھہرتی ہے اور اُس میں کوئی نقص نہیں ہوتا نہ رحم میں بھی کوئی اندرونی یا بیرونی یا نفسانی فساد نہیں ہوتا جو اس مادہ کو فاسد کر دے یا نکالدینے کا باعث ہو تو عورت و مرد کی ملی ہوئی منی کے مجموعہ میں ایک جوش پیدا ہوتا ہے اور اس سے چار نقطے ظاہر ہوتے ہیں۔

ایک دل کا دوسرا دماغ کا تیسرا جگر کا اور چوتھا ان تینوں کو محیط ہوتا ہے اور یہ جوش ایک ہفتے میں ختم ہو جاتا ہے۔ اس کے بعد سرخ نقطے ظاہر ہوتے ہیں اور ان میں رگوں کے منافذ پیدا ہو جاتے ہیں۔ اور طرف [illegible] کی طرف دورہ کرتا ہے یہ کیفیت چار روز میں تمام ہو جاتی ہے اس کے بعد یہ سب علقہ (خون منجمد) کی صورت میں ہو جاتی ہیں۔ اس کیفیت کی مدت چھ دن ہے۔ اس کے بعد مضغہ بنتا ہے۔ اور اعضا ایک دوسرے سے جُدا جُدا محسوس ہوتے ہیں۔ اور جب کسی قدر حیوانی و طمثی خون اُن پر پڑتا ہے۔ تو اُس میں حیوانی صورت قبول کرنے سے استعداد پیدا ہوتی ہے۔ یہ حالت بارہ دن میں ختم ہوتی ہے اس کے بعد مرد یا عورت کا مزاج عطا کیا جاتا ہے۔ اور سب اعضا اصلی کی خلقت تمام ہوتی ہے اور اس کی مدت تین دن ہے۔ اس کے بعد رگیں جوڑ وغیرہ ظاہر ہو جاتے ہیں اور اس کا زمانہ پانچ دن ہے۔ لڑکے کی پیدائش تیس سے چالیس دن تک اور لڑکی کی پیدائش چالیس سے پچاس دن تک ختم ہو جاتی ہے اس کے بعد کم از کم چھ ماہ تک نشوونما پاتا ہے۔

جب منی رحم میں پہنچتی ہے تو اسے نطفہ کہتے ہیں جب اس پر ایک باریک جھلی پیدا ہوتی ہے تو اسے علقہ کہتے ہیں اور جب گوشت بنجاتا ہے تو مضغہ کہتے ہیں اور اعضاء کی صورت ظاہر ہوتی تو جنین کہتے ہیں۔ اور جب اس میں حس و حرکت پیدا ہوتی ہے۔ تو حیوان کہتے ہیں۔

جنین اپنی پیدائش کے دگنے دنوں میں حرکت کرتا ہے اور جس وقت حرکت کی ہے شروع سے لے کر اس وقت تک کے جتنے زمانے میں باہر نکلتا ہے۔

حاملہ کا خون حیض تین کاموں میں صرف ہوتا ہے ایک حصہ تو جنین کی غذا بنتا ہے دوسرا حصہ دودھ بننے کے لیئے پستان کی طرف جاتا ہے۔ تیسرا حصہ خود رحم میں رہ جاتا ہے۔ تاکہ جنین کے نکلنے میں مدد دے۔ چنانچہ نفاس بن کر لڑکے میں تیس دن اور لڑکی میں چالیس دن تک نکلتا ہے۔

رحم میں جنین اس طرح رہتا ہے کہ دونوں گھٹنے پیٹ سے لگے رہتے ہیں اور دونوں ہاتھ گھٹنوں پر رکھے ہوتے ہیں اور سران دونوں زانوں پر اس طرح رکھا ہوتا ہے کہ ناک دونوں کے درمیان ہوتی ہے۔ آنکھیں گھٹنوں پر اور ابڑیاں جانب زیرین رہی ہوتی ہیں۔ اور منہ ران کی پیٹھ کی طرف ہوتا ہے۔ اور پیدائش کے وقت خود بخود الٹا ہو کر سر نیچے اور پاؤں اوپر ہو جاتے ہیں۔

نطفہ قرار پانے کے وقت سے لے کر وضع حمل تک رحم میں طرح طرح کے تغیر اور انقلاب واقع ہوتے ہیں۔

حمل رہ جانے کے بعد بیس دن میں پہلے اپنی اصلی حالت سے زیادہ نرم اور مسترخی ہو جاتا ہے۔ رگیں اور شرائین موٹی ہو جاتی ہیں۔ یہ بات پہلے ماہ میں ہوتی ہے دوسرے ماہ میں رحم کی صورت گولائی لیے ہوئے اور اس کی نالی بند ہو جاتی ہے۔ تیسرے ماہ رحم کوکھ کی ہڈی پر چڑھ جاتا ہے اور

اور پیڑو کے اوپر کچھ پھولا سا نظر آتا ہے۔ چوتھے مہینے رحم کی ریڑھ کی ہڈی پر دو تین انگل بلند ہو جاتی ہے۔ پانچویں ماہ ریڑھ کی ہڈی اور ناف کے درمیان جس قدر فاصلہ ہے اس تک رحم کی جڑ پہنچ جاتی ہے۔ اور پیٹ خوب بڑھا ہوا نظر آتا ہے چھٹے ماہ رحم کی جڑ ناف کے اندرونی جانب آتی ہے۔ اور ان ایام میں کبھی کبھی بچے کو جنبش بھی ہوتی ہے اور رحم کی جڑ ناف کے اندرونی جانب آتی ہے اور ان ایام میں کبھی کبھی بچے کو جنبش بھی ہوتی ہے۔

اور رحم کی گردن بہت گھٹ جاتی ہے ساتویں مہینے رحم کی جڑ ایک انگل کے قریب اور چڑھ جاتی ہے اگر انگلی سے دبایا جائے تو جو عضو پہلے نکلنے والا ہو وہ محسوس ہوتا ہے اور اگر اس جگہ جنین کا سر ہو اور انگلی سے دبایا جائے تو چھوٹے سے گیند کی طرح محسوس ہوتا ہے۔

آٹھویں ماہ رحم کی گردن کی لمبائی چوتھائی رہ جاتی ہے اور رحم تک انگلی نہیں پہنچ سکتی اور جو اعضاء کہ پیدائش کے وقت پہلے نکلنے والے ہوتے ہیں وہ بخوبی معلوم ہوتے ہیں۔

نویں ماہ رحم کی جڑ سامنے آجاتی ہے اور رحم کی گردن کی کچھ مقدار نہیں رہتی اور جنین کے بارے سے بچہ پیدا ہو جانے کے بعد رحم فوراً سکڑ جاتا ہے اور رفتہ رفتہ اسکی رگیں بھی باریک ہو جاتی ہیں۔ کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ جنین کا کوئی عضو ہاتھ یا پاؤں وغیرہ ولادت سے پہلے رحم کے باہر نکل آتا ہے۔ یہ نہایت خوف ناک صورت ہوتی ہے۔

ولادت کے وقت درد کے تین دورے ہوتے ہیں پہلے دورے میں جنین کو حرکت ہوتی ہے۔ اور اس کا سر جھلی کی پشت سے چھوٹ کر پیڑو کے آخری حصے میں پہنچتا ہے دوسرے دورے میں عضو مخصوص تک آجاتا ہے اور تیسرے دور

میں باہر نکلتا ہے۔

فتبارک اللہ احسن الخالقین

خوبصورت اور خوب سیرت اولاد

ہم اپنے دل سے فیصلہ کر سکتے ہیں کہ دنیا میں کوئی ایسا نہیں جسے خدا نے دل عطا کیا ہو اور آنکھیں دی ہوں۔ بھلے بُرے کی تمیز بھی وہ کر سکتا ہو اور پھر بھی بہتر کو وہ پسند نہ کرے یوں تو انسانی فطرت کا مقتضا یہی ہے کہ جو چیز بھی وہ اپنے حواسوں کی تمام قوتیں اُسے اچھا ہی محسوس کریں۔ مثلاً سننے کی کوئی بات یا کوئی نغمہ تو وہ دل کش ہو۔ دیکھنے کا کوئی منظر ہے تو وہ از بس دلفریب ہو۔ سونگھنے کا کوئی پھول ہے تو اس کی بھینی بھینی خوشبو دلاویز ہو کھانے کی چیزیں ہیں وہ بھی نہایت لذیذ ہوں اسی طرح سے کل صفیں وغیرہ ہر ایک بیش بہا اور خوشنما ہوں۔ اگرچہ انکی خوبی عام پسند ہے مگر بعض ایسے دل بھی ہیں جو سب خوبیوں کی پرواہ نہیں کرتے اور اپنی مقررہ عادت کے مطابق اگر ان میں سے ایک بھی میسر نہ آجائے تو اسی پر اکتفا کرتے ہیں لیکن ایک خوبی ایسی ہے کہ اُسے پسند کرنے والا یا اس کے نہ ہونے سے افسوس نہ کرنے والا دنیا میں کوئی نہ ہوگا۔ وہ اولاد ہے۔ مثلاً کسی شخص سے یہ کہا جائے کہ تمہیں اچھا کھانا نہ ملے گا۔ یا اچھا لباس نہ ملے گا۔ تو وہ اُسے منظور کرے گا اور اگر یہ کہا جائے کہ تیرا خدا آئندہ کے لیے تباہ و برباد ہو جائے گا اور تیری اولاد بہت خراب و ناہموار پیدا ہوگی تو اسے وہ کبھی پسند نہ کرے گا۔ اچھی چیز کو پسند کرنے والی تو ساری دنیا ہے لیکن دیکھنا یہ ہے کہ اس کے حصول کی کوشش کرنے والے کتنے ہیں۔ یقیناً اس کا جواب یہی ملے گا کہ کم اور بہت کم کون نہیں چاہتا کہ اُسکی اولاد خوبصورت خوب سیرت علم و ہنر میں یکتا کے زمانہ اور یگانہ

شماری میں یگانہ ہو۔ لیکن ایسے لوگ شاید ہزار میں ایک کے حساب سے بھی دستیاب ہوں گے جو اس کی کوشش بھی کرتی ہوں عام لوگ کہیں گے کہ بھلا اولاد کا خوبصورت ہونا بھی انسان کے اپنے اختیار میں ہے اور سیدھے سادھے لوگ تو اور بھی زیادہ متعجب ہوں گے اور انہیں کس طرح یقین نہ آوے گا۔ لیکن ایک عقل مند آدمی جب اپنی عقل سے کام لے گا تو اُسے معلوم ہو جائے گا اور نہ صرف معلوم ہو جائے گا۔ بلکہ وہ اس بات کا یقین کرے گا کہ بے شک اولاد کا خوبصورت ہونا یہ ہماری کوشش پر موقوف ہے اولاد کی مثال بعینہٖ ایسی ہے۔ جیسطرح کوئی شخص کھانا پکائے اور اس میں اپنی واقفیت یا ناواقفیت سے بھلائی یا برائی پیدا کرے۔

دیکھو یہی چاول ہیں کہ اگر ان میں ضرورت کے لائق پانی ڈالا جائے اور آنچ بھی موافق ہو تو تھوڑی دیر میں عمدہ اور اعلیٰ درجے کا خشکہ تیار ہو جائے گا۔ اور یہی چاول اگر کوئی شخص بے اندازہ پانی کے ساتھ چڑھا کر نیچے آنچ بھی ناموافق کرے تو تھوڑی دیر میں ایک عجیب قسم کی غذا تیار ہوگی۔ اب اگر کوئی شخص چولھے پر دیگچی چڑھا کر یہ کہے کہ جو خدا کو منظور ہوگا۔ ویسی غذا تیار ہو جائے گی یا یہ کہے کہ میری کوشش سے کچھ نہیں ہو سکتا بلکہ خدا خود اسے جیسا چاہے گا بنا دے گا۔ اور یہ کہہ کر علیحدہ جا بیٹھے اور دیگچی کی طرف آنکھ اُٹھا کر بھی نہ دیکھے۔ تو کیا آپ ایسے خیالات کے آدمی کو عقل مند کہیں گے؟ بعینہٖ یہی کیفیت اُس شخص کی ہے۔ جو اولاد کا اچھا یا بُرا ہونا کسی قدر بھی اپنی کوشش یا غفلت کا نتیجہ نہیں سمجھتا۔

اگر ایک تجربہ کار کی رائے پوچھی جائے تو وہ کھلے لفظوں میں صاف صاف بتا دے گا کہ ہاں چند طریقوں پر نظر رکھنے سے اولاد خوبصورت و خوب سیرت پیدا ہو سکتی ہے۔ جو لوگ یہ دلی تمنا رکھتے ہیں دراصل وہی ایک اچھے خیال پر قائم ہیں حقیقت میں خوبصورتی ایک ایسی چیز ہے جو ہزاروں روپے خرچ کرنے سے بھی

نہیں مل سکتی۔ سیرت کی خوبیاں اکثر ایسی ہیں جو اکتساب و عمل سے حاصل ہو جاتی ہیں اور ایک تیز طبع انسان تھوڑی سی کوشش میں انہیں بہت جلد حاصل کر سکتا ہے۔ لیکن صورت کی خوبیاں ہزاروں روپے خرچ کیئے ہیں تو بھی نہیں حاصل ہو سکتیں خرچ کی ایسی چیز ہے۔ کہ زبردستی نہ بزاری نہ بزر مے آید۔

ایں سعادت بزور بازو نیست
تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

مجبوریاں اُس وقت ہیں جب کہ پیدائش تمام ہو چکی ہو لیکن پیدائش سے پہلے ہر ایک شخص اگر قوانین و قواعد پر عمل کرے تو اپنی آئندہ نسل کی اچھی یا بُری پیدائش کا اسی طرح مختار ہے۔ جس طرح ایک باغبان پودے لگانے کا مالک ہے۔ کہ اگر کسی صالح اور قابلیت رکھنے والی زمین میں لگائے گا تو اُن کا نشو و نما ہوگا۔ پھول پھل آئیں گے اور پھل بھی ذائقہ دار ہوں گے۔ اور اگر اُسی پودے کو کسی شور زمین لگائے گا تو پہلی صورت کے بالکل برعکس ہوگا۔ جس طرح ایک کمہار کھلونے بناتے وقت بالکل مختار ہوتا ہے۔ کہ جیسے چاہے ویسے کھلونے بنائے تقریباً اسی طرح انسان کے لیئے بھی اولاد کی خلقت کو کھلونوں کی طرح بنایا۔ جس طرح ایک کلین بنانے والا کارگر کلین بنا کر فروخت کر دیتا ہے۔ اور خریدار اُسے اپنے گھر لا کر اُسی خاص ترکیب کے ساتھ چلاتا ہے۔

دراصل جماع آفرینش کی کل ہے اور اسی کی بھلائی برائی پر مولود کی بھلائی برائی منحصر ہے۔

طریق جماع جس سے خوبصورت اولاد ہو

۱۔ اس دن عورت و مرد کو غسل کر کے عمدہ پوشاک پہنا چاہیئے۔ کپڑوں میں

عطر لگایا جائے

۲۔ صبح سے محبت و پیار کی باتیں ہوں

۳۔ اس دن مفرح اور زود ہضم غذا استعمال کریں۔

۴۔ جب مباشرت کے ارادے سے یک جا ہوں تو پہلے پہلے محبت آمیز اور ولولہ انگیز باتیں کریں اچھا ہو کہ افسانوں سے اس کی ابتدا کی جائے

۵۔ بتدریج گفتگو کے بعد ملاعبت کریں جس سے محبت میں ترقی ہو۔ اور پوری پوری خواہش پیدا ہو جائے

۶۔ جب کھانا قریب الہضم ہو اُسی وقت جماع کرنا چاہیئے۔ چونکہ اجماع کے اطمینان کے لیئے خدا نے رات کو اور بنایا ہے اس لیئے رات کا وقت دن کی نسبت زیادہ مناسب ہے۔ اطمینان خاطر اس میں زیادہ میسر ہو سکتا ہے۔ اگر بھرے پیٹ پر جماع کیا جائے تو لڑکا کند ذہن یا بہرا یا گونگا۔ اور بعض اوقات اندھا یا بہت کم بصارت والا ہوتا ہے۔

۷۔ جماع کے وقت ایک بڑی چادر سے عورت و مرد کو اپنا جسم ڈھانک لینا چاہیئے اور مرد کو چاہیئے کہ عورت کی اندام نہانی کو نہ دیکھے۔ ورنہ اولاد بے حیا پیدا ہوگی اور بعض اوقات میں اندھی بھی ہو جاتی ہے۔

۸۔ تخیل کو مولود کی آفرینش میں بہت بڑا دخل ہے اس لیئے عورت و مرد کا تخیل اُس وقت نہایت عمدہ ہونا چاہیئے

اُس جماع کے وقت جس سے حمل قائم ہو عورت و مرد جو تخیل اختیار کریں گے وہی اثر مولود پڑے گا۔

اگر جماع کے وقت عورت و مرد دونوں یا دونوں میں سے ایک غمگین ہو تو مولود بھی غمگین مزاج پیدا ہوگا۔ اس لیئے زن و مرد کو چاہیئے کہ وہ اپنے آپ

کو بہت خوش رکھنے کی کوشش کریں۔ اگر خوف ہوگا تو مولود پر خوف کی کیفیت تمام عمر جاری رہے گی اگر اس وقت بے حیائی اور بے حجابی کی باتیں کی گئی ہیں تو مولود پر اس کا کافی اثر رہے گا۔ غرض والدین کے جو جذبات ہوں گے اور مولود میں تمام عمر موجود رہیں گے۔

اور جس طرح کہ بری باتوں کا اثر ہوتا ہے۔ ایسا ہی اچھا تخیل مولود پر نہایت عمدہ اثر ڈالتا ہے۔ اس لیے میاں بیوی کو چاہیے کہ اس وقت ایک خوبصورت آدمی کا تصور کریں یہ اختیاری بات ہے خواہ کسی خوبصورت مرد کا خیال ہو یا کسی حسین عورت کا تصور کیا جائے

اگر کسی لڑکی یا لڑکے کا تصور ہو تو صرف صورت ہی کافی ہے ورنہ کسی خوبصورت مرد و عورت کے ساتھ ہی اس کے اچھے عادات اور پسندیدہ صفات کا تصور بھی کرنا چاہیے۔ تاکہ لڑکے میں صورت و سیرت دونوں کی خوبیاں موجود ہوں غرض جس قسم کا تصور اس وقت کیا جائے گا اسی قسم کی اولاد پیدا ہوگی۔

کبھی کبھی دیکھا گیا ہے کہ بدشکل بدصورت والدین کا بچہ خوبصورت پیدا ہوتا ہے۔ جیسا کہ امام رازی کا قصہ ہے کہ آپ کے والدین بدشکل تھے۔ لیکن امام صاحب بہت خوبصورت پیدا ہوئے لوگ متحیر تھے کہ یہ کیا بات ہے۔ آخر معلوم ہوا کہ انھوں نے تخیل و تصور سے کام لیا تھا۔ ایسے ہی بدایوں میں خوبصورت والدین کے گھر ایک لڑکا پیدا ہوا جسکی شکل بالکل عجیب و غریب تھی اور انتہا کا بدصورت تھا بتحقیق سے معلوم ہوا کہ جماع کی شب میاں بیوی ایک نئے مکان میں رہے تھے۔ جس کے متعلق خوف ناک روائتیں مشہور تھیں۔ چنانچہ اس رات بھی بھوت پلید کی ایک بھیانک اور خوفناک تصویر ان کے تصور میں کھنچی ہوئی تھی۔ چونکہ منی کے ایک ذرا سے قطرے میں بھی انسان کے تمام خیالات و جذبات

پائے جاتے ہیں۔ اس لیے رحم میں وہی خوفناک صورت بن گئی۔ چونکہ ہر ایک کے خیالات جداگانہ ہیں اس لیے ہم یہاں حسب دلخواہ اولاد پیدا کرنے کے کچھ اصول لکھیں گے۔ یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ ایام حمل میں بھی مذکورہ بالا تمام شرائط کی پابندی ضرور چاہیے۔ چنانچہ حاملہ کو کسی کھلے ہوا دار مکان یا کسی شگفتہ باغ میں رکھنا چاہیے غذا بھی ثقیل نہ دی جائے بلکہ لذیذ اور دو ہضم غذائیں استعمال کرنی چاہیے۔ لباس ہمیشہ صاف ستھرا اور دلپسند ہو۔ گرمی سردی کا ہمیشہ اعتدال رہے طبیعت کو ہنسانا بہت ضروری ہے ذرا بھی رنج و غم نہ پہونچے کبھی غصے کی نوبت نہ آئے۔ کسی قسم کی محنت نہ کرنی چاہیے ہمیشہ بشاش و مسرور رہنے کی کوشش کی جائے۔ ورنہ جو جذبات والدہ کے ہوں گے وہ مولود پائے جائیں گے جس قسم کا اثر مولود کے لیے پسند کیا گیا ہو۔ اسی طرح اپنی مرضی کے مطابق حاملہ عورت کو ذیل کی ہدایتوں پر عمل کرنا چاہیے۔

اگر لڑکا پیدا کرنا ہو تو طاق تاریخوں میں جماع کرنا چاہیے اور اگر لڑکی منظور ہو تو جفت تاریخوں میں۔ اور ساتھ ہی یہ شرط ہے کہ دن بھی اسی طرح جفت ہو مثلاً اگر پہلی تیسری پانچویں وغیرہ ہوں تاریخیں تو ان میں دن بھی طاق ہوں جیسے یک شنبہ سہ شنبہ پنجشنبہ اور جفت میں تاریخوں اور دنوں کی موافقت ہو جیسے دو شنبہ چہار شنبہ ہفت شنبہ

اور بھی چھٹی آٹھویں دو شنبہ چہار شنبہ

۱۔ اگر خوبصورت اولاد پیدا کرنی ہو تو ہر وقت حسن و جمال کا تذکرہ کرنا چاہیے قصے فسانے بھی اسی قسم کے کہے جائیں۔ حسینوں اور ماہ جبینوں کی تصویریں دیکھنی چاہیے۔ اور ہر وقت ان کا دھیان رکھنا چاہیے۔ خوشنما پھول دیکھ کر دل کو خوش رکھنا چاہیے۔ غذا میں تر و تازہ چیزیں کھائیں۔

۲۔ اگر شجاع اور دلیر اولاد پیدا کرنی ہو تو اس اثنا میں جنگی قصے لڑائیوں کے حالات عورت کو سنائیں۔ مکان میں لڑائیوں کے خوفناک نقشے لگے ہوئے

اگر عورت گھر میں پڑھی ہے تو اُسے رزمیہ کتابوں کا شوق رہنا چاہیے اور اگر ممکن ہو تو بڑے بڑے شجاع بہادروں کی تصویریں بھی دیکھنی چاہیے۔

۳۔ اگر علم و ہنر سے مناسبت رکھنے والی اولاد کی خواہش ہو تو مقدس صحاف اور اہل ہند کے کارناموں کی طرف کامل توجہ لازم ہے۔

۴۔ اگر شاعر اولاد مقصود ہو تو شعر و سخن کا شوق رہنا چاہیے بڑے بڑے ماہر فن شاعروں کی سوانح عمریاں پڑھ کر ان کا نقشہ ذہن میں کھینچیں آپس میں باریک نکات اور شعر و شاعری کے تذکرے کیا کریں۔

۵۔ اگر حکیم و فلاسفر اولاد چاہتے ہو تو حکمت و فلسفہ کے قوانین کا مطالعہ ضروری ہے اور جہاں تک ہو سکے اسی قسم کے خیال رکھا کریں اور دماغی قوت سے زیادہ مدد لیں لیکن نہ اس قدر کہ اس کی تکلیف محسوس ہو۔ بڑے بڑے نامور فلاسفروں کے حالات پڑھیں۔ انھیں تصور میں جمانے کی کوشش کریں۔

۶۔ اگر صنعت و حرفت کے مناسب دماغ رکھنے والی اولاد مدنظر ہو تو ہمیشہ اس قسم کا تذکرہ رہے کہ فلاں شخص ایسا ہوشیار کاری گر ہے۔ وہ اسی ہنر کو بڑے سلیقہ سے انجام دیتا ہے۔ یورپ اور امریکہ کی صناعیوں کا مطالعہ غور و خوض سے کرنا چاہیے اور اگر دماغی قویٰ پر زیادہ زور نہ پڑے تو خود بھی ضروری صنعتوں کی طرف توجہ کرنی چاہیے

۷۔ اگر یہ منظور ہو کہ مولود اعلیٰ درجے کا زاہد و متقی عبادت گزار پرہیزگار اور دنیا سے بیزار ہو تو اس کے لیے ضروری ہے کہ خود بھی اپنے جذبات اسی طرح بنائیں تصوف مذہبی کی کتابیں مطالعہ کریں۔ بڑے بڑے زاہدوں اور عابدوں کی سوانح عمریوں پر غور کریں۔ ہر وقت مذہبی قیود کی پابندی کیا

کریں۔ اُمید ہے کہ اگر مذکورہ بالا قیود کی پابندی کی جائے گی تو جس قسم کی اولاد مقصود ہوگی۔ اُسی قسم کی اولاد پیدا ہوگی۔

والدین کا اثر اولاد پر

یہ بات بالکل بدیہی ہے اور نہایت آسانی کے ساتھ سمجھ میں آسکتی ہے کہ جیسا درخت ہوگا اُسی قسم کے پھل اُس میں آئیں گے۔ یہ کسی طرح نہیں ہو سکتا کہ انار کے درخت میں ناشپاتیاں لگ جائیں ناشپاتی کے درخت میں انار نظر آئیں بلکہ قدرتی قانون کی پابندی اسی قدر وسیع ہیں کہ جو انار ترش ہے وہ شیریں انار کے درخت میں نہیں لگ سکتا۔ جس انار کے دانے بڑے بڑے سُرخی مائل ہوتے ہیں وہ پیدا رنگ انار کے ساتھ پیدا نہ ہوگا۔

جب بے جان نباتات میں دستِ قدرت نے یہ اثر مخفی رکھا ہے تو حیوانات اس اثر سے کس طرح جُدا رہ سکتے ہیں۔

سرسری نگاہ سے بھی معلوم ہو جائے گا کہ جس کبوتر کے نر و مادہ دونوں سپید ہوں اُن سے سیاہ رنگ کا بچہ پیدا نہ ہوگا اور علیٰ ہذا سیاہ رنگ نر و مادہ سے سپید بچہ پیدا ہونے کی اُمید نہیں کی جا سکتی۔ اسی طرح انسان کے تناسل و توالد کا بھی قاعدہ ہے۔ اور والدین کا روحانی جسمانی اثر مولود پر پورا پورا ہوتا ہے والدین میں جو خوبیاں ہوں اور برائیاں ہوں مولود میں اُن کا حصہ ضرور پایا جائے گا۔

اکثر دیکھا گیا ہے کہ فلاسفروں کے لڑکے بھی فلسفانہ مزاج لے کر ہوتے

ہیں - جو لوگ صنعت و حرفت سے تعلق رکھتے ہیں - اُن کی اولاد بھی اسی قسم کی پیدائشی ہے - چنانچہ تجربہ اور غور سے یہ بات معلوم ہو سکتی ہے کہ خود سنار کا لڑکا اپنا موروثی کام سیکھنا چاہے تو بہت آسانی کے ساتھ سیکھ لے گا - لیکن اگر کوئی غیر پیشے کا آدمی اسی کام کو سیکھے تو اُسے بہت دقتوں کا سامنا ہوگا - اس سے معلوم ہے کہ موروثی پیشہ ہونے کی وجہ سے اس میں طبعی مناسبت بھی پائی جاتی ہے -

ایسی ہی خوبصورت لوگوں کی اولاد بھی عموماً خوبصورت ہی ہوا کرتی ہے اور نہ کسی نہ کسی عضو میں والدین کی پوری مشابہت پائی جاتی ہے - بلکہ کبھی تو ایسا ہوتا ہے کہ بیٹا اپنے والدین میں سے کسی ایک سے بالکل مشابہ ہوتا ہے خیر یہ تو جسمانی اثر ہے - لیکن روحانی اثر جسمانی اثر سے بھی زیادہ ہوتا ہے - چنانچہ اکثر دیکھا گیا کہ فقراء کی اولاد میں بھی فقر کا مادہ زیادہ ہوتا ہے - اور کچھ نہیں تو کسی میں جذب و کشش کی مغناطیسی قوت ہوتی ہے - اخلاق و عادات مولود میں زیادہ تر والدین ہی کے ہوتے ہیں - اسی طرح اگر باپ میں یا ماں میں کوئی متعدی مرض ہوگا تو مولود کی صحت پر اس کا پورا اثر پڑے گا - اس لیے جن لوگوں کو سوزاک ہوتا ہے اور وہ اس کا علاج اچھی طرح نہیں کرتے یا اُس کا مادہ موجود رہتا ہے اور اسی حالت میں جماع کرتے ہیں تو عورت کو بھی ہو جاتا ہے اور پھر جو بچہ پیدا ہوتا ہے وہ بھی اس بلائے بے درماں میں گرفتار ہو کر اپنے ماں باپ کو دعائیں دیتا ہوا پیدا ہوتا ہے اس غریب خاندان بچے کی صحت مدۃ العمر کے لیے خراب رہتی ہے اور چلہ اُس کا مرض خلقی ہے اور ایک سوزاکی مادہ سے اس کی رگ و پے گوشت پوست بنائے گئے ہیں - اس دنیا کی کوئی مؤثر اور تیر بہدف دوا بھی اُس کے لیے مفید نہیں ثابت ہو سکتی -

ایسی ہی آتشک کا حال ہے - بلکہ اور بھی زیادہ تکلیف ہوتی ہے - بچے کو

ہمیشہ خارش پھوڑے پھنسی کی تکلیف رہتی ہے اُدھر جو مادہ پیدا ہوتا ہے زہریلا اثر تمام جسم میں پیدا کرتا ہے ایسے بچے بہت کم زندہ رہتے ہیں اور اگر زندہ بھی رہے تو اُن کی صحت ہمیشہ خراب رہتی ہے - اور اکثر تو یہی دیکھا گیا کہ ایسے دائم المرض لوگوں کے جن کے امراض پیدائشی ہوں اولاد نہیں پیدا ہوتی اور اگر پیدا بھی ہوئی تو نہایت لاغر سست اندام کاہل اور بدشکل ہوتی ہے - جس کے چہرے پر کبھی بشاشت اور شگفتگی ظاہر نہیں ہوتی - اور بیماروں کی طرح ہمیشہ بستر علالت پر پڑے رہتے ہیں یہی وجہ ہے کہ ہندوستان سے روز بروز خوبصورتی توانائی رخصت ہوتی جاتی ہے موجودہ نسلیں جس قدر پیدا ہوتی ہیں - وہ اپنے باپ سے شکل و صورت میں بہت کم درجے کی ہوتی ہیں -

اس کے ظاہری اسباب یہی ہیں جو ہم اوپر بیان کر آئے لوگ ناتجربہ کاری اور ناواقفیت کی وجہ سے اپنے بُرے بھلے کی تمیز نہیں کرتے اور اندھے ہو کر عیاشی میں مصروف ہو جاتے ہیں - اپنی دولت کو تباہ کرتے ہیں اور اگر صرف دولت ہی جانے کا غم ہوتا تو غنیمت تھا -

مشکل تو یہ ہے کہ حصول لذات کے شوق میں اپنی صحت بھی کھو بیٹھتے ہیں اور پھر ہمیشہ کے لیے اُس سے بے بہرہ ہو جاتے ہیں - جب غفلت دور ہوتی ہے اور آنکھ کھلتی ہے تو گھر کی بیوی کی طرف توجہ کی جاتی ہے - اب اگر اولاد پیدا ہوئی تو اُس میں وہ تمام امراض موجود ہوتے ہیں - جن کا علاج کسی حاذق حکیم سے بھی ناممکن ہے - غرض ایک شخص کی بے عنوانیوں کے سبب سے آئندہ کے لیے تمام خاندان کی خلقت خراب ہو جاتی ہے - جس طرح ہم اوپر ایک کلیہ قاعدہ بیان کر آئے ہیں کہ متعدی امراض کا اثر پشت ہا پشت خاندان میں باقی رہتا ہے اسی طرح عمر کا بھی بہت لحاظ کیا جاتا ہے اور عموماً اولاد کی عمر باپ دادا کی عمر سے فی زمانہ کم ہوتی ہے

چنانچہ اگلے وقتوں میں عمریں عموماً سو سوا برس کی ہوا کرتی تھیں گھٹتے گھٹتے پچاس ساٹھ کی نوبت آئی اور اب تو یہ حالت ہے کہ جہاں عمر پچیس تیس سال کی ہوئی کہ عدم کو چل بسے۔ ہائے کیسے کیسے نونہال ہرے بھرے سونہار پودے میری آنکھوں کے دیکھتے ہمیشہ کے لیے اس گلزار عالم میں خشک ہو گئے اور ایسے خشک ہوئے کہ اب انھیں آب حیات بھی تر و تازہ نہیں کر سکتا۔ اگرچہ زندگی موت خدا کے اختیار میں ہے لیکن پھر بھی انسان کی عقل ناقص نے جو فہمیدہ اصول مرتب کیے ہیں اُن پر غور کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ کبھی خود بھی انسان اپنی موت کا باعث ہوتا ہے۔ چنانچہ تھوڑی سی لذت میں منہمک ہو کر بہت سے امراض اپنے سر لے لینا اور ہمیشہ کے لیے مرض بن جانا یہ انسانی اپنی حماقت کا نتیجہ ہے۔

جب مولود کی خلقت اچھی طرح یا کمزوری کے ساتھ ہو جبکی وجہ والدین کی ہے تو درازی عمر کی کیا اُمید ہو سکتی ہے۔ جیسا کہ باغبان اس پودے کی نشوونما سے ہمیشہ ناامید رہا کرتا ہے جو ابتداء ہی سے کمزور اُگا ہو اور اُس کی شاخیں شادابی اور تر و تازگی کے بجائے پیدائشی کمزوری کی وجہ سے روز بروز خشک ہوتی جاتی ہوں اس لیے ہمیں چاہیئے کہ ان ضروری باتوں کے تدارک کا انتظام کریں چنانچہ جس شخص کو اپنی صحت کی طرف سے اطمینان نہ ہو اُسے خاندان کی آئندہ زار حالت پر رحم کھا کر شادی کبھی نہیں کرنی چاہیئے اور جو لوگ شادی کریں انھیں شادی کرتے وقت اس بات کا ضرور خیال رکھنا چاہیئے کہ اپنی ہونے والی بیوی کے متعلق اچھی طرح لائق اطمینان چھان بین کریں۔ خاص کر اسکی صحت کی پوری تحقیق کرنی چاہیئے بلکہ پہلے خاندان کی صحت دیکھنی چاہیئے کہ بعض امراض اُس کے لیئے مخصوص تو نہیں ہو گئے، جیسا کہ بعض گھرانوں میں سل یا دق کا عارضہ کسی گھر میں مرگی جذام وغیرہ امراض ہوتے ہیں۔ ایسی جگہ شادی نہیں کرنی چاہیئے۔ جن امراض میں

انسان خود گرفتار ہو اس مرض کی عورت کے ساتھ بھی شادی نہ کرے ورنہ وہ مرض ترقی کرے گا اور اس کے ہولناک اثر نسلوں میں قیامت تک رہیں گے

شادی کرتے وقت اس کا ہمیشہ خیال رکھنا چاہیئے کہ عورت صحیح البدن ہو اور کسی قسم کی بیماری اُسے لاحق نہ ہو۔ بعض لوگ ظاہری خوبصورتی اور نزاکت کے دلدادہ ہیں لیکن اگر یہ منظور ہو کہ آئندہ اولاد توانا پیدا ہو تو طاقتور موٹی تازی بیوی انتخاب کرنی چاہیئے بھی نقصان پیدا ہوتے ہیں کہ مرد جن امراض میں مبتلا ہوتا ہے۔ انھیں امراض میں عورت بھی گرفتار ہوتی ہے اور پھر آئندہ نسلوں میں وہ امراض بالالتزام پائے جاتے ہیں۔ کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ کوئی مرض چند دن کے واسطے غائب ہو جاتا ہے۔ اور پھر ظاہر ہوتا ہے اس لیے ایسے مریضوں کو چاہیئے کہ جب تک کامل صحت پر پورے دو سال نہ گذر جائیں اُس وقت تک شادی نہیں کرنی چاہیئے

جس طرح والدین کا روحانی جسمانی اثر بچے کی خلقت پر ہوتا ہے اسی طرح ماں کے دودھ کی بھی تاثیر ہوتی ہے اس لیئے ایام خواری میں اُن مائوں کو جو کسی عارضے میں مبتلا ہوں اپنا دودھ بچے کو نہیں پلانا چاہیئے۔

دودھ پینے سے نہ صرف امراض کا اثر بچے کی جسمانی حالت میں ایک انقلاب پیدا کرتا ہے بلکہ اسکی روحانی اور اخلاقی حالت پر بھی اثر پڑتا ہے۔ یہی بہادر سپاہیوں کا عام قاعدہ تھا کہ جب بچہ پیدا ہوتا تو سب سے پہلے اُسے شیرنی کا دودھ پلایا جاتا تھا۔ عقل مند پارسا اور شریف عورت کا دودھ پینے سے بچے میں بھی وہی خصائل آجاتے ہیں۔ اسی طرح رذیل کم عقل بے حیا اور بدسلیقہ عورت کا دودھ پیکر بچے کبھی ہوشیار نیک خیال نہیں ہو سکتے جس عورت کا دودھ کمزور ہوتا ہے اُس کے پینے سے بھی بچے کی صحت خراب رہتی ہے اور لاغری رہتی ہے۔ اس لیے صاحب

اولاد کو چاہیئے کہ وہ اپنی صحت درست رکھنے کے ساتھ ہی بچے کی صحت کا بھی خیال
اور اُسے بیماری یا کمزوری کا ناقص دودھ پلا کر مدت العمر کے لیئے بیمار اور کمزور
نہ بنا دے۔ ورنہ یہ عوارض اُس کے تمام آئندہ نسلوں میں باقی رہیں گے۔

متفرقات

علاج مفلسی

کثرتِ اولاد دنیا کی سب سے بڑی خوشی ہے۔ وہ لوگ بڑی غلطی پر ہیں جو
کثرتِ اولاد کو کثرت مصارف پر محمول کرتے ہیں اور اُن کا اعتقاد ہے کہ اُن کی آمدنی
جس طرح آج کم اولادی کی حالت میں ہے اُسی طرح بہت سی اولاد ہونے پر رہے گی
دراصل اولاد کی کمی زیادتی خدا کے اختیار میں ہے وہی اپنے بندے کو رزق بھی پہونچاتا ہے
چنانچہ اگر کوئی شخص قصداً اپنی قوت تولید کو رزق کے خوف سے کم کرے نہ صرف
خدا کا بلکہ عرف و عقل قوم و ملک کا مجرم سمجھا جائے گا۔ گویا وہ دوسرے الفاظ میں
کہنا چاہتا ہے کہ وہ میں خود اپنی اولاد کا رازق ہوں حالانکہ رزاق علام خدا ہے۔ ہم نے
ایسی سچی نظریں اپنی آنکھ سے دیکھیں ہیں کہ جس قدر اولاد ہوتی گئی اُسی قدر مالی حالت
میں بھی ترقی ہوتی گئی۔ یہ بالکل عقل میں آنے والی بات ہے کہ مال کی کمی بیشی پر موقوف
نہیں اور نہ کوئی یہ کہہ سکتا ہے کہ آج جو میری آمدنی ہے وہی کل بھی ہوگی۔

نشو و نما کے ساتھ تعلیم و تربیت ہونی چاہیئے۔ والدین کو چاہیئے کہ جب بچہ بولنے
لگے تو اُسے مذہبی مبارک اور مقدس نام سکھائیں اور پھر مذہبی مسائل تلقین کریں اور

طب خلوت

جب بچہ پڑھنے کے قابل ہو تو اسے پہلے ملکی زبان پڑھائیں جو اُس کی مادری
ہے۔ اس اثناء میں اس بات کا کامل لحاظ رکھیں کہ لڑکے کی طبعی مناسبت کس
طرف ہے۔ اگر صنعت و حرفت کی طرف بالطبع مائل ہو تو صنعت و حرفت سکھائیں
اگر علوم و فنون کی طرف طبیعت کا رجحان دیکھیں تو ویسا انتظام کریں۔ بچے کی نگہداشت
شب و روز کیا کریں اور جہاں تک ہو سکے خراب اور گندے کھیل کود اور بری صحبتوں
سے محفوظ رکھیں۔

عبرت آمیز قصہ کہانی اور نصیحتوں کی کتابیں دکھائیں جب ہوش سنبھالے تو
جس قسم کی یہ ہماری کتاب ہے اس قسم کی مفید اور ضروری کتابیں دکھائیں
بیس برس کی عمر تک تعلیم اور تحصیل کمال کا زمانہ ہے پھر ملازمت یا تجارت
یا زراعت جو تحصیل معاش کے ذرائع ہیں اُن کی طرف متوجہ کریں اور جب اپنے
کفاف معاشرت کے ساتھ ہی بیوی کے اخراجات کا بار اٹھانے کی طاقت پیدا
ہو جائے تو اس سے رائے لے کر اور اُسکی قابل پسند جائز پسند کو اپنی عارضی پسند
پر مقدم رکھ کر اسکی شادی کر دیں۔ اور بس۔

جریان و سرعت انزال

کثرت کے ساتھ جماع کیا جائے یا بہت دنوں تک ترک کر دیا جائے یا گرم اشیاء
کا استعمال بہت رہے یا کوئی اور عارضہ لاحق ہو تو قلت باہ کی وجہ سے سرعت
انزال لاحق ہوتی ہے۔ اور کبھی بڑھتے بڑھتے جریان ہو جاتا ہے۔ جریان
ایک نہایت خوفناک مرض ہے۔ ہر وقت منی کا قطرہ نکلتا رہتا ہے، آدمی سوکھ کر
کانٹا ہو جاتا ہے اور چہرے کی شگفتگی و رونق بالکل جاتی رہتی ہے۔

آخر میں اس کا علاج بہت دشوار ہوتا ہے اس لیے فوراً متوجہ ہونا چاہیئے۔ ذیل کے نسخے بھی مجرب ہیں۔

نسخہ

موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سنبھل۔ بستارو۔ گندنا۔ تال مکھانا۔ گوند پلاس بریان۔ صمغ عربی۔ مازو سبز۔ نشاستہ گندم۔ مغز تخم تمر ہندی۔ گل دھاوا۔ گل پستہ۔ موچرس۔ گل سپاری۔ بہمن سُرخ۔ بہمن سفید۔ نیچ قلمی۔ سمندر سوکھ۔ طباشیر کبود۔ دانہ الائچی۔ سُرنج مجیٹھ۔ تخم سردالی۔ خارخسک۔ بستگھاڑہ خشک۔ سورنجاں شیریں۔ پوست مولسری۔ پوست کنار صحرائی۔ سب کو کوٹ پیس کر ہم وزن شکر ملالیں اور خوراک میں دو تولے شیر مادہ گاؤ کے ساتھ صبح کو استعمال کرنا چاہیئے۔ اکیس دن تک۔

دیگر! موصلی سیاہ۔ موصلی سفید۔ موصلی سنبھل۔ چیڑ ماقند۔ بیخ بید۔ تال مکھانہ بریان سمندر سوکھ۔ موچرس۔ طباشیر کبود۔ گل دھاوا۔ دانہ الائچی سرخ۔ بہمن سفید بہمن سُرخ۔ ثعلب مصری۔ شقاقل مصری۔ گل پستہ۔ گل سپاری۔ ریشہ برگد۔ نیچ قلمی کشتہ رانگ۔ کشتہ مرجان۔ سب دوائیں مساوی الوزن لیں اور کوٹ پیس کر ایک شبانہ روز برگد کے دودھ میں تر کریں پھر خشک کر کے مساوی الوزن لیں۔ اڑھائی سے لے کر پندرہ ماشے تک گائے کے دودھ میں صبح کے وقت اکیس دن تک استعمال کریں۔ مجرب اور مفید ہے۔

دیگر۔ آرد برنج ساٹھی۔ مغز پنبہ۔ دانہ گوکھرو۔ صمغ عربی۔ موصلی سیاہ موصلی سفید۔ مغز تخم تمر ہندی۔ گل دھاوا۔ سمندر سوکھ۔ موچرس۔ دار چینی زنجبیل۔ دانہ الائچی سرخ۔ خولنجان۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ گل دھاوا

سادی الوزن شکر ملا دیں ایک تولہ صبح کو کھایا کریں۔

دیگر: ثعلب مصری۔ شقاقل مصری۔ تودری۔ ہر چہار خولنجان۔ زنجبیل دار چینی۔ موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ تخم تمر ہندی مقشر۔ نال مکھانہ۔ ہر ایک ایک تولہ۔ مایہ شتر اعرابی۔ زعفران چھ چھ ماشہ۔ آرد فرما دو تولہ سب کو پیس کر ہم وزن مصری ملالیں۔ صبح کو دو تولہ کھا کر اوپر سے گائے کا دودھ آدھ سیر پی لیں جس میں دس خرما دس کشمش چھ گرہ سونٹی کی بوشش دی گئی ہوں۔

سوزاک

یہ بیماری دو قسم کی ہوتی ہے۔ ایک طبعی اور دوسری عارضی۔ طبعی کا علاج تو تقریباً محال ہے، عارضی میں اگر جلد کوشش کی جائے تو صحت ہو جاتی ہے اس کے پیدا ہونے کے متعدد اسباب ہیں۔ احتلام میں منی کا اچھی طرح سے خارج نہ ہونا اور منی کا نکل کر اندر ہی رہ جانا۔ جماع میں کسی وجہ سے منی کا کوئی قطرہ باقی رہ جانا۔ عورت کی منی کا کسی بے عنوانی سے رہ جانا۔ ایام حیض میں عورت سے مباشرت کرنا۔ سوزاک کہنہ کا مریض جس جگہ پیشاب کرے۔ اسی جگہ اسی وقت پیشاب کرنا یہ سوزاک پیدا ہونے کے اسباب ہیں۔

نسخہ!

جوا کھار۔ شورہ قلمی۔ ریوند چینی۔ تین تین ماشہ ان تینوں کو باریک پیس کر مادہ کے ساتھ استعمال کریں۔ شام کو دودھ اور چاول غذا میں کھائیں۔

دیگر:۔ گل ارمنی۔ کباب چینی۔ الائچی کلاں۔ شب یمانی۔ اصل السوس نفسر شنجراحت چھ چھ ماشہ۔ نبات سفید ایک تولہ ملا کر سفوف بنالیں اور چھ روز تک استعمال کریں۔

دیگر! حب کاکنج - شب یمانی بریان چھ چھ ماشہ - کباب چینی چار ماشہ - ریوند چینی ۲ ماشہ توتیا بریان ایک ماشہ - باریک کر کے سفوف بنالیں - جسکو عرق گاؤزبان کے ساتھ چھ چھ ماشہ استعمال کریں۔

دیگر! قاقلہ کبار نو ماشہ - سنڈہ قلمی - ایک تولہ سنگجراحت تین ماشہ باریک کر کے ایک تولہ مصری ملائیں اور سرد پانی کے ساتھ چھ ماشہ روزانہ صبح کو استعمال کیا کریں

دیگر! حب کاکنج تین ماشہ تخم خربوزہ نو ماشہ - تخم کاسنی - نیلوفر ایک ایک تولہ تخم خرفہ نو ماشہ - شب کو پاؤ بھر تازے پانی میں تر کریں - صبح کو آب گل لے کر شربت بزوری بارد دو تولہ ملائیں اور کتھ سفید - دم الاخوین - سنگ جراحت ایک ایک ماشہ باریک پیسکر چھڑکیں اور نوش کریں۔

دیگر! طباشیر - دانہ الائچی خرد - ست گھو - کباب چینی پیسکر شیرہ تخم خبازیں نو ماشہ ملا کر نوش کریں۔

دیگر! شورہ قلمی - نیل ولایتی - کات سفید - حفص ہندی - چار چار ماشہ توتیائے سبز بریان - چار مغز - پھٹکری بریان چار ماشہ باریک کر کے عرق نیب میں ملائیں اور پچکاری میں بھر کر تین دن استعمال کریں - تین دن کے بعد دہی کے پانی میں تین دن دودھ بکری کے میں استعمال کریں۔

دیگر! آب برگ نیپ - بیخ کیلہ دو دو تولہ - سہاگہ بریان - شب یمانی بریان چھ چھ توتیائے سبز بریان تین ماشہ - شیر نیم پاؤ سیر - لوبان - سنبدہ کاشغری - طباشیر کبود - چھ چھ ماشہ آپس میں سب دواؤں باریک پیس کر ملائیں اور پچکاری میں بھر کر استعمال کریں۔

آتشک

یہ بھی ایک نہایت خوفناک مرض ہے - کثرت جماع اور نیز دیگر امراض سے پیدا ہوتا ہے ایک دانہ عضو خاص پر نکلتا ہے - اور پھر اس سے زہریلے اثر سے تمام جسم پر دانے نکل آتے ہیں - اندرونی حصے میں زخم پڑ جاتے ہیں - اور انتہا کی سوزش ہوتی ہے - آدمی اگر آتشک میں مبتلا ہو گیا تو دنیا ہی میں اُسے اپنے اعمال بد کی سزا مل جاتی ہے - اور دوزخ کی تکلیفوں کا اندازہ ہو جاتا ہے اگر اس مرض کا علاج فوراً نہ کیا گیا تو بہت جلد یہ ترقی کرتا ہے اور انجام کار اسکی صورت نہایت سخوف ناک ہو جاتی ہے - ناک بیٹھ جاتی ہے دماغ پھٹ جاتا ہے - عضو خاص خزاں رسیدہ پتوں کی طرح جھڑ سے جھڑ جاتا ہے لوگوں کو عبرت حاصل کرنی چاہیے۔

آتشک کا نسخہ:

رومی مصطگی - افیون درماشہ - رال چار ماشہ - بھٹ کٹیا کا پھل - پانچ عدد کوٹ چھان کر قند سیاہ ملا کر چودہ گولیاں بنالیں - صبح کو کھانے سے پہلے ایک گولی اور شام کو کھانے سے پہلے ایک گولی کھانی چاہیے - مگر گولی دانت سے نہ چبونے پائے۔

مرہم - پارہ دو ماشہ - نیلہ تھوتھا خام دو ماشہ - ملتانی مٹی چار ماشہ سب کو کھرل کریں اور تھوڑا پانی ڈال کر گولیاں بنالیں - خشک گولی کو گھسکر زخم پر دو تین مرتبہ لگائیں۔

دیگر! عقرقرحا چار ماشہ - جوپھل چار ماشہ - نیلا تھوتھ - شنگرف سنگجراحت مردار سنگ چار چار ماشہ ان سب کو باریک پیسکر گیارہ پڑیاں

برابر برابر باندھ لیں اور ایک پڑیا کو مع کاغذ کے چلم میں رکھ کر دم لگائیں۔ حقے میں پانی نہ ہونا چاہیے۔ جب پڑیہ جل کر خاک ہو جائے اس خاک کو سے کر زخم پر ڈالنا چاہیے۔ تیسرے پہر گیہوں کی روٹی بے نمک کی روغن زرد کے ساتھ استعمال کریں اور شام کو بھی یہی غذا کھائیں۔ پانی نہ پئیں ہاں مرغ کا یخ کریں۔

دیگر: قند سیاہ کہنہ چار تولہ۔ مردار سنگ چھ ماشہ گیرو دو تولہ۔ پڑیا کتھ۔ مزج سیاہ دو ماشہ۔ سب کو کوٹ کر تین روز تک اوکھلی میں تمنہ سیاہ کے ساتھ کوٹیں اور پھر سات گولیاں بنالیں اور ایک آم کے اچار کے ساتھ کھائیں۔

دیگر۔ ہلیلہ زنگی آدھ پاؤ۔ نیلا تھوتھہ دو دام۔ لیموں کے پانی میں تیرہ پہر کھرل کریں۔ اور کوکنار صحرائی کے برابر گولیاں بنالیں۔ صبح کے وقت لیموں کے عرق میں ایک گولی کھائیں۔ اور اگر زخم پڑ گیا ہو تو گولی مذکور کو عرق لیموں میں پیسکر لیپ کریں امید ہے کہ سات روز میں فائدہ ہوگا اور چالیس دن متواتر استعمال کیا جائے تو مرض کا نام نہ رہے گا۔

(تمت بالخیر)

رسالہ معالجات۔

ادویہ مرکب دافع جریان منی

سفوف حاکم تالیف سید نور علی کہ جریان کہنہ کے واسطے بینظیر ہے ص بیخبند موصلی سیاہ۔ موصلی سفید۔ تالکھانہ۔ سمندر سوکھا۔ چھال سنبھل۔ چھال مولسری۔ صمغ سیتل تخم اوٹنگن۔ سپستان۔ برم ڈنڈی۔ پھلی بیج۔ سیدہ لکڑی ہر ایک ایک تولہ۔ پھلی ہول گوکھرو ہر ایک پانچ تولہ۔ کوٹ چھان کر شکر تری ملا کر ہر صبح یک کف دست دودھ کے ساتھ کھائیں۔

سفوف ہاشمی - تالیف حکیم میر ہاشم جریان کے واسطے اکسیر ہے ص بیخبند سمندر سوکھ۔ ستاور۔ موصلی سفید۔ تخم تمر ہندی مقشر۔ سروالی۔ موصلی سنبل۔ بیج۔ تالمکھانہ خشخاش سفید۔ دانہ ہبل۔ سنگھانہ خشک مساوی کوٹ چھان کر شکر سفید مساوی شریک کر کے یک مثقال ہمراہ دودھ کے پئیں۔

سفوف: تالیف حکیم کبیر علیخاں صاحب۔ اوس جریان کے واسطے جو حدت منی کے باعث واقع ہو بعدیل ہے۔ ص۔ طباشیر۔ صندل سفید۔ کہربا۔ تخم خشخاش گل ارمنی خیسۃ الثعلب موچس دانہ ہیل تخم خرفہ بریان کشنیز۔ مقشر ہر ایک کتولہ

سنگھاڑہ خشک تین تولہ نبات سفید مساوی مقدار شربت ۷ ماشہ ہمراہ شیر

سفوف ماسکہ المنی:

جو سیلان قوی کو منع کرتا ہے۔ ص۔ شقاقل ثعلب مصری تال مکھانہ تالمکھانہ گل بنفشہ گل بہی دانہ گل ہبول۔ گل دھادہ تج سیدہ لکڑی ہر ایک چھ ماشہ مغز تخم تمر ہندی دال ماش مقشر ہر ایک چار دام شکر سفید مساوی کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور ایک تولہ صبح کو شیر کے ساتھ اور نو ماشہ شام کو آب سرد کے ہمراہ مداومت کریں۔

سفوف بیجند۔

کہ جریان منی کے واسطے مجرب ہے۔ ص تخم ابہل بیجند ہر ایک پانچ دس ماشہ خار خشک تال مکھانہ اندر جوشیریں ہر ایک پونے دو تولہ سپستان سات تولہ سفوف بنا کر مساوی نبات شریک کر کے کمتولہ تازے پانی کے ساتھ دیں۔

سفوف:

کہ جریان کے واسطے نفع ہے۔ ص مغز تخم تمر ہندی جو پانی میں تر کر کے نکالا ہو یک تولہ مغز تخم لکائن صندل سفید ہر ایک سات ماشہ خوراک دو مثقال ہمراہ شیرہ بزور مانند خوفہ و خیارین و خشخاش ہر ایک سات ماشہ شربت نیلوفر و خشخاش دو تولہ۔

سفوف۔

مجربہ حکیم صدرالدین خانصاحب جریان منی کے لیئے اکسیر ہے۔ ص موصلی سفید چار تولہ تج سیدہ لکڑی موصلی سفید ہر ایک دو تولہ صمغ عربی صمغ چینہ موچرس اندر جوشیریں مغز پستہ تال مکھانہ تخم سرو دال ثعلب مصری سپستان ہر ایک یکتولہ طباشیر کتیرا ہر ایک چھ ماشہ نبات سفید مساوی اور یہ خوراک یک تولہ ہمراہ کشتہ قلعی یک تی کے شیر مادہ گاؤ کے ساتھ۔

سفوف برنج:۔

تالیف استاد صاحب اکسیر اعظم کہ جریان کے واسطے کثیر النفع ہے

ص۔ چھال گولر چھال گوندنی ڈھاک چھال ببول چھال سیندل چھال لسوڑہ چھال بیری چھال جھربیری چھال مولسری ہر ایک یک تولہ ریزہ ریزہ کر کے دیگچی میں ڈال کر سیر بھر پانی میں جوش دیں جب تھوڑا پانی باقی رہے اس میں برنج ساٹھی یک سیر داخل کر کے جوش دیں جب پانی خشک ہو جاوے اس کو نکال کر سائے میں خشک کر کے آدھ سیر اس میں سے بھون کر بیس کرنبات سفید برابر ملا کر یک تولہ ہر روز شیر مادہ گاؤ کے ساتھ کھائیں۔

سفوف فلہ:

حکیم رضا علی خاں صاحب کہ جریان منی کے واسطے اکسیر ہے۔ ص شیر مادہ گاؤ کا جو اوّل مرتبہ بچی ہوا اور پوسی کا ظرف گلی میں نچوڑ کر خشک کریں بعدہ کچے پھل سپستان کے کہ جس گٹھلی نہ بنی ہو اور کچے پیلے پھلیاں ببول کے اور کچے پھل آم کے چنے کے دانے برابر خشک کر کے برابر دودھ خشک کردہ کے کوٹ

چھان کر سفوف بنائیں اور ہم وزن شکر تری ملا کر رکھ چھوڑیں خوراک نو ماشہ ہمراہ دودھ تازہ کے استعمال کریں۔

سفوف

حکیم محمد گل کے کراقسام جریان کے واسطے مفید ہے ص۔ خار خشک ابابر تولہ سنگھاڑہ خشک بریح ساٹھی مغز کنول گٹہ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ مال کانگنی سات ماشہ ہو چرس سمندر سوکھ سروالی ہمیند ہر ایک ساڑھے تین ماشہ نبات سفید سادی خوراک یک تولہ۔

سفوف کہویہ:۔

مجرب قاضی ارتضا علی خاں صاحب کر جریان منی کے واسطے بعدیل ہے ص۔ ثعلب مصری پوست برم ڈنڈی زرد موصلی سفید میدہ لکڑی گل برم ڈنڈی ہر ایک دو تولہ کوٹ چھان کر دیگچہ قلعی دار میں آدھ سیر دودھ کے ساتھ خوب کوشر کرکے علی الصباح سوا سیر دودھ اور اضافہ کرکے جوش دیں تاکہ بہت گاڑھا ہو جائے۔ بعدہ مصطگی ایک تولہ پیس کر ملائیں اور چند مٹی کی نئی رکابیوں میں اوندھی سے چوب کرکے تھوڑا تھوڑا کہویہ بچھا دیں جب خشک ہو جاوے اُسے جدا کرکے ہاتھ سے مل کر شکر ملا کر نہار نو ماشہ دودھ کے ساتھ نوش کریں۔

معجون:

حکیم ساجد خان کر استر خار خلط منی سے جو جریان واقع ہو اُس کے واسطے نافع ہے۔ ص ثعلب مصری بہمن سفید دار چینی دار سبل تخم انجبہ

موصلی سیاہ موصلی سفید ضمع عربی تو بہ ہر ایک قسم پوست بیخ اوندھ ہر ایک ایک تولہ شکر بقدر ضرورت سفید ہم وزن قوام بنا کر حسب معمول عمل کریں۔ خوراک نو ماشہ۔

معجون:

مجرب حکیم باقر حسینی کر جریان کہنہ کے واسطے بجیب الفعل ہے۔ ص مغز بادام مقشر دو تولہ مغز نارجیل ڈیڑھ تولہ ملک البطم تین ماشہ مغز چلغوزہ یک تولہ مصطگی دو ماشہ صمغ عربی نشاستہ ثعلب مصری ہر ایک چھ ماشہ کبیرا طباشیر دار چینی دانہ ہیل ہر ایک چار ماشہ نبات سفید دو چند بدستور معجون بنائیں۔

معجون:

حکیم مرزا علی شریف کر سیلان منی و مذی کے واسطے سریع التاثیر ہے۔ ص ثعلب مصری صمغ عربی ہیل بیول بہمن سرخ شقاقل گل نار فارسی پوست بیخ مغیلان کشنیز خشک گل پستہ گل سپاری شہدانہ بسباسہ عود الصلیب خولنجان طباشیر جفت بلوط صمغ سنبل خرفہ آملہ منقی صندل سفید آرد بلوط ہر ایک ساڑھے چار ماشہ تخم خرفہ مقشر تخم خشخاش مغز پستہ مغز جبۃ حب النخر امغز چلغوزہ نرنار جبیں مغز بادام مغز فندق ہر ایک سات ماشہ مصطگی ملک البطم دو پت ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ ہر ایک سات ماشہ روغن گاؤ میں چوب کرکے دو چند نبات سفید کے ساتھ قوام میں خمیر کریں۔

ادویہ مرکب نافع سُرعت انزال

حب ثعلب :۔

کہ سرعت انزال کے واسطے مجرب ہے۔ ص۔ خصیۃ الثعلب مصطگی رومی لاک جھربری تینوں مساوی شیر درخت بڑ میں بقدر جنگلی بیر کے حب بنائیں اور ایک حب دودھ کے ساتھ چالیس روز تک کھائیں۔

حب جدوار :

تالیف صاحب اکسیر اعظم کہ سرعت انزال کے واسطے بنظیر ہے۔ ص جدوار بنفسجی کہربائے شمعی زعفران کشمیری دارچینی قلمی جوز بوا مصطگی رومی صمغ عربی عود ہندی ابریشم مقرض ہمن سفید رب السوس ہر ایک ساڑھے تین ماشہ مایہ شتر اعرابی سوا پانچ ماشہ خولنجان خصیۃ الثعلب مغز بادام مقشر تخم کاہو مقشر تخم خشخاش سفید مغز تخم کدو سے شیریں ہر ایک سات ماشہ افیون خالص ادویہ کو کوٹ چھان کر روغن بادام میں چرب کر کے پوست خشخاش کے پانی میں حبوب بقدر مونگ کے بنائیں اور ورق نقرہ لپیٹ کر کھائیں تبدریج مفرد نخود تک پہونچائیں دوا کہ سرعت انزال اور بند کشادہ کو نافع ہے

ص۔ چھال گولر کی چھال سپنل کی گوند اور پھلی ببول پتی ببر کے سائے میں خشک کر کے کوٹ چھان کر یک کف دست آب سرد سے کھائیں اور ترشی سے پرہیز رکھیں۔ دواء کہ سرعت انزال اور بند کشادہ اوپر مذکور ہوگی۔

سفوف : تالیف حکیم قربان علی خان صاحب کہ تغلیظ منی اور سرعت

انزال کے واسطے انفع ہے۔ ص۔ بیجبند موصلی سیاہ موصلی سفید کیترا بہمن سرخ مغاث دانۂ الائچی کلاں مغز تخم کوہنچ شقاقل چینی گوند موچرس تخم انگن سروالی موصلی سپنل کھیلا کھیلی تودری سرخ و سفید سیدہ لکڑی کشتہ قلعی خار خک تخم قنب ہر ایک کبتولہ مصطگی جوز جندم الائچی خورد مع پوست کباب چینی پھلی سورنجان بوزندان طباشیر دارچینی زنجبیل ہر ایک چھ ماشہ عاقرقرحا نیلوفر ماشہ مالکھانہ بریان تخم خشخاش سفید تخم بقشر حب السنہ مغز پستہ مغز پنبہ دانہ مغز تخم ٹریزہ مغز تخم قرطم ہر ایک دو تولہ خربق سفید چھ ماشہ سلیخہ ڈیڑھ تولہ مغز بادام مغز تخم خربوزہ مغز تخم قرطم ہر ایک دو تولہ خربق سفید چھ ماشہ سلیخہ ڈیڑھ تولہ مغز بادام دو تولہ سفوف بنا کر یک تولہ آدھ پاؤ شیر مادہ گاؤ کے ساتھ استعمال کریں۔

سفوف :۔

مجرب از حکیم چھوٹے صاحب کہ سرعت انزال کے واسطے سریع الاثر ہے

ص۔ پوست بیخ کھرنی سپستان ثعلب مصری موصلی سپنل ستاور تخم ترنجبی مقشر خشخاش سفید مغز ڈھاک بیجبند مغز تخم انبہ ہر ایک چھ ماشہ سفوف بنا کر نو ماشہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ کے نہار کھائیں

سفوف :۔

حکیم محمد گل سرعت انزال کے واسطے نہایت مفید ہے۔ ص۔ چھال سپنل چھال انجیر باغی سپستان بجر دنتی پھلی ببول سیدہ لکڑی تخم ستاور قنب پوست بیخ کھرنی کیترا گوکھرو مساوی کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور نبات سفید برابر ملا کر سات ماشہ سے نو ماشہ تک آب سرد سے نہار پئیں۔

سفوف :

مجرب قاضی اقتضا علی خان صاحب، خرد مقشر دو تولہ کرس نو ماشہ

کشنیز خود۔ تولہ شگوفہ انار شگفتہ یک تولہ دانہ الائچی خورد یک تولہ تخم [illegible]
ہلیلہ ہر ایک ۱ تولہ نبات سفید مساوی خوراک یک تولہ ہمراہ شربت خوشخاش
کھائے۔

معجون۔

تالیف حکیم شریف خاں سرعت انزال کے واسطے اکسیر ہے۔ ص
زبوا دو حصہ آملہ ۱ خرخار خشک ہلیلہ ببسا سہ خرفہ خولنجاں حب بلسل ہر ایک
تین حصہ حب الاس زعفران ہر ایک دو حصہ دار چینی زنجبیل ہر ایک تین حصہ
کوٹ چھان کر ۲ چند خالص میں خمیر کریں خوراک یک ٹانک

معجون حابس:

حکیم عابد سرہندی سرعت انزال کے واسطے نہایت نافع ہے ص
آملہ سنگھاڑہ۔ خرفہ کمع پلاس کھلا کھیلی مائیں گجراتی مازو نشاستہ سپستان
گل نار پھلی ببول آرد نخود بریاں تج خار خشک نچھلکی جوزبوا جوتری موچرس
فاقلین گیرو تمام مساوی سہ چند شہد خالص میں معجون بنائیں۔

معجون رضائی

حکیم رضا علیخاں خان صاحب کہ سرعت انزال کے واسطے موثر ہے
ص۔ پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ آملہ خرما بھونا ہوا ثعلب مصری سیدہ لکڑی
خشک موصلی سیاہ۔ موصلی سنبل تخم کوٹ سنگھاڑہ خشک
مغز کنول گٹہ سپستان اندرخربزہ مغز تمر ہندی ہر ایک سات ماشہ گل نار
شہد ۱ جوائن جب الاس زیرہ سیاہ کشنیز تر طباشیر کوچلہ درخت بڑ مصطگی

بوط بیخ سرو دالی لودہ جو مل بھونا ہوا ہر ایک ساڑھے تین ماشہ بھوپھلی پھلی
ببول تخم گذر ہر ایک ایک مثقال نبات سفید سہ چند حب معمول معجون بنائیں

معجون سپند

کہ مجرب اور معمول ہے۔ ص۔ عاقرقرحا اسپند قرنفل عود غرقی دار چینی
زنجبیل کباب چینی ہر ایک سات ماشہ نبات سفید دس تولہ الطریقی معرف معجون
بنائیں۔

ادویہ مرکب ممسک

حب ممسک:

کہ مجرب اور معمول ہے ص جوزبوا ببسا سہ افیون مازو اسپند مصطگی
زعفران ناگیسر موچرس تج گوند کھلی سپاری چھالیہ دانہ الائچی خورد طباشیر اجوائن
خراسانی ہر ایک یک ماشہ باریک پیس کر لعاب اسبغول اور بہدانہ میں موافق جنگلی
بیر کے گولیاں بنائیں اور ضرورت کے وقت یک حب آب تازہ کے ساتھ کھائیں
بعد چار گھڑی کے دودھ تازہ گرم کر کے نوش کریں۔ اوتمارا اس حب کا
نمک لاہوری کا کھانا ہے۔

حب نشاط۔

کہ امساک میں بے نظیر ہے۔ ص جدوار بنفشہ افیون خالص زعفران
دار چینی ببسا سہ ہر ایک یک ماشہ مغز بادام جوزبوا خولنجاں ثعلب مصری ہر ایک
دو ماشہ برگ قنب برابر تمام اجزا کے کوٹ چھان کر گولیاں بنائیں۔ اور

اور موافق عمل مزاج کے کھائیں۔

حب منشط:

تالیف حکیم محمد زمان اسہال منی کے واسطے مجرب ہے۔ ص۔ اسارون خرد تخم کرفس دارچینی ریوند چینی سنبل الطیب مصطگی ہر ایک ساڑھے چار ماشہ حب الفار عاقرقرحا قرنفل لبسا سہ صمغ عربی ہر ایک نصف مثقال بزرالبنج فلفل سیاہ ہر ایک ڈیڑھ مثقال افیون ڈھائی مثقال فرقیون ربع مثقال کو چھان کر گلاب میں حبوب بقدر دانہ نخود کے بنائیں اور چار گھڑی قبل چوتھے یک حب کھائیں۔

حب مومیز

تالیف مومن خان کہ نہایت مقوی و مسک ہے۔ ص مومیز عاقرقرحا عسل یک سو عدد بیخ شوکران بزرالبنج ہر ایک چودہ ماشہ ڈیڑھ سو مثقال پانی میں جوش دیں تا پانی مطلق جذب ہو جائے۔ پیس کر موافق گھونگچی کے گولیاں بنائیں اور ایک حب استعمال کریں۔

حب مسک علونجانی

کہ جس میں افیون نہیں ہے نہایت مفید ہے ص۔ عاقرقرحا ساڑھے تین ماشہ تخم ریحان دو تولہ آٹھ ماشہ قند سفید نودرم کوٹ چھان کر گلاب بنائیں اور ساڑھے تین ماشہ کھائیں۔ جب تک ترشی لیموں کی نہ پیئں اتزال نہ ہوگا۔

حب مسک:

حکیم صدرالدین خاں صاحب نہایت سودمند ہے۔ ص۔ بہروزہ خام یک حصہ برگ قنب ڈیڑھ حصہ ہیں کر برابر دانہ منڈی کے حبوب بنائیں یک حب آخر روز کھائیں اور پراس کے غذا سے شیریں نیم شکم کھائیں اور ایک حب وقت عشا کے بعد اس کے مباشرت کریں۔

حب امسک:

حکیم عمادالدین شیرازی کہ حرارت کم رکھتی ہے۔ ص تخم کدو چھ ماشہ اسپند سوختنی نو ماشہ بزرالبنج پانچ ماشہ تخم بنگ آٹھ ماشہ نخود بریان سات ماشہ افیون تین ماشہ زعفران چار سرخ کوٹ، چھان کر آب تر کردہ پوست خشخاش میں مقدار جنگلی بیر کے حبوب بنائیں وقت کے یک حب کھائیں

روغن مسک:

کہ مقوی باہ بھی ہے ص۔ کچلا ہوا بن خرسانی پوست بیخ کبر سفید دال گھونگچی سفید تخم دھتورہ سب کو کوٹ کر روغن کنجد میں خوب چرب کر کے شیشی آتشی میں مانند بو یہ کے پکائیں ضرورت کے وقت کام کریں۔

سفوف نادر:

کہ امساک کے واسطے بعدیل ہے۔ ص جوز بوا جوکوب کر کے آب

پوست خشخاش میں سات مرتبہ تر کر کے خشک کریں بعدہ قرنفل از نصف
قرنفل شکر طبرزد گاؤزبان سب مساوی جوز پیدہ کے کوٹ چھان کر معجون
بنائیں۔ اوّل مقدار یک درم شام کو کھائیں بعدہ مقدار مناسب استعمال کریں۔

شیاف غریب:

کہ اسباب میں اکسیر ہے۔ ص۔ تبہ روہو مچھلی کا اور رس کٹائی کا
از نصف ماشہ کافور بھیم سینی شریک کر کے حل کریں اور شیاف جو کے آٹے
طیل بنا کر خشک کریں۔ ضرورت کے وقت ایک حلیل میں رکھیں کہ بعد
یک ساعت کے لغوذ اور امساک لاتا ہے۔

شیاف موثر:

کہ نہایت عجیب ہے۔ ص گھونگچی سفید ریگ ماہی کافور بھیم سینی ہر یک
مساوی سے کر باریک پیکر شیرہ مارکٹائی میں حل کر کے مانند ریزہ کے گولیاں
بنائیں اور ایک سوراخ قضیب میں رکھیں جب حرکت محسوس ہو دور کریں

ضماد مقوی:

کہ امساک اور تقویت قضیب کے واسطے اکسیر ہے۔ ص۔ پوست بیخ اگہ دو تولہ
برادہ کچلہ یک تولہ پوست بیخ کنیر سفید چار تولہ سب کو کوٹ کر رس میں بیخ
کبوڑا کے اور گائے کے پتے کے حل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں
ضرورت کے وقت پوست خشخاش کے پانی میں گھسکر طلا کریں

ضماد شگرف:

حکیم میرزا علی شریف کہ نہایت موثر ہے۔ ص۔ برادہ کچلہ پوست بیخ کنیر
چودہ ماشہ دھورہ کے رس میں پیکر چنے کے دانے کے برابر حبوب بنائیں
ضرورت کے وقت یک حب کا استعمال کریں۔

ضماد عجیب:

بیخ تمر ہندی سیماب کافور مساوی ہمراہ شیرادہ گاؤ کے حل کر کے کف پاپیہ
لپیٹ کر حب خشک ہو جائے مجامعت کریں۔

طلائے ممسک:

حکیم ہرام ستجانی بنری کنول گٹھ اندر کے چار عدد خرول سپندرہ عدد اسپند
گیارہ عدد دھتورہ دس عدد پوست بیخ حنظل ایک سُرخ مثل غبار کے پیکر پانی
میں حل کر کے کف اور پاپہ طلا کریں بعد ایک پہر کے مشغول ہوں۔

طلائے قوی:

حکیم دمتر شیر زقوم اور شیرادہ گاؤ مساوی سے کر تمام روز دھوپ
میں رکھیں رات کے وقت کف پاپہ ملیں حب خشک ہو جائے بعد دو
گھڑی کے مجامعت کریں۔

کثرت احتلام

اسباب اس کے مانند سیلان منی کے ہیں۔ جیسے قلت جماع۔ شدت
قوت دافعہ، حدت منی اسی قدر ظرف منی۔ کثرت تفکر جماع لیکن اس مرض

ہیں اکثر منی جامد رہتی ہے۔ بہ سبب سردوت عضو تناسل کے پس اس میں تحریک
اور تحریک منی اور تولد قبض نہیں ہوتا لیکن خواب میں بسبب توجہ حرارت کے غرق
باطن کے اور علامات بھی وہی ہیں۔ جو سیلان میں مذکور ہوئے۔

علاج۔

اگر قلت جماع سے ہو۔ جماع باعتدال کریں۔ اگر شدت قوت دافعہ
ہو ادویہ و غذا یہ حمارہ مذکورہ سے معالجہ کریں۔ اگر رقت منی سے ہو تغلیظ اس کی
کریں اگر تیزی اور حرارت منی سے ہو کاہو عدس مقشر کے ساتھ تناول کریں اور تخم
کاہو آب خرفہ کے ساتھ پئیں اگر استرخاء ظرف منی سے ہو تقویت موقع کی ایسی
ادویہ کے ساتھ کریں کہ جس میں حرارت مع قبض ہو مانند تودری اور سرو بان پرکیان
اور برگ بید اور گل سرخ اور نیلوفر اور سنبھالو کے سوئیں جالینوس کا قول
ہے کہ سیدھے طرف سونا احتلام کو کم کرتا ہے اور انطاکی کہتا ہے کہ قرنفل مفلسلت
اور سداب پر سونا مجرب ہے اور ڈیڑھ تولہ کی کتھیل کی تختی پشت پر باندھنا اور
ہدہد اور قنفذ اور پوست عدس اور استخوان سنگ پشت کا بخور لینا نافع ہے اور
سونگھنا مرزنجوش کا بھی مفید ہے اور مولف اقتباس کہتا ہے۔ کہ تقویت اعضاء
رئیسہ و مرؤسہ کی کرنا اور روغن زیرہ کرگاہ پر ملنا مفید ہے اور ہمیشہ جوز بوزکوسہ میں
رکھنا ایک ہفتہ میں اس علت کو دفع کرتا ہے۔ اگر یہ تدبیر نفع نہ دے اول ہفت اندام
کی فصد کریں اور مسہل بلغم دیں کہ جس میں مقویات بلغم بھی شریک ہوں بعدہ قلیہ گوشت د
میش کا کہ جس میں برگ شبت یا بقیۃ الحلبہ ہوں نان تنوری کے ساتھ دیں کہ تین روز
میں اس مرض کو دفع کرتا ہے۔ اور محرور کے واسطے چانبا کاہو مقشر کا تین ماشہ ہمراہ
مساوی نبات کے دنیں تین چار مرتبہ مجربات سے ہے اور اسی طرح کشنیز خشک
اور تخم کاہو اور تخم خرفہ اور مبرودین کے واسطے لگانا بزرالبنج سفید سیاہ کا شب

سو بیں ماشہ اور اسی طرح تودریں اور تخم فرنجشک زیرہ سفید کے
دارا شکوہ میں لکھا ہے کہ پینا شیرہ گگرہ مدودہ کا دو چلوئی تولہ نہار تین روز میں
اس مرض کو دفع کرتا ہے اکثر کثرت احتلام ساتھ سوزش اور درد اصیل اور خفقان
اور ضعف اور زردی لون منی کے ہوا اول فصد سافن کھولیں۔ اور شیرہ تخم فرنجشک
ماشہ تخم لبلاب افروزتین ماشہ اور غذا میں قورمہ بزغالہ اور پلاؤ اور مربائے شماس
وانبدہ کرونداہو اور چوتھے روز برگ باسلیق کھولیں اور ماء الجبن پلائیں۔ اور
صاحب شفاء الاسقام لکھتا ہے کہ بعضے لوگوں کو احتلام بہت ہوتا ہے باوجود
بطور انزال اور ضعف شہوت اور کم قادر ہونے جماع پر اور یہ بسبب جمود رہنی
منجمد ہونے منی کے ہے بسبب سے غلبہ سردی کے منی میں یا برودت ظرف
منی کے پس حالت خواب میں بسبب توجہ حرارت کے باطن کے طرف منی اور ظرف
منی گرم ہو کر احتلام ہوتا ہے۔ علاج ایسے مریضوں کو اغذیہ و اشربہ مسخنہ مدرہ
سے کریں اور مالش روغن ہائے گرم کی کریں اور مانند روغن قسط اور زرنبق
اور نرگس اور بان کے تھوڑے جند بیدستر اور فرفیون کے ساتھ حل کر کے۔

روغن ہا

روغن نکھنی:

کہ تقویت باہ استرخائے قضیب کے واسطے عجیب الاثر ہے۔ ص عاقرقرحا
قسط بلخ مال کنگنی تخم دھتورہ سیاہ پوست بیخ کبر سفید مرچ سرخ گھونگچی سفید
فرفیون بسباسہ کچلہ بچھناگ سیاہ بیر بہوٹی حلتیت ہر ایک دو تولہ نکھنی یا در سیر کوٹ
چھانکر زردی بیضہ مرغ یا شیر بز میں تین روز حل کریں بعدہ جوب نباکر آتشی

شیشی میں روغن نکال کر چھوڑیں اور دوسرے قضیب پر طلا کریں اسی طرح دو ہفتہ طلا کرکے برگ پان باندھیں اور آب سرد کے آب دست لیجئے اور غسل کرنے سے اور ترشی اور بادی اور حرکت کثیرا اور جماع اور غم و ہم اور خوف و خجل اور فکر و تشویش اور اشیاء بارد کے استعمال سے پرہیز کریں اور غذا مناسب مقوی و مہیج و صالح تناول کریں بفضلہ تعالیٰ کامیاب ہوں گے۔

روغن اعجاز:۔

حکیم محمد گل کا استرخائے قضیب و حلق و اغلام کے واسطے اکسیر ہے

ص۔ خراطین خشک زلوے کلاں ہر ایک تین تولہ بیر بہوٹی ۱۱ گنگنی میٹھ تیلیہ گھونگچی سفید قرنفل دارچینی موصلی سیاہ تخم کونچ تجمبل پوست انار ہر ایک دو تولہ ربنور پانچ تولہ پوست بیخ کنیر سفید پادسیر ریگ ہای جبرہائے کلاں خرچنگ کرشدم سیاہ سرنار سیاہ ہر ایک دو عدد ادویہ کو کوٹ کر اور جانور کو ریزہ ریزہ کرکے پھر خوب کوٹ کر حبوب بنا کر بطور نسیال جنتر روغن کھینچیں اور بشرائط صدر عمل میں لاویں۔

روغن شب۔

پر حکیم مسیح الزماں خاں صاحب کہ حلق و اغلام و استرخاء قضیب کے واسطے آب حیات ہے۔ ص شپرک کلاں لاکر اس کا گوشت اور چربی اور مغز علیحدہ کریں۔ بعدہ خراطین زلوے کلاں بیر بہوٹی مغز سرکنجشک ہر ایک ڈیڑھ تولہ عاقرقرحا ایک تولہ قرنفل ۱۱ گنگنی سم الفار تیلیہ کبریت آملہ سار کچلہ سنبھالو چینی پوست کنیر سفید ہر ایک نوشادر بسباسہ جوز بوا گھونگچی سفید ہر ایک

یک تولہ حسب ایشر چھ ماشہ زردی بیضہ مرغ میں خوب حل کرکے کرتا تشی شیشی میں روغن نکالیں اور طلا کریں شرائط مذکورہ۔

روغن حیات:

تالیف سید نور اللہ تلمیذ علوی خاں صاحب ص کہ تقویت اعصاب قضیب میں لاجواب اور غیر علاج العلاج تک کو نافع ہے۔ چربی بشر چربی خوک صحرائی چربی غوک خشکی ہر ایک دو تولہ ہای روسو مغز سیموں یک عدد و مغز چہار ڈیک عدد حربائے کہنہ خرچنگ ہر ایک یک عدد گوشت گلوڑ دو عدد زردی بیضہ مرغ سات عدد دارچینی جوز بوا ہر تیلیہ ز ربیع مال گنگنی سیماب کبریت آملہ سار کچلہ گھونگچی سفید دو تولہ پیاز مرگس آدھ پاؤ پوست بیخ کنیر سفید آدھ پاؤ سم اسپ برادہ پانچ تولہ شب کو کوٹ کر حبوب بنائیں اور شیشی میں بطریق نسیال جنتر روغن نکال اور طلا کریں۔

روغن سنگ شکن:

تالیف مولانا بحر العلوم کہ تقویت اعصاب و قوت باہ و دفع قضیب حادث میں مستغنی الاوصاف ہے۔ ص برادہ قضیب نر گاؤ برادہ قضیب اسپ برادہ گرگ ہر ایک یک عدد چربی شیر تازہ چربی بام ہای ہر ایک یک تولہ چربی کبوتر صحرائی چربی بڑیا گل ہر ایک دو تولہ دارچینی قرنفل ۱۱ گنگنی تخم گندر تخم ترب بیٹھ تیلیہ بلادر تخم دھتورہ سیاہ بیخ سوہن خولنجان ہر ایک یک تولہ سم اسپ مشکی برادہ کردہ پانچ تولہ گوشت حربائے کہنہ یک عدد غوک کلاں یک عدد گھونگچی سرخ سفید پوست بیخ کنیر سفید بیخ پیپل بیر بہوٹی ہر ایک دو تولہ زہرہ مرغ زہرہ نر گاؤ

ہر ایک دو عدد خراطین بیس تولہ کچلہ جوز بوا مغز تخم کوہ پنج مغیدی پنجال کبوتر صحرا کی
کوئی کمجد سیاہ عاقر قرحا ہر ایک یک تولہ اگر غرقی آدھ پاؤ عود کوڑیہ پانچ تولہ
سب کو کوٹ کر زردی ہیضہ مرغ یا شیر مش میں حل کر کے جوب بنا کر روغن نکالیں
اور بشرائط مذکور ملا کریں۔

روغن کبوتر صحرائی :

مجرب مؤلف مغنی الباہ کہ محلوق و مغلم و مسترالاعصاب کے واسطے اکسیر
ہے۔ ص۔ ایک کبوتر صحرائی ذبح کریں اور پر اور پوست اور آلایش شکم کو
پاک کر کے اندر میں خراطین زلوے کلاں بیر بہوٹی مالکنگنی جند بیدستر مویز ترج کوہی
حلتیت زعفران عود قماری اگر غرقی لبسابسہ جوز بوا قرنفل فرفیون فلفل سیاہ
ہر ایک چار ماشہ مغز بید انجیر چار تولہ خوب باریک کوٹ کر اس کے شکم میں
بھر دیں اور بطریق پنال جنتر روغن نکالیں اور اس میں تین ماشہ مشک حل کر کے
یک سرخ بشرائط صدر ملا کیا کریں۔

روغن کبوتر صحرائی

مجرب مؤلف مغنی الباہ کہ محلوق و مغلم و مسترالاعصاب کے واسطے اکسیر ہے
ص ایک کبوتر صحرائی ذبح کریں اور پر اور پوست اور آلایش شکم کو پاک کر کے
اندر میں خراطین زلوے کلاں بیر بہوٹی مال مکنگنی جند بیدستر مویز ترج کوہی حلتیت زعفران
عود قماری اگر غرقی لبسابسہ جوز بوا قرنفل فرفیون فلفل سیاہ ہر ایک چار ماشہ
مغز بید انجیر چار تولہ خوب باریک کوٹ کر اس کے شکم میں بھر دیں اور بطریق
پنال جنتر روغن نکالیں اور اس میں تین ماشہ حل کر کے یک سرخ بشرائط

صدر ملا کیا کریں۔

روغن موم :

تالیف حکیم کبیر علی خان صاحب کہ تقویت اعصاب کے واسطے بیدیل ہے

ص۔ موم خالص خام پاؤ سیر نمک بھنا ہوا آدھ سیر ریتی بھونی ہوئی آدھ پاؤ سیماب
سم الفار بیر بہوٹی زلوی کلاں خراطین مالکنگنی حلتیت ہر ایک یک تولہ سب کو پیکر موم
میں ملا کر اوپر ریتی شریک کر کے جوب جنگلی بیر کے برابر بنائیں اور دو جیوں کے
منہ کو گھسکر گھسکر وصل کر کے کپڑا لپیٹ کر گل سنانی ایسی لگائے کہ ہوا نہ نکلے
پس سکھا کر ایک صراحی میں جوب بھر دیں اور دوسرے کی پیندے میں ترچھا سوراخ
کر کے ایک شیشہ کا نہ وصل کر کے چولہے پر رکھ کر روغن کھینچے اور کام میں لائیں
نہایت مجرب ہے۔

روغن سوسمار :

مجرب صاحب شافی العنین کہ تقویت اعصاب قضیب و رفع عنیت حادث
کے واسطے مجرب ہے۔ ص۔ سوسمار کلاں لا کر اس کا سر اور گوشت علیحدہ کریں
بعد سرگرس مغز سر کنجشک ہر ایک دو تولہ زنبور سرخ زلوے کلاں بیر بہوٹی خراطین
ہر ایک تین تولہ اگر غرقی پانچ تولہ عود کوڑیہ پانچ تولہ دار شیشعان پانچ تولہ
بچھناگ سیاہ دار فلفل کچلہ تخم ہلیلہ زرد تخم دستورہ سیاہ بیخ یاسمن خولنجان فرفیون
جاوشیر لبسابسہ مصطگی ردی ہر ایک یک تولہ سب کو اس قدر باریک کریں کہ قابل
جوب بنانے کے ہو جاویں پس روغن دار چینی روغن کبابہ روغن بلسان ہر
ایک دو تولہ ملا کر زردی ہیضہ مرغ شریک کر کے جوب بنائیں اور آتشی شیشی

میں روغن نکالیں بعدہ اوسی روغن میں جند بیدستر زعفران موتری کام میں لاویں۔

روغن عنظر مرکب :

تالیف حکیم باقر حسین کہ نہایت مقوی رسخی اعصاب اور سہل ہے۔ ص۔ عنظر اگر غرقی کہنہ عنظر روسہ عنظر ناگیسر روغن قرنفل بباسہ روغن کباب۔ روغن پنبہ دانہ روغن مال کنگنی روغن دارچینی روغن مسیلہ چھ ماشہ لوبان زعفران حلتیت جندبیدستر مشک خالص سو مبائے اصل قرنفل مصطگی روی ہر ایک تین ماشہ تین روز متواتر حل کرکے رکھ چھوڑیں اور دو ہفتہ ظلا کریں۔ پھر قدرت الٰہی کا مشاہدہ کریں۔

کمادات

کمادہ۔ تالیف حکیم ثناء اللہ کہ تقویت اعصاب و تسخین رطوبت کے واسطے مجرب ہے۔ ص مالکنگنی کنجد سیاہ حرمل خردل نارسیل کہنہ جوز بوا قرنفل مرمکی تخ عاقرقرحا ہر ایک دو تولہ پیسکر دو پوٹلیاں بناکر تابہ آہنی پرندرے روغن کنجد ڈال کر نیم گرم قنیب اور خانہ خصیتین اور بیون اور تخ ماں پر رو ساعت کامل تکمید کریں مگر ایسی جائے نشست رکھیں جو ہوائے سرد سے محفوظ ہوا اسطرح دو ہفتہ عمل میں لائیں اور بدست سے آب سرد اور غسل سے آب سرد سے اور ترشی اور حرکت کثیر اور جماع اور ہم وغم و تشویش و خجل سے اپنے کو محفوظ رکھیں اور غذائے مناسب مقوی اور مبہی اور دوائے مناسب بھی تناول کرتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیاب ہونگے۔

کماد۔ حکیم محمد گل کہ نہایت مقوی اعصاب قنیب ہے اور واسطے کمال مفید ہے۔ ص مونرج کوبی خراطین خشک فرفیون آبنہ ہلد مالکنگنی ناگیسر ہاون سیدہ لکڑی جاوشیر قرنفل بباسہ برادہ دندان فیل ہر ایک یک تولہ پوٹلیاں بناکر شربتی دیگچہ میں گرم کرکے اس میں ڈال کر دو ساعت تکمید کریں بعد ہفتہ تک مشیر الیہ مذکورہ صدر

کماد حکیم رضا علی خاں صاحب کہ مجلوق اور معلم کے واسطے بعد تنقید اعصاب کے مجرب ہے۔ ص دار شیشعاں تخ عاقرقرحا مغز بہی سپل وج ترکی مصطگی رومی بباسہ سم اسپ فلفل سیاہ برادہ دندان فیل موم خام جملہ مساوی پوٹلیاں بناکر پستور صدر دو ہفتہ مشیر الیہ مذکور تکمید کریں۔

کماد حکیم مرزا علی شریف کہ اشتخار اعصاب قنیب و تقویت باہ میں بعجیبی ہے۔ ص۔ اگر غرقی پانچ تولہ قرنفل دارچینی جوزبوا بباسہ کباب تخم ترب مالکنگنی ہر بوٹی زعفران برادہ دندان فیل بادنجان صحرائی موم خام ہر ایک دو تولہ پوٹلیاں بناکر بشرح صدر تکمید کریں۔

کماد حکیم سید الزماں صاحب کہ مجلوق عسر العلاج کے واسطے بعد تنقید اعصاب کے مجرب ہے۔ ص گردہ گوسفند دو عدد شیرگ یک عدد گوشت جربا ربک عدد مغز سان گاؤ دو تولہ خراطین زلوی خشک فرفیون مصطگی رومی ہر ایک یک تولہ سفید قرنفل بادنجان صحرائی ہر بوٹی ہر ایک چھ ماشہ سب کو کوٹ کر پوٹلیاں بناکر بہ آہنی پرندرے عنظر روسہ ڈال کر نیم گرم دو ساعت تکمید کریں اس علاج ہر روز تجدید کریں اور یک ہفتہ عمل میں لائیں۔

ہماری مطبوعات

پیارے نبیؐ پر پیاری کتابیں

- پیارے نبیؐ کی پیاری غذائیں
- پیارے نبیؐ کے پیارے آنسو
- پیارے نبیؐ کے پیارے اقوال
- پیارے نبیؐ کی پیاری مسکراہٹیں
- پیارے رسولؐ کی پیاری کہانیاں زیر طبع
- پیارے نبیؐ کے پیارے مشغلے ,,
- عظیم شخصیات کے عظیم اقوال

تقاریر کی کتب

- ایمانی تقریریں
- نورانی تقریریں
- عرفانی تقریریں
- قرآنی تقریریں
- تقریر کرنا سیکھئے
- عظیم مقررین

شاعری کی کتب

- ساغر کی شہکار غزلیں
- ساغر کی بہترین شاعری
- ساحر کی بہترین شاعری
- بابل کی دعائیں لیتی جا
- ساغر در زندان
- کلیات ساحر ہوشیارپوری
- کلیات ساغر صدیقی

مشتاق بک کارنر — اردو بازار لاہور